PLEASE DO NOT REMOVE
CARDS OR SLIPS FROM THIS POCKET

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY

PK 2198 S43Q3
Shah, Vajid 'Ali
Qamar-i mazmun

QAMAR MAẒMŪN

دیوانِ قمر مضمون

واجد علی شاہ اختر

PK
2198
S43 Q3

دیوان حضرت محمد علیشاه ثانی شاه اوده

مثنوی

درج دیوان هذه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دفتر اول از قصہ مضمون من تصنیفات حضرت سلطان عالم اعاد اللہ تعالی ملکہ و سلطنتہ دستنبو بہا وغیرہ

حمد خدای یکتا خالق ارض و سما صانع ذوالجلال قادر بیمثال

کرم کن جہاندار و واحد احد | خبیر و صمد خالق خال و خد
حمید و علیم و سمیع و بصیر | قدیم و کریم و بشیر و قدیر
وجود و عدم سی یہہ اثبات ہی | کہ دونوں کا خالق کوئی ذات ہی
رگِ گل سی ظاہر ہی تیرا بدن | چمن سی عیان ہی رخ انجمن

کھلی ہین ہر اک فرع سی سب اصول | گواہی بصارت کی دیتی ہین پھول

ہر اک برگ نسرین ہی تیرا گواہ | تجھی سجدہ کرتا ہی ہر پادشاہ

مہ و مہر کا دور دو مہر ہین | فلک درج اونکو کہو مہر ہین

یہہ دو مہر ہین آوراق نیلی پہ ہین | یہہ دو سکی اس طاق نیلی پہ ہین

تری وحدت پاک پر دال ہین | مہ و مہر خوش اقبال ہین

وہ یکتا ہی تو قادر بیہمال | ثمر کاہی تیری وحدت پہ دال

رخ و رنگ گلسی نمایان ہی تو | اسیرونکی غل سی نمایان ہی تو

اسیران غم کو چھڑاتا ہی تو | گرفتار ہم کو چھڑاتا ہی تو

دوائی دل دردمندان ہی تو | کبھی گریہ گل پہ خندان ہی تو

کری دیو افلاک کو قلعہ بند | پریسی نہ انسانکو پہنچی گزند

خزان دی گل کی نگہبان رہی | چمنکو بہارونکا ارمان رہی

رخ مہ پہ عاشق بنایا چکور — کیا دیدۂ مہر تیزبیں کور

کیا دنکو روشن شبونکو سیاہ — اندھیرے میں ظاہر کئی مہر و ماہ

رخ گلپہ بلبل کو شیدا کیا — خوش الوان پھولونکو پیدا کیا

کیا باغبانکی ذہانت کو تیز — سکھائی عدوونسی دلکو گریز

دئی گوش گلشن کو پھولونکی دُر — نمایاں ہوئی حلق بلبل میں سُر

ہوئی مختلف وضع ہر پھول کی — بیابانکو دی روشنی غول کی

درختونکا صحرا میں مسکن کیا — کہیں سیرگہ اور کہیں بن کیا

پھپھولونکو خارونسی بخشا تپاک — دل عاشقاں کر دیا چاک چاک

امیرونکو پل میں بنایا فقیر — فقیرونکی دلکو بنایا امیر

یہہ واحد پرستونکو رتبہ دیا — کہ دین محمدؐ میں پیدا کیا

## در نعت حضرت خیر البشر افسر فرق سپہر ہفت پیکر

رسول خوش مزاج صاحب معراج صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بہر نعت احمد ہی ہشیار ہو
قلم اب سنبھل کار پر کار ہو

رسول امم شافع خوشقدم
معزز مکرم خجستہ شیم

چمن زار وحدت کی فرع و اصول
گل باغ صنعت عبادت کی پھول

عدیم المثال و شفیع و کریم
نبوت کی دریا کے در یتیم

رفیع المکان شافع عاصیان
در بحر وحدت گل بوستان

کریم و رحیم و شجاع و دلیر
بہ غربت کبوتر بہ جنگاہ شیر

نبی رحیم و محمد بنام
علیہ الصلوٰۃ علیہ السلام

دوائی دل دردمندان غم
شفیع الامم شاہ گردون حشم

ثریا اک ادنیٰ سی آئینہ دار
ثری تا سما شاہ گردون وقار

در منقبت شیر کردگار حیدر کرار غیر فرار علی بن ابیطالب علیہ السلام

مؤدّب قلم ہو لکھی منقبت — اگر جھک کے تعظیم خادم صفت

وہ انگلی کہ جس سی لکھّن تیرا نام — وہ ہو کنگرہ عرش کا لا کلام

قلم جو تری وصف مین ہو نگون — وہ محراب کعبہ کا ہوئی ستون

نبی تختۂ مہر کاغذ کا رنگ — جو ہو شمع مضمون تو نقطی تپنگ

شبِ قدر پہ ہو سیاہی کا وہم — قلم کش پہ ہو پادشاہی کا وہم

قلمدانپہ کعبہ کا ہوئی گمان — دواتونپہ ظلمات کا ہو نشان

قلمدانکا پایہ ہو کرسی کی پاؤن — سرِ عرش کی ہوئی شاعرپہ چھاؤن

سیہ صوف ہو پوششِ بیت پاک — صدائی ملائک ہو روحی فداک

درِ اشکِ حورا ہو آبِ دوات — جو ہو فرد عالم ورق کائنات

شگافِ قلم بھی ہو شقّ القمر — زبان خامہ کی ہو لسان الخبر

سزاوارِ تختِ سما مرحبا — سرِ افسرِ ہل اتی مرحبا

خوشا وقت خرم ہی وہ روزگار
عیان جسمین ہو مدحِ دلدل سوار

دلا طبع کو جوشِ مستانہ ہی
یہہ مدحِ مسلسل پریخانہ ہی

زبانکو یہہ خواہش ہی مادح رہون
طبیعت مین ہی ولولہ کچھہ کہون

کل گوشِ سامع ہون دُر کی صدف
اوتر آئی نیچی مہ بی کلف

کرین وجد حورین ہر اک خلد مین
نبی نظمِ اختر در اک خلد مین

سربابِ روح الامین ہو قلم
در شہرِ جنت ہو نظمِ کرم

اوتر آئین افلاک سی مہر و ماہ
سنین جن و انس و پری نظمِ شاہ

وہ شہ جسکا افلاک کاشانہ ہی
زحل چشمِ بد کا سپندانہ ہی

رخِ مشتری جسپہ یکتا ہی روز
عطارد کا خامہ ہی مصباح سوز

سرِ زہرۂ چرخ ہی رقص پر
لچکتی ہی ناہید خوش کی کمر

سرِ سنبلہ نی سنبھالی ہین بال
خوشی سی ہی مریخ ہی لال لال

ہی جلادِ افلاک شمشیر کش — کہ ہو دشمنِ دین کو دہشت سی غش

رُخِ منقبت سی ملا اوسکو قوت — کشادہ دہن کیسی ہی بُرجِ حوت

حمل سی یہہ ہی حمل ای نامدآر — کہ بارِ ولائی علیؑ دی قرار

سرِ ثور سی کانپ ای برہمن — کہ آتا ہی وہ صفدرِ بُت شکن

علیؑ و نبیؐ ہین جو جوزا کی شکل — یہہ توام ہین جیسی ثُریّا کی شکل

اسد ہی یہہ برجِ اسد خیر کا — زمانہ ہی اس دستِ زرریز کا

اِسی سی ہی پایا شرف آفتاب — ہوا ہی مہ بی کلف آفتاب

عبادت کو اوٹہی جنابِ امیرؑ — پہرا چرخ گردانیہ مہرِ منیر

اوکہیڑا ہی خیبر کا در ہاتہہ سی — وہ صفدر ہی جیری سپر ہاتہہ سی

اوس اژدر کی کلّی کو دو کر دیا — حرامی حلالی کی میزان جو تہا

ندا ہاتفِ غیب نی دی وہان — کہ اب اسپہ موقوف ہی امتحان

| | |
|---|---|
| جو تمسی ہہ البس حرامی ہی وہ | جو شیعہ ہو پیر و حلالی ہی وہ |

عرض حال پر اضطرار از شاہِ دُلدُل سوار

امیر المومنین امام المتقین اسد اللہ الغالب غالب کل غالب
مطلوب لکل طالب مَظہر العجائب مُظہر الغرائب امیر البررہ
قاتل الکفرۃ الفجرہ امام المتقین یعسوب الدین امیر امم صاحب
سیف و قلم صفدر نامدار کرّار غیر فرّار فخر عرب و عجم افتخار اولاد بنی آدم
سرورِ کائنات مفتخر موجودات ملاذ الغربا معین الضعفا شفیع انام
وصی بلا فصل حضرت خیر الانام اعنی علی مرتضیٰ شیرِ خدا علیہ السلام

| | |
|---|---|
| امیرِ امم شافعِ عاصیان | ید اللہ شیرِ خدا نامدار |
| وزیرِ رسولِ خدائی کریم | تری نامسی ہی بدنکو قرار |
| یہہ کرتا ہون عرض ای شہِ دو جہان | کہ مین دین دُنیا مین ہون رستگار |

تری در پہ حاضر ہی نائب مرا | کرم مجہہ پہ کر شاہِ دلدل سوار
مجہی تندرست اور دلشاد کر | مری آئنی پہ نہ پہنچی غبار
جہکین مجہسی گردنِ کشان زمین | مجہی ہند کا پھر بنا تاجدار
درِ رزق مجہپر کشادہ رہی | معاند ہمیشہ رہین سوگوار
ترا مدح خوان ہون مین ای مرتضیٰ | تجہی سی ہی اُمید لیل و نہار
مصیبت سی مجہکو بچا دہر مین | تو مشکلکشا ہی علی نامدار
جبین وقفِ تعظیم کرتا ہون مین | لگی جائی صندل یہان کا غبار
عزیز و یگانہ رہین میری شاد | ہر اک کی مین آنکہونسی دیکہون بہار
زنان و ولد سب سلامت رہین | جو فرزند ہین میری ہون کامگار
شہا بیوطن ہون مین مظلوم ہون | کرون عرض مین کس تئی یہہ حال زار
معیّن جو ہی خرج کو شاہِ دین | کفایت نہین کرتا ای تاجدار

Abdul Salam Farooqee


جو قسمت مین آتا ہی زر ای سخی — تو پھر بعدِ تقسیم ای شہریار

پہنچتا نہین روز کی خرچ کو — لیا کرتا ہون قرض مین بار بار

چھڑاؤ مجھی قیدِ بیداد سی — کرو بحرِ عصیانسی بیڑیکو پار

نگہبانِ آدم رہی پشت مین — مسیحائی یونس رہی شہسوار

بچایا ہی طوفان مین نوح کو — ہوا جب وہ دریا مین کشتی سوار

خلیلِ خدا کو بچایا علی — ہوئی آگ ہی اوسپہ سب لالہ زار

چھڑایا ہی یوسف کو زندان سی — پھرا مہرِ چرخ ای مہِ نامدار

تمہین بوتراب اور مشکلکشا — بھلا کون ہی تمسا گردون وقار

تری تا سما ہی ضیائی جبین — ثریا اک ادنی سی آئینہ دار

بچا شرِ دنیا سی دی طولِ عمر — بلا روضہ پر صاحبِ ذوالفقار

کرو اس عرض سائل پہ تو دستخط — تری نام پر لاکھہ جانین نثار

## ذکر عنایات ربّ ذی المنن بر ایک مرد فاسق و توبہ شکن

کلینی جو تہی عالمون مین فقیہہ | وہ ذی علم تہی ہم سبہون مین فقیہہ
سند معتبر سی وہ کہتی ہین یون | یہ تذکرہ مین بہی بہتی ہین یون
روایت یہہ کرتی ہین وہ بایقین | کہ فرماتی ہین سیّد السّاجدین
سمندر مین اک شخص کشتی سوآ | مع اپنی زوجہ چلا نامدآ
ہوئی غرق کشتی سمندر مین جب | تو ڈوبی زن و مرد ہمراہی سب
مگر ایک تختی سی مثل حباب | لپٹ کر بچی وہ زن خوش خطاب
بنایا جو پانی کا بُلّا اوسے | جزیرہ مین موجون نی پہینکا اوسی
ملا اوس جزیرہ مین اک مرد بد | وہ ایسا تہا فاسق نہ تہی جسکی حد
بُرا تہا نہایت وہ اچّہا نہ تہا | کسی فسق سی وہ مُبرّا نہ تہا
پڑی جبکہ فاسق کی زن پر نظر | چُبہی دل مین جسطرح جسی نیشتر

کہا راہزن نی کہ ای رشکِ حور
تو ہی انس یا جن بتا ذیشعور

کہا اوسنی مین انس ہون ای جوان
چلا سُنتی ہی مثلِ اسپِ دوان

نہ مُہلت اوسی بات کرنیکی دی
نہ فرصت اوسی بات کرنیکی دی

جو قُربت کی نیّت سی لپٹا جوان
تو کانپی الم سی مہِ آسمان

کہا مردنی کیون تجھی ہی ہراس
وہ بولی خداوند ہی میری پاس

کیا رُخکو ربِّ جہان کی طرف
اشارہ کیا آسمان کی طرف

کہا مردنی ای زنِ نامدار
کبھی اور بھی ہی کیا ایسا کار

کہا زن نی اب رنج دہ چند ہی
مجھی عزّتِ حق کی سوگند ہے

مین واقف نہین ہون زنا سی کبھی
نہ ابتک ہوئی غیر سی مُلتجی

کہا مردنی کیون پشیمان ہی تو
خطا کچھ نہین تیری نادان ہی تو

مُسلّط ہو نہین ای زنِ نامدار
مرا تجھپہ ہی قبضۂ و اختیار

تو با وصف آسکی پریشان ہی — کیا کچھ نہین اور پشیمان ہی
سزاوار مجھکو ہی رشکِ پری — مجھی خوف سی چاہئی تھرتھری
یہہ کہکر کیا ترکِ فعلِ شنیع — نہ بولا پھر اوس زن سی مردِ رفیع
چلا اپنی گھر کو وہ با خوف و بیم — یہہ کہتا تہا بخشش ای خدائی رحیم
پشیمان تہا نیّت توبہ سے تہی — اسیطرحسی راہ اوسکی کٹی
ملا ایک راہب اوسی راہ مین — قِران ہوگیا شمس اور ماہ مین
ہوا راہ مین گرم جب آفتاب — تو راہب یہہ بولا کہ عالیجناب
دعا تم کرو ابر سایہ کری — بلند اس تمنّا کا پایہ کری
جوان نی کہا مین تو بدکار ہون — خدا جانتا ہی گنہگار ہون
نہین مجھسی صادر ہوا کارِ خیر — اوٹھایا نہ سر پر کوئی بارِ خیر
نہین میری جرأت کہ مانگون دعا — مگر ہی تمہارا بڑا مرتبا

تو بولا یہہ راہب کہ مجھسی سنو — دعا مین کرون اور تم آمین کہو

دعا کی جو راہب نی ای مہربان — وہین لفظ آمین بہی بولا جوان

ہوئی تہی نہ دونوا ہہی نا امید — کہ پیدا ہوا ایک ابر سفید

چلی اوسکی سایہ مین دونو وہان — جدا پہر جو ہونی لگی ناگہان

رہا دہوپ مین راہب خوشخصال — چلا سایہ مین وہ جوان نیکفال

تو راہب یہہ بولا کہ ای نیک خو — عمل مین بہی بہتر ہوا مجھسی تو

دعا ہوگئی جو تری مستجاب — کیا کونسا تونی کار ثواب

بتا کونسا کام تونی کیا — کہ تو مستحق عنایت ہوا

جوان نی کیا نقل قصہ وہ سب — تو بولا یہہ راہب کہ ای ذی نسب

کیا خوف حقسی جو ترک گناہ — خدانی وہ بخشا سن ای رشک ماہ

مگر سعی کر بعد ازین ای جوان — رہی تجہسی راضی خدای جہان

خداوندا علی اسی ہی سُنئے
گناہان اختر کو ہی بخش دے

رقعۂ شادی تولد قرۃ العین احمد مرزا محمد جمجاہ علی بہادر اطال اللہ
عُمرہ از جانب ملکۂ مُلک تاج النسا نواب معشوق محل صاحبہ

چل ای خامہ اسجا پہ تو سر کی بہل
ارے حمدِ رب ہی ذرا تو سنبہل

خدا رازق و صانع و ذوالجلال
خدا ناصر و قادر و باکمال

کر اب بعدِ حمدِ خُدای جہان
رقم نعتِ احمدؐ تو ای مدح خوان

رسُولِ الٰہ و حبیبِ خُدا
شہِ رہنما دوستِ کبریا

علیہ الصلوٰۃ علیہ السلام
شفیعِ اُمم مُرسلِ نیکنام

جو ہو مرحلہ نعت کا طی قلم
رہِ منقبت مین جما پہر قدم

علیؑ ولیِ شاہِ گردون مقام
امامِ جہان شافعِ خاص و عام

دلم از تولای او مہر باد — ز عشقش رخ جان پر چہر باد

پس از حمد و نعت و رخ منقبت — کروں پادشاہ جہاں کی صفت

سزاوار تاج و نگین جہان — وہ سلطان عالم رئیس زمان

عطا پھر کری او سکو رب کریم — حکومت ریاست بفضل عمیم

مین زوجہ ہون وس صاحب جود کی — توقع مین تہی روز مسعود کی

خدانی دکہایا ہی مجکو یہہ دن — تمنا مین تہی سب جوان و مسن

شہنشاہ عالم سی خوشخواہ نی — ضیا کسب کی مہر سی ماہ نی

گہر سی ثمر یہہ عنایت ہوا — قمر سی قمر یہہ عنایت ہوا

قرا احمدی حسن ہی اسی گلو — یہہ جمجاہی ہی جام خوش میکشو

طلوع قمر کی چہٹی آج ہے — رخ شمس کے برتری آج ہی

یہہ شہزادہ شاہ جمجاہ ہی — یہہ جمجاہ خود رو کش ماہ ہی

مری لطن سی یہ تولد ہوا — خوشی اسکی ہر گھر مین ہی جا بجا

ہوا ملکۂ ملک پر یہہ کرم — خدا نی ہی بخشا مہ پر حشم

خدا طول عمر اوسکو ہر آن دی — عدو ہو جو اسکا تو وہ جان دی

نظارت یہ ہی باغ عالم زیاد — نہ سمجھو یہہ تعریف کچھہ کم زیاد

ہر اکسو سی آتی ہی بوی لطیف — گلون نی اوتاری لباس کثیف

زر گلسی گلشن بہی زردا رہی — تو سیم گلستانسی انبار ہی

کرین بلبلین یہ وغن گل سی میل — کہ چوٹی مین ڈالینگی پہولونکا تیل

جو ہین چشم نرگسمین ڈوری عیان — تو وہ پوست کی ڈوری ہین ہیگمان

یہہ لالہ کا عالم ہی رنگین ہے — گلستانکا جلوہ خوش آئین ہی

ہر اک سرو استادہ ہی رقص کو — اوڑاتی ہی بلبل وہ تانین سنو

سدا جہومتی مین درختان مست — نہ گلچین کو ہی خوف روز الست

بس اب وقت خوش ہین تم ای صبا جو
مری گھر ہو مہمان مجھی خوش کرو

مجھی ہلکی تاری دکھاؤ ذرا
نکالون جو سب دل کا مین حوصلا

مری بزم ہو رشکِ بزمِ قمر
مرا گھر ہو خوشبو برنگِ اگر

جو سلطانِ عالم ہو آکر شریک
تبادو نمین تاری ابہی ٹہیک ٹہیک

مہِ عیش یاران پُر از رنگ باد
دل دُشمنان زیرِ ہر سنگ باد

## رقعہ متضمن طلب مہمانان بتقریب چھٹی قمرا احمد مرزا محمد سجاد علی بہادر
## از جانب نواب نشاط محلصاحبہ

زبانِ قلم کر ادا حمدِ رب
جو کہوی غم و رنج و حُزن و تعب

پس از حمد کر نعتِ احمد رقم
محمد رسول و شفیعِ امم

رقم منقبت کر پس از نعتِ پاک
علی شافع و شاہ روحی فداک

گرامی ملکہ مہر تن اب بیان — ظہور خوشی کی سنا داستان
یہہ ہی عرض اب اپنی احباب سی — کہ چشم خوشی وا کرین خواب سی
شب دوم عیش شاہ ربیع — جو ثانی ہی مشہور ماہ ربیع
چہٹی شاہزادی کی لیجاوینگی — مین اس شب مین تمکو بہی بلواونگی
قمر احمد اور وہ جو جمجاہ ہی — گل باغ پور شہنشاہ ہی
جو ہین ملکہ ملک عالی وقار — ہی اونکی صدف کا در شاہوار
اٹہی اوسی دی بہت طور نعم — صدوسی جہانتک ہی معمول عمر
مین اوس دن کرونگی تمہین میہمان — مری ساتہہ چلنا چہٹی مین وہان
گل باغ خوبی کہلاؤنگی مین — زچا کو بہی تاری دکہاونگی مین
فلک کو بناؤنگی تخت طلا — مہ و مہر کو طاس حمام کا
کواکب کو بندہن مین باندہونگی مین — چہٹی شاہزادی کی اب دونگی مین

منگا شاہانہ عیش و لطف و طرب
خوشی سی مین سلجھاونگی زلفِ شب

یہ ہندسی لونگی افواج مین
جلو مین کرونگی روان آج مین

یہہ دلمین ہی تم بہی جو ہمراہ ہو
تو خوش جان مری حسب دلخواہ ہو

یہی آرزو ہی یہی ہی امید
کہ ہر شب شبِ عیش ہو روز عید

## مثنوی عاشقانہ متضمّن
## روداد معشوق

چراگاہِ دل پر لگا ایک تیر
ہنسا دامِ صیّاد مین گوشہ گیر

نیستانِ دلمین ہنسا شیر نر
گلستانِ الفت مین ہوا لا ثمر

محبّت نی رنگین کیا باغ کو
اوبہارا رخِ لالہ نی داغ کو

محبّت کی آندہی نی جہنوکا دیا
پریرونی سایہ پرونکا دیا

طبیعت نی پیدا کیا تر دماغ
رخ خشک بلبل سی تپائی زاغ

اُٹھا رنگ جمنی لگا دہر مین | دہوئین اوڑ گئی آہ کی شہر مین
سیاہی نی شنجرف کو دہو دیا | معانی نی مضمون کو کہو دیا
سزاوارِ غم جانِ غمگین ہوئی | سزائی مصیبت بدآئین ہوئی
اودبسی چلا دل سوئی شہرِ آز | ہوا آزرو حرص ہمراہِ ناز
بسہ داغ کہل کہل کی لالہ ہوئی | چمن موتیونکا نوالہ ہوئی
گلون نی کیا زعفرانی لباس | چمن کا ہوا ارغوانی لباس
کیا رشک بلبل نی انداز پر | اڑین عندلیبین اس آواز پر
سرِ روی بلبل کو افسر بلا | کسی گم شدہ کو نیا گہر بلا
سجاوٹ نی معشوق تازہ دیا | لگاوٹ نی اندازِ زیبا کیا
اٹھتر ۷۸ ہوئی بارہ ۱۲ سو پر جو سن | یکم تو رجب کی کہلا یہ چمن
محل ہی جو نامی جہانکی پناہ | پناہ جہان ہی وہ اک شکِ ماہ

ہوا جبکہ اختر کا اوسکا ورود ۔ نمایاں ہوا ایک نوری عمود

کہ وہ طاقِ افلاک پر ماہ تہا ۔ و یا خاورِ رُتبہ و جاہ تہا

گرہ ابرو و نمین کُشادہ جبین ۔ پریرو صنم کُش غضب نازنین

کجِ ابرو ہلالِ فلک یا حُسام ۔ وہ بینی کہ جسکا جگر مین مقام

وہ آنکھین کہ صیاد دیکہا کری ۔ وہ چتون کہ ہونٹ اپنی چاٹا کری

وہ لب جس سی شیر و شکر ریخ پائین ۔ وہ نتھنین کہ جوزا کو وحدت دکہائین

ادب اوسکی رفتار سی آشکار ۔ چہلاوہ بہی پہرتی سی ہو شرمسا

سر و رو و مژگان و چشم و عذا ۔ قمر تیر بادام کعبہ بہار

اندہیرا اوجالا رُخ و زُلف سی ۔ قمر خورد و بالا رُخ و زُلف سی

شکمِ ناف کوثر کا سوتا ملا ۔ دہن لولوی خوش پروتا ملا

لبِ لعل با آب و تاب و بہا ۔ شکر ریزہ بیٹہی برنگِ ہزار

ادا بانکپن مین نمایان ہوئی | ہر اک بات رشک گلستان ہوئی
وہ مہتاب چہرہ جب آئی نظر | لگی کرنی پرخاش ناقص جگر
ادا سی جو ہنستی چلی راہ مین | نہ طاقت رہی رونیکی آہ مین
لچک کر گلوری جو موںہہ مین دبائی | وہین جان راقم کی بہی سنسنائی
کہلنڈرا اپنا جب کیا آشکار | تو مرغ دل و جان ہوا جہٹ شکار
وہ رخسار بجلی کی مانند تہی | وہ آنکہین بہی چہرے پہ دوڑتی تہی
ہوا جب دل زار راقم شکار | کلیجہ پکڑ کر کہا دلسی یار
یہہ اچھی نہین تیری گستاخیان | کہا پہر مین ظالم یہہ بیباکیان
بہلا پہلی اسکا تجسس تو کر | نہ رکہتی ہو یہہ اور تازہ ثمر
نہ اس گل کا بلبل ہو کوئی عدو | نہو کوئی گلچین جو ہو تند خو
نظر تہی نہ شرعا جو اسپر حلال | تو راقم کو اسکا ہوا غم کمال

سنبھل کر جو نظرونکو نیچا کیا
زمین دیکھکر دلکو رُوکا کیا

فلک سی کہا واہ ای چرخِ دُون
یہہ ہی مہرِ زہرہ کا پہلا شگون

جو اظہارِ حال اوسکا ہرجا بکیا
بہونے یہہ آپسمین چرچا کیا

کہ ای شاہ شوہر ہی اسکا وزیر
لقب میرزا رکہا ہی دلپذیر

یہہ سُنکر رہا رنج سی دلکو تہام
کہا اونسی تہے جو مدار المہام

لِسان ہی جو سلطانکی محمود نام
کیا اونسی چُہپکر یہہ مینی کلام

کہ آفت یہہ تازہ جگر پر پڑے
نظر طورِ سینا سی جاکر لڑے

کسی طاق نی جُفت کہیلا ہی آج
چلا ہاتہہ سی اب ہمارا مزاج

کیا اونسی وعدہ کہ ای شاہِ پاک
وہ دیگا طلاق اسکو رُوحی فداک

چہارم رجب کے ہوئی جبکہ یاں
کیا واقعہ اسطرح آشکاں

وہ یکشنبہ تہا ای مہِ نامدار
کہ زُہرہ کا طالع ہوا تابدار

جو محمود دولہ کا تھا واسطا ‏ غلط یہہ سخن اوسنی ظاہر کیا

کہ ہی حاملہ وہ پری بار وار ‏ ہنوا گوش زد یہہ سخن جبکہ یاں

بہ باطن نہایت ہوا مین ملول ‏ بظاہر کہا ہی شجر بی اصول

اگر حاملہ ہی وہ رشک پری ‏ کریگا مری کون اب دلبری

ستم چرخ نی یہہ نرالا کیا ‏ رخ زخم الفت کو آلا کیا

دیانت سی دولہ اگر مین ملاؤن ‏ تو نام ایک صاحبکا تجھکو سناؤن

مری خانہ زاد و نمین ہی وہ جوان ‏ وہ واقف تہا اس راز سی مہربان

اوسی ہی کیا مینی اسمین شریک ‏ کہا تو خبر لا کی دی ٹہیک ٹہیک

یہہ کی عرض اوسنی کہ ای بادشاہ ‏ عجب ہیچ والہ ہنا خیر خواہ

سراسر یہہ بہتان ہی بی اصول ‏ نہون آپ کچھہ ایک ذرہ ملول

کیا ہی یہہ اوسپر بڑا افترا ‏ کہا جسنی یہہ امر بیجا کہا

ہوا جسسی معلوم ای مہربان
کیا ہیچ والی نی ناحق بیان

کیا مینی شکر خدای جہان
خوشی ہوگئی ایک اوس سی عیان

وہ شوہر ہی اوسکا نہایت علیل
نہین اوسکی جینی کی کوئی سبیل

سنا ہی کہ رکہتا ہی دو بیبیان
یہہ ہی زوجہ دومی مہربان

بظاہر ہی اس سی نہین ہی تپاک
بہ باطن وہ خود ہو رہا ہی ہلاک

ہوا طول امراض سی اب یہہ حال
کہ ہی زندگی اوسکو اکدم وبال

یہہ قصہ بہی اکدن ہوا گوشزد
ہوا حال معلوم سب نیک و بد

نہ ممنوعہ اوسکی نہ منکوحہ ہی
فقط آشنائی سی ہی ایک شی

کفالت وہ کرتی ہی خود اسکی آپ
اسی سی بظاہر ہوا ہی ملاپ

وہ راضی بہی ہی اوسکی خود ترک پر
یہہ پہنچی ہی مجکو کہین سی خبر

وہ زن بہی مخاطب ہی میر لطف
وہ مائل ہی مجہپر بہ بی کلف

جو راستم پہ ہوئیگا فضلِ خدا | لکھونگا وہ سب حال مین برملا

ابہی تک تو وصلت کی صورت نہین
کہین مین ہون وہ نازنین ہی کہین

## کتبہا الملک الیٰ ملکۃ الملک

ترا قہ ملیحہ نمکبیز جان
تری جان پر ہو علیکی امان

سلونی سنو لیا پریزاد حور
مری عشق کا کچھہ نہین ہی قصور

تری دل کا عالم ہی ربِ علیم
کرم کُن ہی مجھہ پر خدائی کریم

جو انکی باتین ہمین یاد ہین
ہمین صید ہین آپ صیّاد ہین

مُقر اپنی مونہہ سی ہوئین تہین جو تم
قسم کہائی تہی جسسی ہین ہوش گُم

قسم وہ مٹا دون تو جھوٹی ہو جان
جو سچ ہی تو کچھہ اور ہی ہی گمان

نہین کچھہ بہی اپنی کئی کا علاج
زمانہ ہوا طول بدلا مزاج

مُداوای دردِ جگر اب کہاں
وہ اگلا سا نفع و ضرر اب کہاں

جو سودای الفت ہی اب خام ہی
ترا پختہ کاری یہی نام ہی

شب و روز ہی یہہ تردد مجھی
نفس کی ہی سُنّم آمد و شد مجھی

خدا حافظ و ناصر و یار باد
سرت بھر افسر سزاوار باد

## مثنوی عُذریّہ بنام نواب ملکۂ ستیمن صاحبہ

مرصّع نگار و بُتِ خوشجمال
یہ مصرِ الفت فرشتہ خصال

سزاوار تاج و نگینِ کرم
بجود و سخا آستینِ کرم

سرو ہمسرِ شاہدانِ حسین
قمر رنگ خوش سرو جوانِ حسین

پریچہرہ شمسِ سمائی ادب
قمر طلعتا مہر رُخ خوش لقب

ضیائی شب افروز رخسار ہوں
یہہ رخسار خوش رشکِ گلزار ہوں

سنو ملکۂ سیمتن سیمبر جان ۔ سناؤن تمہین مین نئی داستان

ہماری طلب مین جو تمنے لکہا ہی خط ۔ ہوا اوسکی دیکہی سے کچہہ غم غلط

جواب اوسکا لکہتا ہون مین ای نگار ۔ کہ گرمی کا ہی عذر لیل و نہار

شہور ایسی ہی جو برہم مزاج ۔ دوا کی ہمین ہو گئی احتیاج

یہہ عالم ہی انکا ای ذی شعور ۔ کہ دانا کی دانائیمین ہی فتور

بھری ہین شہور ایسی ایلیتین ۔ شب و روز لمحہ نہین دلکو چین

ہوائی بدا و سپر جو سنتا ہون مین ۔ وہین شعلہ سان سر کو دہنتا ہون مین

فراسی نکلتا نہین جائی تنگ ۔ طبیعت سے جاتی رہی ہی امنگ

اسد منزل سعد مین روز و شب ۔ بسر کرتا ہون ای مہ خوش لقب

ملاقات کرنا جو منظور ہو ۔ کوئی بات کرنا جو منظور ہو

یہین آئین جب دلمین آئی بلا ۔ مجہی او رجا پر بلائین نہ آپ

خدایا تو هر دم و را یار باد
گل عارضت رشک گلزار باد

## مثنوی اشتیاقیہ و امتناع ورود نازنین و اقرار داد مکابرائی ان ملکین

تمنای دلدادۂ خستہ تن
چراغ چمن ملکۂ سیمتن

مقدر سی گذرا عجب اتفاق
هوا جوش زن آج بحر فراق

یہی لہر آئی کہا یون دلا
لپٹنی گلی سیمتن کی ذرا

مگر تابش مہر مانع ہوئی
ضیائی پرِ پچھہر مانع ہوئی

بلانیکا جب قصد مینی کیا
وہی راہزن مہر مانع ہوا

کہا گلسا چہرہ نہ کرنا کبود
ہنو د ہو یمین سیمتن کا ورود

لب لعل اوسکی جو کمہلائینگی
تو سب تشنگی کا مزا پائینگی

پھر اوسوقت ہوگا تیرا دل کباب
جلیگا مری طرح ای ماہتاب

سُنا مہر کا مینی جب یہہ کلام | تماز تسی جہنکر دیا یہہ پیام
کہ یہہ نظم بادِ صبا لی شتاب | مری یار کو دیکی لی آ جواب
یہہ تہی گفتگو درمیان ناگہان | ترا خط یہی آپہنچا ای جانِ جان
وہین دلنی ہنسکر دیا یہہ جواب | اثر نی محبت کی کہولا یہہ باب
چو خیزد ز دل بر دل آید ضرور | ہوا شاد اس خط سی ای رشکِ حور
اوسی وقت مینی اوٹہا کر قلم | لکہا حال دل اور کیا یون رقم
بعونِ عنایاتِ پروردگار | بفضلِ خداوندِ لیل و نہار
ابہی تک تو اچّہا ہون ای خوش گلو | بہت آج دلمین ہی ہون روبرو
یقین ہی اگر ابر مدرار ہو | تو اختر ہی آنی پہ تیّار ہو
سرای پریزاد تصویر ہے | یک و نیم مہ کی فقط دیر ہی
تک و دو وہی ہر دم کہ پنجائی جلد | وہ گُل اس چمنمین کہین آ ہی جلد

بس اگی ہی اب اشتیاقِ کلام
سخن مختصر کر بس ای نیکنام

مہِ حُسن ہر رُوز پر نور باد
ضیائی جمالت رُخِ حور باد

## لفافۂ خط نوّاب ملکۂ سیمتن صاحبہ

جو ہی ملکۂ سیمتن خوشخرام
پریچہرہ گلزار وش نیکنام

انامل سی اوس یارِ طنّاز کی
لفافی کی ٹکڑی ہون انداز سی

## جواب نامۂ نوّاب اختر پیاری صاحبہ

مہِ مصر خوشرو عزیزِ جہان
چراغِ چمن بلبلِ بوستان

ہلالِ فلک ماہِ انجم نشان
ضیائی قمر مہرِ چرخِ بہار

رُخِ شہد و شکر لبِ نازنین
سمنبر پری عشوہ خو پاکدین

سرافراز خوشبخت گلرو چمن
مہیا کن برگ و بارِ سمن

سرِ تاجِ بلقیس حورا نژاد | مکلّل با کلیلِ شاہانہ باد
شکر بیز نازک ادا مہرو | شریرہ ریزہ خوش مرتبہ نیکخو
سزاوارِ الفت محبت نمط | تری نامسی ہوتی ہین غم غلط
بہارِ گلستانِ عشوہ گری | جبیبہ جلیسہ حسینہ پری
خود آرائی و خود نمائی پہ بن | یہہ ہین لونڈیان تیری اے گلبدن
چلن غمزہ نخرا ادب ناز لطف | محبت سخاوت خدا ساز لطف
یہہ آٹھون ہین اے مہ تمہاری غلام | نثارِ قدم باد عشوہ مدام
تو محبوبہ سلطانکی ہی اے پری | ملی بحر کو تجھسی اک برتری
وہ نوّاب اختر پیاری ہی تو | یہہ ثابت ہوا بس ہماری ہی تو
جو معصومہ بیگم ہوا نامِ نیک | نظر آیا سو نامدارون مین ایک
گلِ باغِ الفت پُر از رنگ باد | سرِ دشمنانت تہِ سنگ باد

ہوا کل کی دن میرا طالع بلند ہوا اخترِ اوجِ اختر دوچند

شکایت بھرا نامۂ خوش بیان پُر از شکوۂ دہر و رنجِ جہان

مری پاس پہنچا سُن اِی لالہ فام ہوا شرمسی سر نگون جامِ کام

نہ سوجھا مجھی کچھہ جوابِ پری لیا سر پہ مینی عتابِ پری

مگر میری تقصیر کیا اِی کریم مری رازِ دل سی خدا ہی علیم

مخاطب کیا تمکو کر نیکنام بُرا کیا تھا اِی ماہِ گردون مقام

سراسر فقط میری تقریر تھی نہ القاب کی اوسمین تحریر تھی

یہہ القاب پیارا تھا اِی دلربا قلم کو اوٹھا کر یہہ تھا لکھدیا

خدا نی نبی کو مُزمل کہا عجب رمز ہی سُن اسی مہ لقا

کس القاب سی خالقِ بی نیاز محمدؐ سی فرماتا ہی اپنی راز

نہ تحقیر اسمین نبیؐ کی ہوئی ہوا بلکہ اک چونچلا منجلی

ہم اوسکی ہین بندی سن ای نیکنام ۔ جو کی رمز کیا بد ہوا کچھ کلام

مگر مغز در کار ہی میری جان ۔ سمجھنی کو لازم ہی مغزِ جہان

مخلّع کئی گر نہ مینی عزیز ۔ نہ اس امر سی ہین ہوا بی تمیز

جو تنخواہ مین ہو گئی کم پچاس ۔ تو طعنہ دیا ہو گئین تم اوداس

دیا چار سو کا جو طعنہ مجھی ۔ مری گھٹ گئی سب بڑہی حوصلی

کہ دیوا دای ماہِ چرخِ کرم ۔ تپا تمکو دیتی ہین اسوقت ہم

جو ہم قلعہ مین تھی ہوئی گوشہ گیر ۔ وہان رسمِ نامہ ہوئی دلپذیر

لکھا تھا یہہ ہمنی سن ای ماہوش ۔ کہ اب تیری فرقت سی آتی ہین غش

جو کچھ مانگنا ہو وہ تو مانگ لی ۔ عوض اوسکی خوش ہو کی دل اپنا دی

خفا تم ہوئین تھین اس انداز سی ۔ لکھا تھا جواب اوسکا اک ناز سی

یہہ فقری او نہین دو جو طمّاع ہون ۔ مین طامع نہین صاف ہو شمع جون

مین بہوگی فقط تیری الفتکی ہون ۔ مین جویا تمہاری محبت کی ہون
دیا مینی ای جانِ جان یہہ جواب ۔ کہ اب آزمائش کا ہوگا حساب
سو الحمد للہ مطلب ملا ۔ جو کچہہ عہدِ خوش تہا وہ پورا ہوا
فقط اس لئی آزماتی تہی یار ۔ کہ شکوی کا آئی تو لفظ ایکبار
دوم یہہ کہ تم خوب ہو جانتے ۔ جو تنخواہ دارونکی صورت ہوئے
کری کیا جو دینا رہو ئی نہ پاس ۔ بجا ہی بجا مجہکو خوف و ہراس
سوم یہہ محبت کا اک ناز تہا ۔ سو وہ ناز بہی رفع اب ہو چکا
جو آنیکی بارہ مین تمنی لکہا ۔ تم آئین تہین بیشبہہ اک مرتبا
مری آنیکی ہی یہہ کیفیت آب ۔ کہ رہتا ہی ہر روز رنج و تعب
اودہر سی جو نکلا تہا مین ایک روز ۔ مکان تیرا پایا نہ ای دلفروز
وگرنہ مین آتا وہان بہی ضرور ۔ یہہ ہی راہبر کا سراسر قصور

مگر آجکل پر سوون انشاالله — ضرور آئیگا تیری گهر پادشاه
طبیعت نه خوش هو تو ناچار هی — نهین میری آمد کی تیار هی
جواب پریرو رکها طاق پر — کهلی میری محراب الفتمین پر
مین گهبرا گیا ان جوابات سی — هوا بند مونهه میرا هر بات سی
مری شاعری گرگری هوگئی — که مطلب هی کی شاعری هوگئی
سنبهالون پروبال خامه ذرا — کری عندلیب قلم چهچها
سر بریر قلم هو شراب غنا — دبیر صنم هو خطاب غنا
وه هون زمزمی طائر فکر کی — که خوشی قلم مین لگین ذکر کی
وه کاغذ کا تخته هو جیسی گلاب — دوات سیه تابکی هو شراب
خیال رخ سرخ مین هو جنون — نکل آئی منهه سی هی رنگ خون
سر زلف معصومه کا هو خیال — شب قدر سی هو همارا وصال

طپنچی ہوں ابرو کی پاپوش پہ بہیک — گدا مہر ہو مانگی در در پہ بہیک

تری رخ سی شرمندہ ہو نسترن — کہلی تیری رخ سی گل یاسمن

تری گال کا ہوئی گلشن کیہ چاند — ہرا ابرو سی تیری مہ نو ہو ماند

تری طرز بینی پہ لگو ہو فدا — وہ انگشت جو راہی یا لام لا

وہ پلکین نہین نشتر تیز ہین — وہ ڈوری نہین ڈپہ مہمیز ہین

وہ بینی ہی یا شمع بزم حسین — قمر طلعتا تو تو ہی مہ جبین

لوین ہین وہ کانو نکی یا برگ تر — سمن قد سمن رو پری سیمبر

قد سرو شمشاد کو کاٹ دی — جو اندہا کنوان ہو اوسی پاٹ دی

جو باغی ہو اس سرو سی بل کری — تو یہہ خوش خرامو نمین بلچل کری

تری دانت دیکہی اگر ماہتاب — تو موہ نہہ بند ہو کچہہ نہ سوجہی جواب

تری حسن ذاتی سی روشن ہی چاند — تری مہر عارض سی ہی چاند ماند

تری قمقمونسی تجھی ہین چراغ
تری چہاتیونسی ہی مہ داغ داغ

تری دوشہائی مدّورسی یار
شگفتہ ہوئی ہین چمن مین انار

تری زانووپاؤرفتارسی
سخن سی پسینی سی گفتارسی

خوروکبک وطوطی وموسی تہکی
گہٹی شاعرونکی بہی سب حوصلی

خصوص اختر زار تہک تہک گیا
خداجانی کیا ہجر مین بک گیا

اری ای پریزاد بہرِ خدا
بھلانا نہ دلسی ہے مجھی تو ذرا

یہہ کلکتہ ہی بیوفاؤنکی کان
کہامان شکوہ نکر میریجان

ہمین تجھسی الفت ہی ای ماہ خو
کہینگی اگر ہونگی ہم روبرو

سرِ زلف مارِ سیہ تاب باد
دلِ دشمنان از نظر آب باد

## جواب نامۂ نوّاب دل آباد بیگم صاحبہ

مہِ چرخِ شوکت سہیلِ فلک | رہی تا قیامت تمہاری چمک

عجب حال ہی جانِ ناساز کا | مرض جیسی نخچہ ہی شہباز کا

یہہ گنجشکِ دل ہو رہا ہی ضعیف | کہ شاہینِ غمنی بنایا نخیف

مرض زور پہ ہی بواسیر کا | تعب کاٹ کرتا ہی شمشیر کا

سحر سی سحر تک تڑپتا ہون روز | نہین بجھتی یہہ آتشِ خانہ سوز

ہی شرعِ بواسیر مین خون حلال | یہہ حرمت مرض کی ہی جای ملال

یہہ عالم ہی اس دردِ موذیکا یار | بدنکو نہین ایک پل ہی قرار

کبھی سر بہ زانو کبھی سر بدست | کبھی پہلو مین تکیۂ غم پہ ست

کبھی دستِ حسرت بہم با الم | کبھی جانِ لاغر پہ اعضا ستم

مین کرتا ہون اُف اُف ہر اک صبح و شام | دیا چپ کسی سی نہین کچھ کلام

وہ آنکھین دکھاتا ہی دوئی مرض | عدو وہ مرا مین عدوی مرض

ہوئی دُو مہینی کہ ای پارسا
نہین گندم و گوشت لب آشنا

بواسیر بہی ہی اک انگشت دان
جلاتا ہی سُورجکو اسکا دہوان

بدن ریگِ ماہی کی مانند ہی
یہہ بیتابی ہوش آورِ رند ہی

لپک اور تپک افعیِ پیچدار
مَوادِ سیہ دُم ہنا زہرِ مار

تمدُّد کہچاوٹ شرائین کی
نظر جہیپ جاتی ہی پر بین کی

وہ عنقائی غفلت ہی مجکو پسند
ہُما بنگیا طالعِ دردمند

جو استادہ ہون تو نہین ہی قرار
جو بیٹہا تو دلکو تڑپ ای نگار

جو لیٹون تو بیچین اوس سی سوا
جو تڑپون تو طاقت نہین ہی ذرا

جو خاموش ہون تو او لہجتا ہی جی
جو سیدہا چلا رہرو مین کجی

جو چلاؤن الفاظ ہون مہملات
جو چُپ ہون تو کہتا ہون کی کرکوئی بات

دل آباد بیگم خُدا کی قسم
ہی بی شائبہ مرتضیٰ کی قسم

جو ویرانی مین جاؤن بزم آئی یاد
جو ہو انجمن پر نہ آئی مُراد

شہ ہفت کشور سی بہتر صحیح
دُعا تم کرو ہو یہہ اختر صحیح

## جوابِ رقعۂ نواب جہانگیر بیگم صاحبہ

جہانگیر بیگم سرِ تخت و تاج
نہین اَچھا رہتا ہمارا مزاج

بواسیر کی ہی شدت بہت
ہی مدّت سی مجکو مصیبت بہت

کسی وقت راحت نہین جانکو
سمجھتا ہون جنگل گلستانکو

نشیمن ہی میرا سرِ خارِ غم
مسیحا کا طالب ہی بیمارِ غم

کبھی اشک ریزی کبھی آہ آہ
کبھی شدتِ درد حالت تباہ

کبھی اتحادِ مُصیبت غضب
کبھی سوزشِ زخمِ فرقت غضب

دوا و دُعا رات دن صبح و شام
نہین کرتا دُو دُو پہر مین کلام

ہوئی عارضِ سُرخ زرد اسقدر
وہ ہی اشتدادِ مرضِ میرجان
تڑپتی ہین قلب و جگر رنجسی
جلاتا ہی شُعلہ بو اسیر کا

رگِ گُلکا ہی جلد پر نیشتر
زبانِ دواسی سُنا الامان
ملین کاکُلین افعیِ گنج سی
پیک کام کرتی ہی شمشیر کا

رُخِ حُسن یارب تروتازہ باد
جمالت برُوئے چمن غازہ باد

## درجوابِ شاعریکہ مائل تخلُّص داشت

ای بُلبُلِ باغِ تر زبانان
ای برگِ گُلِ درختِ مضمون
ای شاعرِ نوسخن خدارا
وہ مانگتا ہی نہین جو ہم مین

ای آتشِ مطبخ حسنیان
ای لیلیِ شاعریکا مجنون
اندازِ سخن نی تیری مارا
آئینگی کبھی نہ تیری دم مین

مین آپ اسیرِ زلفِ شب ہون — مین قیدیِ روزِ پر تعب ہون
مین صیدِ نگاہِ دلبری ہون — مین کشتۂ تیغِ بی پری ہون
مین طعمۂ زاغِ ہجر و غم ہون — مین بستۂ گیسوئی الم ہون
مین سینۂ شاہبازِ آفت — مین صیدِ ادا و نازِ آفت
مین قمریِ سروِ خستہ حالی — مین شاخِ درختِ بی کمالی
مین جیغۂ تاجِ رنج و آلام — مین کنگرۂ مکانِ گمنام
مین خاکِ درِ عدم پرستی — دریوزہ گرِ مقامِ ہستی
مین کاسۂ دستِ بینوایان — مین سائلِ کوچۂ گدایان
مین تیغِ میانِ کشتہ جانان — مین سرمۂ پائی خستہ حالان
مین خاک نشینِ گوشۂ غم — کیون کہتا ہی مجکو جانِ عالم
سلطانی ہو حسن کو مبارک — دیوانہ ہون عشقمین مین بیشک

کب قابل صحبت خوشی ہون — کب لائق طرز دوستی ہون

ہون مثل گہر ہمیشہ تشنا — با آب ہون اوسپہ ہون پیاسا

جسطرح صدف مین ہو گہر خشک — اسطرحسی ہو مین بشتیر خشک

کیون مائل طرز شاہ ہی تو — وارفتۂ یک نگاہ ہی تو

یہہ بہی تو سمجہہ کہ کون ہون مین — کیا تجہکو صلائی مدح دون مین

یا تیری ہو قابل ای سخنگو — یا اپنی موافق ای خوش ابرو

لائق جو تری ہی کم ہی مائل — جو چاہئی مجہکو ہی وہ مشکل

خاموشی ہی اس سخن مین بہتر — خود جانتا ہی یہہ رمز اختر

مائل سی کہو کہ یاد حق کر — بیہودہ نہ تو بکا کر اختر

## در جواب نوٹ خاقان محلصاحبہ

ای سرو ریاض نیکنامی — ای رونق باغ خوشکلامی

ای گلبنِ نو بہارِ عالم — ای مونسہ پاکبازِ ہمدم

خاقان محل ہی نامِ نامی — دلسی ہی ہنڑہ کی تو گرامی

اللہ تجہی رکہی سلامت — برسی ہر روز آب و صلت

پہنچا جو نمیقۂ خوش آئین — خوش ہو گئی پڑہ کی جانِ غمگین

منظور ہوئی تمہین جو قربت — معلوم ہوئی وہ ہمکو صورت

اللہ تمہین مدام رکہی — اور عشق مین نیکنام رکہی

ایجا بجہان بربِ اعلا — بر آئی ہماری سب تمنا

دوری نی تری تہا مار ڈالا — ہر داغِ جگر تہا میرا آلا

بہر آیا وہ مرہم خوشی سی — لکہا جو جواب تمنی جی سی

انشا اللہ ای سمنبر — بلواتا ہی جلد تمکو اختر

بوسی بہی نمی جبہی مین لونگا — جب تجہکو مکان پاس دونگا

بلواؤنگا آٹھہ دنمین تمکو ‏ ہی میری دُعا کہ وصلِ مہ ہو

جسوقت ہمارہی پاس آنا ‏ بیساختہ تُم سے گلے لگانا

تیّار مکان ہو رہا ہے ‏ اب آپکا میرا سامنا ہے

دیکھین کسی ہی محبّتِ دل ‏ ہی جان وجگر سی کون مائل

بڑہ بڑہکی ہی کون پیار کرتا ‏ اور کون ہی دل نثار کرتا

یاد آتی ہی وصل کی اگر رات ‏ برساتی ہی آنسو جیسی برسات

لڑکی کو مری سے گلے لگانا ‏ مسعود ہوا وسکا گھر مین آنا

حُسنت سرِ مہرِ خاوری باد

در بحرِ جمال برتری باد

در جوابِ نوّاب شہزادہ بیگم صاحبہ

ای مایۂ حُسن و ناز و خوبی ‏ ای مجمعِ عشق و راز و خوبی

بلقیسِ سبا و تاجِ عالم — ای مونسہ نیکبخت ہمدم
نامہ آیا عتاب آمیز — اور سوزشِ جسم ہوگئی تیز
بہتانِ صریح مجھپہ باندھا — یہہ باندھنو تمنی کس سی سیکھا
دُونو نسی ہین ھم نہ پہ جانی — کی تمنی ہماری میہمانی
صدمہ دیا دلکو جان مارا — اختر کا مٹا دیا ستارا
اک لحظہ کو تم نہ پاس آئین — یہہ الفتین کچھہ نہ راس آئین
طعنہ اولٹا مجھی نہ دیجے — کچھہ ہوش و حواس مول لیجے
کب منع کیا تہا ای پریزاد — کب آنیکو روکا کیجیے یاد
جسوقت حسینی خانم آئی — آنیکا وہ کلمہ لب پہ لائی
فی الفور دیا یہہ حکم اوسکو — ہم راضی ہین آو جلد آو
برعکس کیا یہہ اوسنی اظہار — ای وای نصیبِ عاشقِ زار

وہ موردِ طعن و جُرم ہی یار — جسنی کیا یہہ خلاف اُظہار

ہم عاشقِ صادق آپکی ہین — سو جانسی لائق آپکی ہین

جسنی کیا تمسی یہہ بہانا — اُلفت کو نہ اوسنی خاک جانا

ایجانِ جہان و جانِ سلطان — ای مہر قد و نگار و جانان

تُہمت ہی یہہ مجہپہ جُہوٹ پیارے — بیجا ہین تمہاری وہم سارے

ہان شکوۂ عشق مین کرونگا — اِلزام تمہاری سر دہرونگا

جب آتا ہون تم نہین ہوتے — اور دُور سی باتین ہو بناتے

آغوش مین جبکہ آئی گا — کیا تحفۂ عشق لائی گا

تحقیق کرو بُلا کی جانے — کسنی نہ تمہاری قدر جانے

آگاہ نہ ہوئی جسسی انسان — تُہمت نہ رکھو تم اوسپہ ہر آن

اب ختم ہی ای نگارنامہ — ہر شعر ہی ایک کارنامہ

تم راضی ہو جب تو مین بھی ہون شاد
اللہ ہمیشہ رکھے آباد

حسنت سر چرخ برتری باد
اختر رخ حسن خاوری باد

## در جواب نواب اکلیل محل صاحبہ

ای مہر سپہر کامگاری
ای حسن عروس بختیاری

ای لعل لب و خجستہ اطوار
شیرین دہن و نگار و ابرار

من بعد مذاق ہمکنارے
ممتاز جہان سنو ہمارے

دو نامۂ شوق ہمکو پہنچے
پر حسرت و ذوق ہمکو پہنچے

ہم دام بلا مین پھنس گئی ہین
اس تنگ قبا مین پھنس گئی ہین

ہی جوہر کے موتی لعل نامرد
لیویگا قسم وہ مجھسی بیدرد

ہوئیگا وکیل اوسکا ہمراہ
اور ہونگی اجنٹ سامنی شاہ

مجھسی قسم عظام لینگی ۔ ہندو کی لئی یہہ کام لینگی

اور مجھکو قسم خدا کی واللہ ۔ جھوٹا ہی وہ راست گو ہون مین شاہ

تھرّاتا ہون مثل بید تھر تھر ۔ رعشہ ہی ہر ایک مو کو یکسر

سلطانکا مدّعی ہوا ہی ۔ اک جوہری طرفہ ماجرا ہی

ناحق پہ وہ حق پہ ہون مین واللہ ۔ وہ چور ہی اور مین شہنشاہ

دعوی یہہ کیا ہی اوسنی یکسر ۔ خود مجھسی خریدتی ہین اختر

کسکو یہہ یقین ہی یا گمان ہی ۔ کب دعوی کذب یہہ عیان ہی

دلّال سی مین خریدون اسباب ۔ آگاہ ہین اس سی شیخ اور شاب

ہر حکم ہی کار کن پہ ہوتا ۔ کب تخم خوشی ہی غیر بوتا

اک مرتبہ لکھہ چکا قلم سی ۔ اور کر چکا نفی مین قسم سی

خود پیش اجنٹ لکھہ چکا ہون ۔ جو لکھدیا اب بہی کہہ رہا ہون

میرا ہی وکیل مستعد ہی | ناحق ناحق یہہ مجھسی ضد ہی
خود لکھتی ہین مکولاٹ صاحب | ہین کام وکالتا مناسب
ذیشان ہو تم نہین ہی درکار | خود محکمہ مین نجائی سرکار
ہان ہوئی وکیل سب جگہہ پر | اوسجا پہ نہین ہی کار اختر
نی میرا وکیل مانتا ہی | سچا نہ اجنٹ جانتا ہی
کہتا ہی کہ سامنی چلو نگا | خود پیش نگہہ قسم کو لونگا
گو مین نہ گیا کچہری | پر محکمہ ہو چکا کچہری ہی
پر یہہ ہی نقیض حکم اول | افسوس کہ ایک مرد مہمل
اسطرح ستائی راست گو کو | ششدر رہون ہیانپہ ای حبیبو
ثانی وہ مسیح دین جو تہا اور | لندن مین وکیل راقم جور
اونسنی ہی وہ انسی کچہہ ہی لکہا | شاہد مجھی اوسمین ہی بنایا

مین جانتا ہی نہین کہ کیا ہی — کیا امر ہی اور کیا لکھا ہی
لاکن ہی یہہ پیش رُوبکاری — اب فضل کری جناب باری
قالب سی ہی رُوح سخت عاری — ہر موجِ نفس ہی اک کٹاری
ہر مرتبہ بحرِ غم مین ہون غرق — ہر آہِ جگر ہی جان کو برق
تقدیر ہی واہ ری مُقدّر — ہی جوہری کو خیالِ اختر
لیتا ہی قسم سگِ بداطوار — شہبازِ نگاہِ ناز سے یار
ہندو ہی رقیبِ شاہِ شاہان — ہی جوہری مُدّعیِ سُلطان
ای آہ فلک کو خاک کر دی — دامانِ مُحیط چاک کر دی
ای گُنبدِ نیلگون اولٹ جا — ای سینۂ ارض جلد پھٹ جا
ای بحرِ الم اُبل جہان مین — اندھیر ہی صحنِ گُلستان مین
ای آہِ غریب چل ہوا ہو — ای ناوکِ داد بادپا ہو

ای اخترِ زار ہو نہ بیہوش
دیکھا ہی بصیرنی بہی خاموش

## درجوابِ نوّاب منصور محل صاحبہ

ای مایۂ جانِ زارِ عاشق
صبرِ دلِ بیقرارِ عاشق

گلگونۂ عارضِ تمنّا
خوشبخت پری ہلال آسا

ای بادہ کشِ خمِ عروسی
ہونٹھونکو ہی شوقِ پابوسی

ای رُو کشِ لعل غیرتِ گل
ای گُلشنِ ناز کی بُلبُل

ای مہرِ سپہرِ ناز و انداز
ای طوطیِ شکّرین خوش آواز

ای زُہرۂ آسمانِ خوبی
ناہیدِ فلک نشانِ خوبی

منصور محل ہمارئی یہ
اللہ رکہی تُمھارا جلوہ

من بعد مذاقِ ہمکناری
گوشِ دلسی سُنو ہماری

تحریر تمہاری ایگل تر — پہنچی ہی حضور شاہ اختر

احوال جو تہا کہلا وہ ہم پر — چورونکا جو غلغلہ تہا یکسر

تم زوجۂ شاہ ای پریزاد — وہ چور ہین تم ہو رشک شمشاد

چوری جو کریگا شہ کی گہر مین — کچہہ خبط ہی ہوگا اوسکی سر مین

ہوگا وہ جہان بہر مین رسوا — دیویگا خدا تمہین پہر و اپنا

انشاء اللہ بعد چہلم — چورونکی بہی ہوش ہوینگی گم

دن عید شجاع کا جو ہوگا — پہٹ جائیگا پیٹ مدعی کا

ہی وہ جو مکان پر انسا گر — آؤگی وہانپہ تم مقرر

ذرات بعیش کاٹ دیگی — بوسی بہم تمہاری لینگی

جاؤگی کہان یہانسی ایجان — یہہ گوئی ہی اور یہی ہی میدان

تیار ہین اوسکی ہو نمین مصروف — ذرات مدد نہین ہی موقوف

بارشکی سبب سی ای سیمنبر ‏ ‏ استرکاری نہین ہی باہر
پڑتا ہی جو پانی اوسپہ دونا ‏ ‏ بہ جاتا ہی میری جان چونا
جب ہوئیگی رفع بارش ابر ‏ ‏ کب آئیگا بی درستی کی صبر
تا موسم برشگال پیاری ‏ ‏ تنہائی سی ہے وصال پیاری
جب آئیگا میری جان زمستان ‏ ‏ ہوئیگا وصال یار جانان
اس بیچمین ای نگار خوشرو ‏ ‏ گھبرانا نہ اپنی دلمین کچھ تو
خود آؤنگا گاہ گاہ گھر مین ‏ ‏ رکھونگا قدم تمہاری در مین
ای مونس و محرم دل افروز ‏ ‏ مجکو بہی ہی اشتیاق نوروز
دن کونسا آئیگا خدایا ‏ ‏ ہوئیگی ہماری پاس شیدا
آئیگا وہ دن بہی جب مبارک ‏ ‏ دلوائینگی نذر تمسی بیشک
گونڈہی بہی کروگی حاضر ہی ‏ ‏ مجلس بہی کروگی دل لگی ہی

کیا کیا نہ اوڑتے تھے لن ترانی
کیا شور مچا ئینگے جوانی

ای مرہمِ داغِ جانِ اختر
سچ ہی سچ ہی ہیہ وہم خوشتر

آتا ہی تو ہی وہ دن پیاری
آئینگی قدم یہان تمہاری

ای نامۂ شوق اوڑ کی جانا
جلد ہی جوابِ یار لانا

ای جذبۂ عشق چل ہوا ہو
ای خنگِ تلاش سیخپا ہو

چل چل ہوسِ تلاشِ اختر
پہنچا دی ہیہ نامہ یار کی گہر

صرصر ہو فراقِ ناگہانی
گلشن مین کہلی گلِ جوانی

مشتاق ہین جو سین ہو تہہ پیاسی
کہہ سکتی نہین ہین کچہ حیا سی

جو دلمین ہی تپہ ہو گا روشن
حسرت ہی مجہی چراغِ گلشن

فرقت ہی تری بلا سی بدتر
ہر آہ ہی جان دلکو خنجر

کہتا ہی جگر کا دود لب کو
بوسو نسی کرون کبو دلب کو

آنکھونکو ہی شوقِ دیدِ بانازِ
کانونکو ہی اشتیاقِ آواز

دلکو بہی کچہہ آرزو ہی
گفتار مین ذائقہ بہرا ہی

شہرگ کو ہی شوقِ ہمکناری
اعضا پہ ہی عشقِ یار طاری

حافظ رہین چارہ[١٤] دہ ائمہ
اس کلمی پہ بس کیا تتمہ

## خوابِ مبارک

سن لی اس ماجری کو نیک سیر
سن ہین اس سال بارہ سو ستر[١٢٧٠]

ایکدن قبل تہا جہان افروز
ایکدن بعد پہر ہوا نوروز

تہا تنزّل پہ جب کمالِ شمس
ہو چکا جسگہڑی زوالِ شمس

بعدِ ظہرین جب کیا آرام
جاگا اوسوقت بختِ خوش انجام

یعنی سوتےمین خواب یہہ دیکہا
سچّا پایا جواب یہہ دیکہا

دیکھتا کیا ہون خواب کی اندر — سچ سمجھہ اسکو ای خجستہ سیر

چھوٹا سن ہی ہمارا طفلی ہی — عہدِ طفلی ہی کی ہی ہر اک شی

باپ عالیجناب جیتی ہین — شاہِ غفران مآب جیتی ہین

ہمپہ دُہوکا ہوا ہی جدرا کا — ہی بزرگونکو وہم حُصبا کا

بسکہ اس عارضی مین ہی دستور — اوس سی رہتی ہین سب احبّا دُور

اس لئی اک مکان دیا تہا — کہ وہان مین تہا اور خادم تہا

پیش ازین وہ مکان دبستان تہا — میری پڑہنی کا قصرِ ذیشان تہا

پر اب اوسمین ہمارا مطبخ ہی — اور کہانیکی پکتی ہی ہر شئے

الغرض مین مکانمین ہون مہجور — دُہوکا چیچک کا سب مین ہی مشہور

درحقیقت نہین ذرا چیچک — پر گلی مین ہی درد کی سی چمک

درد سی ہون گلی کی مین بیتاب — کچھہ سوا درد کی نہین ہی حساب

اوس مکانمین بہت ہون گہبراتا — والدہ کا خیال ہے آتا

درد گردنسی ہون تگدر مین — پاس سی دیکہتا ہون ہردر مین

جب نکچہ بن پڑی مجہی تدبیر — کہ دکہائیگی کیا مجہی تقدیر

آخرش موم کو کیا جوڑا — اور گلی پر اوسی وہین باندہا

موم کی باندہتی ہی درد تہما — جئیسی بالکل نہ درد تہا اصلا

اب یہہ دیکہا کہ مین جوان ہوا — موم وہ خفظ کا نشان ہوا

مثل ہیکل ہوا وہ موم گلو — شاخ مین جسطرح گل خوشبو

اب مکان بہی وہ ہوگیا معدوم — عہد طفلی بہی اب ہی نا معلوم

اب سمجہتا ہون مین کہ ہون سلطان — نہ کہلا مجہکو کچہہ وہ سرّ نہان

اک خوشی بہی وہین ہوئی دلمین — العرض آیا عشق منزل مین

ملی مجکو دیانت الدولا — مجہی دینی لگی وہ دلسی دعا

اور کہنی لگی کہ شاہِ جہان
کیا گلیمین تمہاری ہی قربان

موم اسطرحسی حمائل تہا
لمعۂ کوہِ طور کا دل تھا

اب یہہ مین دیکھتا ہون اے یاران
کہ مہیا ہین جشن کی سامان

باجی والی کہڑی ہین سب ہر سو
پلٹنین ہی جمی ہین رو برو

باجی والون نی جب سلامی لی
اپنی عہد مین نیک نامی لی

اسمین طرفہ مزا نظر آیا
مین قہاقہ کی ماری گہبرایا

ایک طنبورچی جو تہا بد ذات
اوسنی طنبور سی یہہ کی اک گہات

آلۂ نسل سی کیا ٹکڑی
ساری طنبور کی پرخچی اوڑی

پادشہ منزل اسمین ہی جو مکان
اوسمین داخل ہوئی ہم اے یاران

دیکھی کیا ہین اوس مکان مین ہم
کہ عزیزِ گذشتہ ہین باہم

میری مریم مکانی دادی ہی
بیٹھی ہین قصر مین بجلوہ گری

اور یہی ہین عزیز سب وسمین — بزم ماتم بپا ہی اب وسمین

اور ہین دو قصر چین ابرک کی — کہ نہ دیکھی ہون آنکھہ نی سنی

ہین بلند یہین تین گز سی زیادہ — اور چوڑائی کچھہ نہین ہی زیادہ

سبز و سرخ او سپہ ہی وہ مینا کا — جیسی خلد برین کی ہو دیوار

نصب ہین گنبد ونپہ اونکی تاج — سیم و زر کی ہی کان اونکی خراج

روشنی اونپہ گہری گہری ہی — اک روپہلی ہی اک سنہری ہی

پاس جا کر کھڑا ہوا مین جب — صنعتین اونکی دیکھتا تہا سب

ناگہان تاج اک چلا فی الفور — میری سر پر وہ آگیا فی الفور

پھر ہوا نصب جا کی گنبد پہ — گوش زہرہ مین جسطرح گوہر

دوسری بار دوسرا آیا — اوس سی بہی فال نیک کو پایا

بلکہ یکبار آئی دونو تاج — ہوگیا پھر تو اپنا اور مزاج

یہہ یہ القا ہوا مری دل کو
یعنی واجد علی بس اب خوش ہو

ہے تابوتِ پاک شاہِ امیر
تونی رکھا جو تاج با توقیر

یہہ اوسی کا صلہ ہی دونون تاج
جو عنایت کئی ہین تجھکو آج

پھر مجھی اسکی ہوگئی شادی
یعنی ہین فاطمہ مری دادی

وہ جو مریم مکانی تہین اندر
اب ہین وہ فاطمہ برہنہ سر

اور امامِ حسین بہی ہین وہان
بازوؤنپر ہین میری زر و رکنان

باطناً مجھمین اونکی ہی طاقت
مجھمین در آئی ہین بھر صورت

الغرض مرثیہ شروع ہوا
مینی اپنا کہا ہوا وہ پڑھا

شورِ رقت بہت بلند ہوا
شہِ خاور بہی غم پسند ہوا

فاطمہ عین گریہ مین بولین
پہولونکی کلیان اسطرح کہولین

یعنی شبیر سی مخاطب ہو
بولین اسطرح فاطمہ رو رو

رونی والونکو دیکھتی ہو تم — ایسی روتی ہین ہوش تک گم ہین

اتنے مین بولی شاہ پاک جہان — رونی والونکو دیکھون کیا امان

علی اکبر کو رو رہی ہین ہم — ہمسی بیٹی کا رنج ہی ہمدم

مجھی فرصت نہین ہی رونیسی — دم شماری ہی جان کھونی بہی

لفظ یہہ سنتی ہی ہوا ماتم — ہوا تازہ حسین پاک کا غم

آنکھہ میری جو کہل گئی یاران — دیکھتا ہون وہی مکان وہان

پر مین روتا ہوا اوٹھا جو ملول — دلسی منی کہا دعا ہی قبول

پھر اختر دعا کرو اسدم — دفع ہوون اسکی جتنی ہوئین غم

اور مرادین دلی ہی بر آئین — خبرین خوش ہی جلد تر آئین

بطفیل علی خجستہ خصال — ہو فزون عمر و دولت و اقبال

حق تعالی دعا قبول کری — سب مطالب دلی حصول کری

صاحب الامراب جہاد کرین | جلد عرضی پہ میری صاد کرین

رقعہ متضمن طلب مہمانان بتقریب چھٹی تاج آرا نواب صبیۃ السلطان بیگم صاحبہ طول عمرہا از جانب شہزادہ محل نواب گیہان بیگم صاحبہ

بعد تحمید خالق داور | اور نعت رسول نیک سیر
منقبت بحیدر و صفدر | فائدہ مند ہی برائی بشر
مدحت یازدہ امام ہدی | بہر ایمان ہی ای دل دانا
ذکر فضل شہ ابو المنصور | سب پہ واجب ہی قبل ذکر سرور
للہ الحمد ای یگانہ و خویش | ذکر مطلب مین اب نہین پس و پیش
چل رہی ہی عجب ہوائی سرور | کلبۂ عیش ہی یہہ جائی سرور
خانۂ دلمین استراحت ہی | بزم رقص و غنا کی حالت ہی
عندلیبین ترانہ گاتی ہین | قمریان سرو کو رجہاتی ہین

تال دیتا ہی پاؤنسی شمشاد — رقص کرتا ہی ہر دلِ آزاد

سُرخ پیراہنِ گلستان ہی — دہنِ گلسی باغ خندان ہی

گلِ شبّو ہی بینیِ گلشن — گلِ نرگس بنا ہی چشمِ چمن

سیوتی ہی مسی لبونکی لئی — لالہ ہی نازہ پرورونکی لئی

گلِ چنپا ہی گوشِ شاہدِ باغ — پرتوِ نور سی سفید ہین زاغ

لالۂ تر ہی سُرخیِ پان ہی — عطر افشان گلونکا دامان ہی

صحنِ سلطانخانۂ پُرزیب — باعثِ فرحِ قلب و بہرِ شکیب

چاندنیکا گلونپہ عالم ہے — نکہتِ مشکبیز ہر دم ہے

جمع ہین گرد مہ جبین طنّاز — چہڑ رہی ہین ہر اک روش پہ ساز

ٹُبلی سارنگیان نکہاوج سُر — گوشِ زہرہ مین کوُٹتی ہین دُر

چہلین ہین جابجا برائی خوشی — آرہی ہی عجب صدائی خوشی

تاج آرا صبیۃ السلطان ہوئین پیدا خوشی کا ہی سامان

طول عمر اوسکو حق تعالی دی ساغر عیش دوستونکو پلی

بنت سلطان ہی شاہزادہ ہی چھٹی کرنیکا اب ارادہ ہی

سہرا تارونکا مین بناؤنگی نجم سیارہ گوندہ لاؤنگی

ثابت اس سی ہی جہان صبا خوشی کر رہی ہون جو مین بیان خوشی

جبکہ تاریخ ہوگی سترہوین ١٧ مین دکھاؤنگی جشن کا آئین

اس چھٹی مین تمہین بلاؤنگی رقص عیش و خوشی دکھاؤنگی

گرچہ ہوگی شریک جشن و سرور بار منت سی ہونگی مین مسرور

رقعہ متضمن طلب مہمانان بتقریب چھٹی تاج آرا نواب صبیۃ السلطان بیگم صاحبہ طول عمرہا از جانب نواب ادر السلطان منتظم السلطنت ذو الفقار الدولہ شمشیر الملک

# سید سجاد علی خان بہادر تیغ جنگ

نائب شہ برادر سلطان — جان نثار و رفیق شاہ شہان

عرض کرتا ہی بعد حمد خدا — نعت احمد رسول ہر دو سرا

منقبت بعد نعت سرور دین — مدحت یازدہ امام حسین

خطبۂ شاہ ہند جان جہان — ہی جو سلطان عالم ذیشان

تختۂ گلبہ طرفہ جو بن ہے — مسند خضر صحن گلشن ہے

بلبلین چہچہاتی ہین ہر سو — آب شبنم ہی صاف او خوشبو

نخلدان ہین عجب صفا پرور — سنگ جیتی ہین جسجلہہ مرمر

صحن گلشن ہی لطف سی دریا — ہی روان موج گل سی فوارا

آہوان چمن لپکتی ہین — موتیا موتیسی ٹپکتی ہین

خوش عذاران لکھنؤ مین شاد — آئی مونہہ مانگی سبکی دلکی مراد

یعنی از فضلِ ایزدِ غفار
پہیلی بوئی نسیمِ عطرِ بہار

تاج آرا صبیتہ السلطان
بنتِ سلطانِ عالمِ ذیشان

ہوئین پیدا جو اس گلستان مین
موتی آئی گلونکی دامان مین

مجہی عیش و خوشی زیادہ ہی
مین چہٹی ڈون ہی یہی رادہ ہی

کی تقرر جو مینی ستر ہوین
یہی تاریخ ہی بہار قرین

ہو گیا سب یہ فضلِ ربِ و حید
مجہی تم سب سی ہی یہی امید

چلو ہمراہ اس چہٹی کی سب
بخدا ہوئیگی بہار عجب

کرو یہہ التجا ہماری قبول
از برائی علیؑ و آلِ رسولؐ

تمسی خوش شاہِ خوش بیان ہونگی
سب محلات بہی یہان ہونگی

دی نہ سجاد اس بیانکو طول
عرض ہوئیگی سب تری مقبول

## اظہارِ حال از نواب ملکۂ سیمتین صاحبہ

ای شفاؤ دوائی بیماران ‏— ملکۂ سیمتین مرے خواہان
مومیائی ہو دل شکستونکی ‏— ہوس و ہوش می پرستونکی
عقربِ ہجر کی ہو تم تریاق ‏— نیشِ آفت ہی فرقتِ مشتاق
نخلخہ ہو مشامِ سوختہ کا ‏— مرہمِ زخمِ تیر دوختہ کا
غازہ آرائی چہرۂ لیلی ‏— عزّت افزائی چہرۂ لیلی
ای حنابندِ خونِ عاشقِ زار ‏— دام اندازِ بلبلِ ناچار
پُر توانا دلونکی پینی مین ‏— سب سی دانا دلونکی پینسی مین
صاحبِ من عجب تماشا ہی ‏— کسنی غمکا مرض تراشا ہی
تہا تہارے گہر مین یہہ مفتون ‏— تمنی دیکہا تہا میرا حالِ زبون
اوس سی ؤہ چند ہی مرض میرا ‏— فوجِ اندوہ نی مجہی گہیرا

وحشتِ دل زیادہ ہوتی ہے ‏ ‏ چشم بادل کیطرح روتی ہے

سر بہ زانو ہون دردسی ایجان ‏ ‏ شب سی رہتا ہون تا سحر گریان

نہ ملاقات بہاتی ہی مجھکو ‏ ‏ نہ کوئی بات بہاتی ہی مجھکو

ایسی عالم مین کیا بلاؤنگا ‏ ‏ مین ہی انشاالله آؤنگا

پھول کیطرح سی رہی دلشاد

وصلِ اختر ترا مبارکباد

## القابِ معشوقانہ

جنسِ ارزانِ حسن و رعنائی ‏ ‏ قیمتِ جنسِ عشق و زیبائی

تمتو جادو زبان ہو عشوہ فروش ‏ ‏ سحر تقریر تیغِ حسن بدوش

قلب کے روح میری جسم کی جان ‏ ‏ مین تمہارا ہون وصلکا خواہان

اپنی طالب کی تمتو ہو مطلوب ‏ ‏ جان و دلسی زیادہ ہو مرغوب

فیض بخشِ جہانِ خوبی ہو | تاجِ سقفِ مکانِ خوبی ہو
محرمِ رازِ دل ہو دلجو ہو | یارِ جانی ہو نیک و خوشخو ہو
کشورِ حسن کی ضیا ہو تم | مونسِ روحِ بیریا ہو تم
دلِ بسمل کا بہی قرار ہو تم | واہ معشوقِ پربہار ہو تم
مونسِ روحِ یارِ جانی ہو | مجمعِ فیض و قدردانی ہو
گرمیِ شمعِ مہرِ حسن و جمال | رونقِ روئی ماہ لطف و کمال
ہو عدیم المثال معشوقہ | تمتو ہو خوشجمال معشوقہ
حسن و شوخی مین دلفریب ہو جان | باغمین تم چمن کی زیب ہو جان
اجی معشوقِ پربہار ہو تم | عاشقونکی گلی کی ہار ہو تم
عاشقونکی ہو جان روحِ روان | دل و جانا من تری قربان
صدفِ اشتیاق کی گوہر | حسن مجموعۂ رخِ خوشتر

رشکِ مہرِ سپہرِ ماہِ کرم　　خوش ادا مہ لقا مری ہمدم

وصل کی شب جگانی والی ہو　　نیند سی تم اوٹھانی والی ہو

ای شرابِ خوشی کی متوالی　　دلکی باتونکی جانی والی

بی بدل خوش عمل گلستان ہو　　افسرِ فرقِ ماہرویان ہو

ای سمن بو تلذذِ جسمی　　باعثِ شادمانی و مستی

رہبرِ گلرخانِ عالم ہو　　رونقِ بزمِ جانِ عالم ہو

خوشتر و نیکبخت محرمِ راز　　نیک رو کامران و خوش آواز

ساکنِ دل ہو میری مطلوبہ　　میری معشوقہ میری محبوبہ

جانجان مایۂ سرور ہو تم　　آدمی ہو پری ہو حور ہو تم

تم ہو خاتونِ عصر ریحان گوش　　خوش قرینہ ہو لالہ رو گلپوش

تمتو میری سرورِ سینہ ہو　　اجی تم یارِ خوش قرینہ ہو

ای ملک خصلت و جوان حسین
ای پری پیکر و نگارِ حسین

بات تیری ہی انگبین ای یار
قصرِ دلمین ہی تو مکین ای یار

آستین جامۂ کرم کے ہو
شوخ طنّاز تم ستم کی ہو

یار و معشوقِ پاکدین ہو تم
تنِ عاشق مین دل نشین ہو تم

تم ہو دُرِّ ثمین مین گوشہ گزین
تم سمنبر ہو یارِ خوش آئین

دوستِ جاودانی ہو واقف
شبِ وصلت کی ہو تمھین کاشف

رازہائی نھانی تُمسی ہین
لطفِ عُشّاق جانی تُمسی ہین

مجمعِ خوبی و بھار ہو تم
اپنی عاشق کی رازدار ہو تم

مہرِ تابان حبیب گلرخسار
آئینہ رُخ ہی زُلف مُشکِ تتار

جانِ جان یارِ دلنواز ہو تم
صُورتِ دستِ کارساز ہو تم

عنبرین مُو ہو مشک بو ہو تم
یارِ خوشرنگ و نیکخو ہو تم

ای دلارام دلرُبا گلفام
بدرِ رُخسار و ماہِ سیم اندام

ہو جدی آسمانِ حسن کی تم
آفتابِ فلک کی ہوش ہین گم

قوتِ دل ہو راحتِ جان ہو
تم ملک ہو پری ہو انسان ہو

تمنو تاری سمائی حسن کی ہو
تمنو باشندی جائی حسن کی ہو

تمنو بدرِ منیر حسن مین ہو
جان تم بی نظیر حسن مین ہو

ختم ہی تمپہ یہہ خوش اسلوبی
فکرِ مداح بحر مین ڈوبی

اجی محبوبِ خوش مزاج ہو تم
شوخ چشمونکی سر کی تاج ہو تم

راحتِ جان و روحِ خوشتر ہو
باغ دلمین گلِ معطر ہو

با مزا ہو جمیلہ ہو نازک
خوش ادا ہو حسینہ ہو نازک

خوش قدم ہو مسیح دم تم ہو
منبعِ حسن ذی کرم تم ہو

مہرِ عالم فروز حورِ جہان
جانی پیاری دلاری جان جوان

پاک خاتون سمن عذار ہو تم
باغ ہی یہہ جہان بہار ہو تم

واقفِ رازہائی سترِ علن
حُسن مین بی نظیرِ سروِ چمن

تم ہو شیرین و نسترن کردار
فرق پر ہی پھرا ہمائی بہار

تم حسین اور باکمال ہو تم
سچ ہے سچ صاحبِ جمال ہو تم

شاہبازِ طبیعت و رغبت
ای ہمائے سعادت و ثروت

نمکین حد کے ای شکر آئین
ای خجستہ نہاد ماہ جبین

سروِ نوخواستہ عروسِ حسین
حورِ پیراستہ بہار قرین

قصرِ عصمت کی تم ہو حجلہ نشین
شاہدِ پاک طینت و خوشدین

دل پسند ارجمند محبوبہ
مہ سی بہی چار چند محبوبہ

دُرِ ناسفتہ تم ہو ہم الماس
موتیکی آبکی تمہین ہی پیاس

تمتو ہیرے کا اک نگینہ ہو
ڈنڈ مہتاب باز سینہ ہو

قمری سروِ مکرمت تم ہو
عندلیبِ یگانگت تم ہو

چمن آرائی باغِ محبوبی — رکھتا ہی تو دماغ محبوبی

اجی بیمثل بیمثال ہو تم — طائرِ حسن نیکفال ہو تم

تم نگارِ یگانہ ہو ایجان — دوستِ جاودانہ ہو ایجان

نغمہ پیرائے نیکنامے ہو — بلبلِ باغِ خوشکلامی ہو

آنکھہ دل اور سروِ سینہ ہو — تم جلائی رخِ نگینہ ہو

یارِ خوش خلق اور بہار آئین — نسترن یاسمن ارم تزئین

چست و چالاکِ دہر چابکدست — شاہدِ دیوقارِ عشق پرست

طرۂ تاج خوشمزاج حسین — حور مہ پارہ قصرِ دلکی مکین

تم ہو تسکینِ آتش افروزے — مرہمِ التیام و دلدوزے

گل و معشوقۂ بہار خصال — نازنین رشکِ مہر و بدر جمال

ای سرورِ خیالِ زندانی — مہر خور رشکِ ماہِ کنعانی

ایسی خوش پیرہن ہو خوش قد یار　　یوسفِ مصر حُسن پر ہی نثار

مہرِ تابان ہو نسترن ہو تم　　پہول ہو باغ ہو چمن ہو تُم

باصفا افسرِ حسینان ہو　　پُر ضیا روئی مہ جبینان ہو

تُمتو محبوبونکی ہو سر کی تاج　　خندہ لب خندہ رُو شگفتہ مزاج

ناز و انداز غمزہ لاثانی　　جفتِ عاشق ہو عشوی کی بانی

مِہربان تم ہو قابلِ انداز　　تُمسی باقی رہی شمائل ناز

آب اور رنگِ گلشن ایجادُ　　زیبِ عالم ہو اور حور نژاد

اکرم و فخر و اعظمِ خوبان　　افخم و حُسن و رنگِ محبوبان

نقطۂ بُرجِ آسمانِ کرم　　فلکِ عظمت و جہانِ کرم

تُم خطِ استواء چرخِ برین　　دَلوِ دریائی آسمان و زمین

فلکِ عظمت و مدارِ چرخ　　آپکی رُخسی ہی بہار چرخ

آسمانِ موافقت تم ہو　　　خضرِ راہِ تمکنت تم ہو

رشکِ جوزا و سنبلہ توقیر　　　افقِ حسن پہ ہو بدرِ منیر

ہو خصائل میں مشتری کی مثال　　　ہو شمائل میں یارِ زہرہ جمال

حوتِ بحرِ مواصلت ہو تم　　　اور مریخِ مرتبت ہو تم

ثورِ صحرائی بیقراری ہو　　　قوسِ ابروسی تم ہلالی ہو

طیلسانِ فلک پہ میزان ہو　　　تم سپہرِ محبتِ جان ہو

تم قمر ہو سپہرِ خوبی کے　　　رنگ ہو شمس و مہرِ خوبی کے

مہر طلعت حبیبہ رشکِ پری　　　ماہ خصلت ستارۂ سحری

بتِ زیبا حسین زہرہ جبین　　　سروِ خوبی بہارِ خوش آئین

سروِ نازک بہارِ معشوقی　　　باعثِ اتحادِ مفروقی

تم تو معشوقِ نیک اختر ہو　　　مونس و ہمدم و گلِ تر ہو

عندلیبِ غزل سرا نایاب — مہر وش آفتابِ عالمتاب
موجدِ شکلِ بزم افروزی — باعثِ جشنِ عیدِ نوروزی
عیسی اعجاز ای قمر بنیاد — تاجِ عالم ضیائی پروین باد
ای رخِ بوستانِ محبوبی — میر یحان باوفا گلِ خوبی
دلسی خوشتر ہو جانسی بہتر — تم ہو فرقِ بہار کی افسر
نیک عادت فرشتہ حورِ جنان — ای پری صورت و نگارِ جہان
شوخ طرّار زہرہ عشق نما — راحتِ روح ای بتِ رعنا
رشکِ شمشاد ای سمنبر یار — خوش بیان زندہ سازِ باغ و بہار
تو غزلخوان ہی گوہرِ نایاب — رشکِ برجیس چادرِ مہتاب
بلبلِ گلشنِ سخندانان — زندگی کی بہاری سحر بیان
قمری سروِ آشنائی ہو — شکرستانِ خود نمائی ہو

کبک رفتار جلوۂ طاؤس — میری خلوت نشین مری ناموس
ایسی خوش وضع شوخ اور طرّار — لیلیِ حُسن شکّرین گفتار
وضعدار اور رہو ہمایون حال — دُرِ یکتا رفیقِ فرّخ فال
دلرُبا ہو ملیح خوش تمثال — شمعِ بزمِ محبّت اور جمال
مہ لقا ای بلند مرتبہ یار — گلعذار و قمر پرے کردار

بانکی ہو نباہنی والے
دلسی ہو مجھکو چاہنی والے

## قطعۂ مثنوی نُما درجوابِ ملکۂ سیمتن صاحبہ

مجمعِ حسن و جوانی لطفِ دل — رازدارِ خاطرِ آشفتہ جان
طالبِ جامِ وصالِ پادشاہ — سیمتن ملکہ تمہیں ہو میری جان
نامۂ نامی جو پہنچا آپ کا — کیا اوٹھایا قلب نی لُطفِ بیان

ہان مرسجان کل بہت آیا لہو
دردسی حیران ہی جان ناتوان

پندرہ یا بیس پا جامی بہری
لمس دستِ قابلہ تک تہا گران

آج ہر فضلِ الٰہی سی ہی کم
ہی زمین دردِ اختر کہکشان

تم رہو دنیا مین با عیش و خوشی
عمرِ خضر و نوح پاؤ جاودان

ای مری بلقیس تاجِ تختِ ہند
تیرا مفتون ہی سلیمانِ جہان

جان و دل تو ہی تجہی سی کام ہی
باغبان مین اور تو ہی گلستان

تو صنوبر ہی قمری قد تیرا مین
تو پری ہی مین بشر ہون مہربان

حور تو تو مین بہی مومن ہون ضرور
مین ہون انسان تو فرشتہ جانجان

گل ہی تو بلبل ہی یہ عاشق ترا
اصل تجہسی فرع مجہسی ہی عیان

فرقِ فرقِ حسن تو مین پائی عشق
تو ہی معشوق اور مین عاشق نہان

مایۂ ناز و ادا تو مین ہون رند
ساقیِ خوش رو ہی تو مین میہمان

غیرتِ زُہرہ ہی تو ناہید خال — نام میرا اخترِ ہندوستان

سبزہ رنگی ختم ہی تم پر زرد مین — تم پہ نزہت اور مین برگِ خزان

تُم مین عشوہ مجھمین سٹرپلہ پنا — مین ہی چھچھورا اور تم کوہِ گران

مین ہلا تم مین عظمت اور شکوہ — کوہ تم ہو اور مین کاہِ جہان

ماشاءاللہ تم پری رو نازنین — پیر مین ہون اور جہانمین تم جوان

تیری دندان رشکِ الماس و گہر — دانت میری نذرِ نزلہ میریجان

تیری موہائی سیہ رشکِ حدید — یہان سفیدی ہنستی ہی کافورستان

یہان گران ہی کوہ پر بارِ کمر — اور ترا باریک ہی موئی میان

شکرِ ربِ دوجہان اس حال پہ — تمکو حق نی ہی بنایا قدردان

جان و دل رنگ و رخ و حسن و شباب — تم پہ صدقی کر دیا ای مہربان

اب ضعیفی مین یہی امید ہی — ناز تیری ہون نہ اس دل پر گران

جو کہا ہی مو نہسی ہوئی عمر بہر
تو لسی بد لون تو کٹہجائی زبان

تو مری مطلوب ہی طالب ہون مین
تیرا مین اور میری تو ہی رازدان

ختم کر آخر دعا پر مثنوی
تا ابد قایم رہی ماہ جہان

## جواب نواب کیکاؤس بیگم صاحبہ

بہار عشق کیکاؤس بیگم
حسین و خوشقد و ہمراز و ہمدم

پس از بوس و کنار عشقبازی
عیان ہو تمپہ ساری جعلسازی

کیا آنیکو تمکو منع کس دن
کٹتین گہڑیان تمہاری غم مین گن گن

عجب ہی اے گل تر اے پریزاد
ز دست جعلسازان ہست فریاد

حسینی خانم آئی تہی جو ایجان
ہوا تہا او سکو او سدم حکم سلطان

بلا لا تو مری معشوقہ کو جا
سنا بالعکس مینی ہی یہہ چرچا

که اوسنی تمکو آنیکو کیا منع | صنم خوفِ خدا اگر کب ہوا منع
اگر مین منع کرتا کیون بُلاتا | تمہین پہلو مین مین کیونکر سُلاتا
مگر یہہ جعلسازی ہی سزا لے | یہہ تہمت ہی ہماری حقمین گالے
تمہاری عشقمین ویسا ہی عُن حُور پہ | مگر ہون جعلسازونسی مین مجبور
یہان کُچھہ کہتی ہین وہان کُچھہ ہین کہتی | نہین مکرونسی اب بہی باز رہتی
بُرا ہو دو جہانمین اونکا اللہ | ندین پیغام جو اختر کا دلخواہ
بہر صُورت بُری ہون جنکہ مستی مین | تجھی بہی چین ہوئیگا نہ بی مین

بسرت افسر نما ھر روز بادا
رُخِ اختر خورِ دلسوز بادا

درجوابِ نوّاب اختر پیاری صاحبہ

جانِ جہان رشکِ رُخِ ماہتاب | طُوطیِ رنگین سخن وہ لاجواب

نورِ رُخت افسرِ تابندہ باد — رشتۂ خوش عمر تو پایندہ باد

جان سی محبوبۂ سُلطان ہی تو — رشکِ پری افسرِ غلمان ہی تو

پہُنچی جو تحریر تری ای صنم — فرطِ خوشی سی گیا رنج والم

نذر کا چہلّہ مری ہاتہہ آگیا — پیکِ خوشِ اقبال اوسی پہنچا گیا

زیبِ گلو اوسکو خوشی سی کیا — پیار اوسی جانسی جیسی کیا

پہنچا وہ تنبا کوئی خوشبو مجھی — دودِ جگر ہو گیا مبھر و مجھی

ہر کشش اوسکی تہی کشیدِ جگر — تہی لبِ معشوق برنگِ اگر

تہا وہ خمیرا ایسا دہن بس گیا — گُل کی روش بُلبُلِ تن بس گیا

لکہا گرمنٹ کی باریمین جو — کہتا ہون صاحب مین ذرا تم ایسنو

کرنا گرمنٹ بمیعاد کم — چار ہون یا پانچ ہون مہ اوسمین ضم

اس سی سوا لکہنا نہ میعاد کو — بہُولنا دلسی نہ مری یاد کو

ہونا جو تیار یہان پر مکان — تمکو بلا لیتا مین ای جانجان
ہان یہہ تردد ہے مجھی میر محبان — جلد سی تیار کرون مین مکان
پر مین اُسی سال مین بلواؤنگا — اور طلبی خط تمہین پہنچاؤنگا
تمکو مناسب ہی اُوسی وقت جان — آنا مری پاس تُم ای مہربان
حال مین اپنا بہی سناؤن ذرا — حادثہ اُٹھارہوین سی جو ہوا
دردِ ہوا سیر نی شدت وہ کی — آرزو ہر ایک مری دلمین تہی
بست و چہارم تلک اُس میر محبان — بات نہ لبسی ہوئی میری عیان
بس کلمہ آہ کا تہا سوزناک — درد پہ دل کہتا تہا روحی فداک
مُسہل و فصد اب ہی تجویز ہی — بہاتی نہین درد مین اب کوئی شی
دوسرا منضج ہی مرے جان آج — جادۂ اصلاح سی بدلا مزاج
پانچوین دن فصد بہی ہوگی ضرور — پڑ گیا اخلاط مین میری فتور

گرنا دعا میری لئی ای صنم
دن ہو وہ ہو جائین جو ہم تم بہم

عید کی دن آنا ضرور ای پری
گرنا مری آنکی تم دلبرے

یہہ الک الدولہ کو فرمان دیا
حکم یہہ افسر کو مریجان دیا

آئیگی محبوبۂ سلطان ضرور
روکنا او سکو نہ کہین بی شعور

ای فلکِ حسن پُر از نور باد
مہرِ رُخت رنگ دہِ طور باد

## درجوابِ نوّاب سُہاگن بیگم صاحبہ

مہ رُخ و خورشید و خوشبخت پری ہمدم
معدنِ اشتی نوّاب سُہاگن بیگم

بعدِ صد آرزو و لُطف و خوشی اگل تر
حالِ دل لکہتا ہی کاغذ پہ تمہارا اختر

آیا مکتوبِ خوش اسلوب ترا آج کی دن
قلبِ غمدیدہ کا فرقتمین ہوا وہ محسن

ارتباطِ شبِ فرقتمین ہوا روزِ خوشی
چرخِ مطلب پہ ملا روی دل افروزِ خوشی

تمنی لکہا کہ طلب کر مجھی ایجانہمان نہین | اس زلیخا کی لئی چاہئی ماہ کنعان نہین

مین یہہ سمجہا کہ تمہین لطف ملاقات نہین | ورنہ بلوانا تو ایجان کوئی بات نہین

نوعروسی کا نہین لطف مری جان تمہین | شب وصلت کے نہین صبحکو پہچان تمہین

نہ تو معشوق کسی کی نہ عاشق ہوا ہو تم | کہیلنی کودنیکی وصلمین لائق ہو تم

لذت وصل صنم تمنی نہین پائی ہی | یہہ سبب ہے کہ حیا چشم مین جو چہائی ہی

ایکدن مینی بلایا تہا اسد منزلمین | نہین معلوم کہ کیا آئی تمہاری دلمین

وصل مین تمنی جو انکار کیا ایجانے | ہمکو بہائی تمہاری یہہ ذرا انجانی

اگر اقرار کرو اب کہ نہ منکر ہونگی | اختیار تن و جان وصل مین تمکو دونگی

تو تو مشکل نہین جلد آئی آسانی ہی | ورنہ عاقل کی لئی وصل یہہ نادانی ہی

دنیا داریسی اگر طالب وصلت ہو تم | کبتک ایجان نہا تارک لذت ہو تم

سچ تو یہہ ہی کہ تنفر ہی تمہین شوہر سی | صاف لکہتا ہون نہین کچہہ محبت اختر سی

راہ مین دیکھتا ہون جلد لکھو اسکا جواب
نخلِ اُمّید و تمنّا ہو ہمیشہ شاداب

## درجواب نوّاب سُہاگن بیگم صاحبہ

بنعِ مہر و وفا مخزنِ زر ریزِ کرم — میری جانی مری مہر و مری پیاری ہمدم
یون جواب اوسکا قلمسی لکھی جانِ عالم — گوشِ دلسی سُنو نوّاب سُہاگن بیگم
نامۂ نامی مجھی پہنچا سُن ای زہرہ جبین — ہوا مضمون نہان سارا عیان خوش آیین
ملتفت اب جو مری حال پہ تم دلسی ہو — مین بیان کرتا ہون تم گوشِ عطاسی سُنو
سادا اقرار سند کب ہوا ہی مہر و گواہ — نہ کوئی اوسمین قسم اور نہ حلف عنداللہ
ہان ضمانت ہو رقم بارہ اماموں کی اگر — وہ لکھا سمجھی گا سچ جانِ جہان یہہ اختر
بی قسم ہوئی جو اقرار وہ اقرار نہین — جو لگاوٹسی بری ہو وہ طرحدار نہین
تمکو منظور اگر وصلتِ اختر ہو گی — تو گواہی بہی رقم نامی کی اُوپر ہو گی

ہو چکا سن تمیز اُنکا ماشاء اللہ
قول و اقرار کی اب جا ہئی حاضر ہوں گواہ

بعد اس قول کی البتہ محبت ہوگی
اوتنی ہوئیگی خوشی جتنی اطاعت ہوگی

گیارہ ہوین کو تہین اوس چاند کی بلوانگا
مہر رخسی زر خورشید کو شرماونگا

کیسہ حسن پُر از سیم محبت بادا
دہد اللہ ز بطن تو یکی شہزادا

## بنام نواب سُہاگن بیگم صاحبہ

مجمع حسن و صفا مخزن گلریز کرم
جان اختر ہی جو نواب سُہاگن بیگم

بعد اشواق و تمنائی وصال خوشتر
بعد صد آرزوئی دید جمال خوشتر

مترشح ہی قلم قصہ اُلفتکا صنم
ہین سحاب مژہ ہجر سی آنکھین پرنم

بعد مدت مجھی مکتوب خوش اسلوب ملا
یوسف حسن کو رنگ رخ یعقوب ملا

طعن اقرار فراموشی جو اوسمین تہی رقم
بی کم و کاست اوسی جان جہان سمجھی ہم

صادق القول ہون لاہین نہین ابہو لکہا
یعنی کچہہ تمکو بہی ہی عدہٴ اختر کا خیال
سومر سیحان نے شوہر کا تصور تہا غلط
۱۱ گیارہوین گذری اب ۲۱ اکیسوین آئی پیا رہی
متحرک نہوئین تم گیا عشرہ افسوس
۲۰ بیس ۲۱ اکیس نی راقم سی اوٹہائی لذت
جہوٹ لکہتا ہین واللہ تری سر کی قسم
۱۶ سولہوین سی مرا اقرار ہوا پہر تازہ
۱۴ چودہوین مہ عملی مجہی لکا رہنی اب تک
اگر اب خواہش اختر ہی تو رکہنا یہہ خیال
چودہوین آئی محرم کی جو ایجا بجہان

امتحان پر مجہی لازم تہا تمہارا کرنا
رنگی بہی دلمین ہی کچہہ فرقت شوہر کا خیال
مہر مہتاب مین اختر کا تصور تہا غلط
بوئی پیغام چمن مین نہ سونگہائی پیا رہی
آخر کار ہوا وصل سی بندہ مایوس
پانچ دنمین ہوئی اکیس سی ہمسنی صحبت
۱۳ تیرہ خالی ہوئین اور آٹہہ بہرا ہی ہمدم
رخ معشوق کہ اہت کو بنایا غازہ
لو بیان کر دیا اختر نی سب اپنا مطلب
۱۴ چودہوین مہ عملی نہ جمی رنگ وصال
دنیا پیغام تم اختر کو یہہ ماہ تابان

مجھی بلواؤکہ اب وعدہٗ وصلت ہی آج | دوسری دن کہین پھر جائی صاحبکا مزاج
تو تو البتہ مریجان تمہین بلواؤنگا | ورنہ خود اپنی کئی کی مین سزا پاؤنگا

رُخِ پُر نور ضیائی سرِ طوبیٰ بادا
حلقہٗ گوشِ خوشی عقدِ ثُریّا بادا

## جواب نوّاب اکلیل محل صاحبہ

پریرو نیک طینت سے لقا خوشتر تبہ جانی | جو ممتازِ جہان اکلیلِ فرقِ جانعالم ہے
رہی وہ تا قیامت یا الٰہی باغِ دنیا مین | گلِ خوبی ہی سرو نازہی عطرِ مجسّم ہے
پس از بوس و کنار و لطفِ ہمخوابی یہہ ظاہر ہو | کہ تحریرِ دلاویز آپکی ہمراز و ہمدم ہے
جو استفسار تہا اوسمین کہ یہ دن کسطرح گذریگا | سو ایجا ابہی تک مجھپہ فضلِ ربِّ اکرم ہے
صلاحِ نیک جو دی تہی محبّت نامیکی تمنی | وہ لکھہ بہیجا ہی اب دلکو ہماری کچھہ نہین غم ہے
جواب اوسکا نہ جبتک آئیگا جبتک تامّل ہے | طلب ہی ورنہ اعلام او پہ پھر کیا کچھہ غم ہے

جواب آئیگا جسدن مجھکو لکھونگا وہ تمکو
ابہی تک تو دلِ ناشاد میرا شاد و خرم ہے

تمہاری مصلحت سی رُک گیا ابتک وہ بحرِ غم
طلاطم ہی موجین مین نہایت شور و غل کم ہے

مگر دیکہین کہ کیا آئی جوابِ تابعِ فرمان
خدایا وہ جواب آئی کہ ہون دل شاد و خرم ہے

نہایت واہی ویلا اوس محبت نامی مین لکہی
یہہ لکہا ہی کہ اس انصاف سی اب ناک مین دم ہے

ہی اک دلال موتی لال وہ دربی ہی ناحق ہی
وہ مثلِ حرفِ علت راقمِ بی پرسی مدغم ہے

وہ موتی لال جہوٹا ہی مگر سچا ہی یہہ اختر
عدالت مین خیالِ راستگوئی سے پا اقدم ہے

زبانی ہی کل اگر سب بیان تمسی کرونگا مین
الم سنی و زمرہ کی جو میری دلکا عالم ہے

رہی جبتک زمانہ مثلِ گل خندان ہو ہردم
قلم اختر کا جیشِ الفتِ جانانکا پرچم ہے

## دراعجازِ علی ابن ابیطالب علیہ السلام

عزیزو نقل ہی سلمانسی روایت یہہ
بہت لطیف ہی دلچسپ حکایت یہہ ہے

کہ اک ضعیفہ تہی نام اوسکا امّ فروہ ۔ وہ خاندان نبیؐ پہ تہی جان و دل سی فدا

خلیفہ بنکی جو بیٹہا تہا اوس زمانی مین ۔ کہ جیسی زاغ ہما کی ہو آشیانی مین

وہ خلف سی جو خلیفہ ہو اخلاف کیا ۔ خلافکو تو علیؑ ہاشمی نی صاف کیا

وہ زن بہی کرتی تہی نفرین برائی زاغ زمان ۔ کشیدہ رہتی تہی اوسکی حضور مثل کمان

وہ عندلیبونکو اوس سی ہٹایا کرتی تہی ۔ وہ اوسکو لال بجہکر بنایا کرتی تہی

یہہ جیمین آتا ہی ون گالیا اوسی مین دلا ۔ مگر حدیث مین لازم نہین ہی چون و چرا

وہ پہر پہر آتا تہا بلبل کی داستان سنکر ۔ سبق وہ بہولتا تہا اوسکی نیکیان سنکر

زن ضعیفہ کو اکدن بلایا مرتد نی ۔ ہما کی پاس بہت سی گئی اوس سی گلی ملی

کہا کہ ہمکو نہ ٹہنگیا ؤ باغ عالم مین ۔ حواس اوڑ گئی دم ہی نہین اب آدم مین

یہہ داستان کسی اور سی کہا کرتو ۔ یہہ قمریونکو سبق باغمین دیا کرتو

وہ فاختہ مین نہین ہون کہ پہر پہر آجاؤن ۔ ذرا سی کہڑ کی سی گلشن مین لڑ کہڑا جاؤن

وہ زن یہہ بولی کہ ای شومِ بدسرشت ... سیاہ دل ای بلائی و ای زشت تند خو
یہہ کفر و دین کی جہگڑی مین تجہکو دخل کہان ... مجہی عجب ہی قلم ہوگئی نہ تیری زبان
ہمای اوجِ سعادت سی بیخبر ہی تو ... یہہ پوچ پنچ بند کر اپنی ارے کدہر ہی تو
یہین دلسی دام مین شہباز زندگی کی آن ہو ... یہہ گوندہ لعن کا تیار کرکی لائی ہو ان
ارے نہ بک کہ مرا مغز ہوگیا خالی ... شراب حیدرِ صفدر سی ہون مین متوالی
بہلا سوال یہہ کرتی ہون تجہسی امرود ... ذرا جواب تو دی اسکا ثانیِ نمرود
یہہ نام سا یہہ سما کا بہلا بتا مجکو ... وہ بولا جانی خدا اسکا علم کیا مجکو
پہڑک کی اوسنی کہا تیرا جوڑا نوچونگی ... مین اپنی پنجہ مین رہ تجہکو اب دبوچونگی
اوڑا یہہ سنکی جو ہین طائرِ تصورِ زاغ ... سنو کہ ہوگیا خالی حیا سی اوسکا دماغ
کہا بتائینگی جبتک نہ آسمانکی نام ... کریگا قتل تجہی اُس جگہہ پہ تیرا امام
بتادئی اوسی عورت نی آسمانکی نام ... خلیفہ بولی یہہ لوگونسی دل مرا اتہام

ابہی مین قتل کرونگا اسی نچہوڑونگا
یہہ حق پہ ہو تو ہو موہنہ اپنا مین موڑونگا

عزیز و قتل کیا نہ تنکو مرتدنی
تہہ زمین کیا عورتنکو زاغکی کدنی

اوسکی گہر مین اوسی دفن بہی یارو
کفن وغیرہ جو دینا تہا دیدیا یارو

ہمائی ونیکو ہوئی تین روز بعد خبر
کہ ایک بلبل خوش لہجہ گڑگئی مرکر

ہمائی اوج فلک قبر پر جو اوسکی گیا
نصیب اوسکو خدا اسی ہوا وہ ظل ہما

علی نی دیکہا وہان پر ہین چار مرغ سفید
کہ پہلی اس سی نہ ما نمین سب وہ تہی ناپید

سفید تر ہین وہ منقار اونکی ہین گلنار
لئی ہین چونچمین اپنی وہ وانہائی انار

نکلتی بیٹہتی ہین قبر مین وہ ہر بار ی
پر ونسی کرتی ہین مرقد پہ اوسکی تیاری

جو دیکہا آیا ہی شہباز دین مرقد پر
تو کہولی جانورونی وہین پر پہی اکہر

کچہہ ایسی عرض کی آوتی ہی نہ جا ل کہلا
اسی سخن مین نہ بدبارہ بگیا چاہ ل کہلا

کہا یہہ جانورونسی کہ ہان بلی لبیک
وہی مین کرتا ہون اسجا عیان بلی لبیک

دعا یہہ کی کہ خدایا اسی جلا دی تو　　عزیز و نسی ہیہ چہٹی ہی اسی ملا دی تو

ہوئی وہ زندہ ہٹہی قبر کی جو او سجا خشت　　تو دیکہا پہنی ہی وہ تمین حلہای بہشت

گئی وہ جا کی ملی اپنی خویش و شوہر سی　　علی کی صدقی مین وہ مطمئن ہوئی گہر سی ۱

لکہا ہی ہیہ کہ ہوئی پیدا اوس سی فرزند دو　　علی نی اوسکو جلا کر عطا کئی دلبند

لکہا ہی بعد شہادت ہی وہ تا شش ماہ　　پہر ایسی معجزہ پر خود سری خدا کی پناہ

یقین ہی اختر خوش لہجہ جنتی ہو تم
بہت نصیبوں کی عقبی انہین دہنی ہو تم

## در بیان اعداد حروف ابجد

الف کا ایک ہی لئے کی ہین تو بیکی دو　　تو تین جیم کی اور چہ کی یاد رکہہ ای یار

جو چار دال کے اور ہا کے تو ہی کی پانچ　　چہہ واو کی ہین تو زا اور ژا کی سات نگار

جو حا حطی کی ہین آٹہہ طا کی تو لکہنا　　تو یا کی دس ہین مگر کاف کی ہین بیس ای یار

یہہ ہیں کاف عجم ہیں ہیں تو لام کی بیس
جو چہل میم کی تو ہیں پچاس نون کی یار

جو ساٹہہ سین کی تو عین کی ہیں ہی ستر
جو فا کی اسّی تو نوّی ہیں صاد کی شمار

جو سو ہیں قاف کی دو سو ہیں را کی ہی
تو تین سو گنو جو شین ہوئی نقطہ دار

جو چار سو ہوئی تا کی تو تا رہند کی
یہی ہیں چار سو تو انگلیونپہ کر لی شمار

جو پانچسو ہوئی ثائے مثلثہ کی عیان
تو خا کی ہو گئی چہہ سو اب لکہہ قلمسی نگار

جو نقطہ دار ہی دال اوسکی لکہہ تو ساتہہ سو
تو آٹہہ سو ہوئی اب ضاد کی نکر تکرار

سمجھہ یہہ قاعدہ اختر سی طفل ابجد خوان
جو ظوئی کی ہو نوسی تو غین کی ہیں ہزار

# دفتر دوم در رباعیات و مخمسها و سلامها و مرثیه ها

## قطعه

بائی بسم اللہ ہی بہبودئی ہمارا ہی
سین ہی اوسکا سفینہ بحر غمستی پار ہی

میم سی مال و منال و ملکِ خوش ملتا ہی ور
ہی الفِ وحدت پہ دال اب اپنا اللہ یار ہی

## رباعی

نامِ اللہ کی مین صدقی ہو جاؤن
لامِ اللہ کی مین صدقی ہو جاؤن
بسم اللہ کی اوپر ہی رباعی اختر
بامِ اللہ کی مین صدقی ہو جاؤن

## رباعی

کرتا ہی کرم ہمیشہ خداوند کریم
ہر خاص پہ فیض اوسکا رہتا ہی عمیم
بخشی کیونکر نہ اپنی بندونکو وہ
ہی اسمِ قدیم اوسکا رحمن و رحیم

## رباعی

رحمان و رحیم نام اللہ کریم
بحرِ قدرت مین ہین یہ دو دُرِّ یتیم
سیپی ہی کن تو دُر ہی صنعت اوسکی
ساری صنعت کی دُر دشیطانِ رجیم

## رباعی

ای مہر فلک مین تیری صورت پہ نثار
ایماہ زمانہ اس محبت پہ نثار

تجھکو معشوق مجھکو عاشق جو کیا
اپنی اللہ کی مین قدرت پہ نثار

## رباعی

عباس نے نہر پر نہ پایا پانی
چلو بھی بھر اگر نہ آیا پانی

ای صاحب غیرت یہہ شجاعت واہ
اس پیاسمین غیر کا ہو زہرا پانی

## رباعی

سر و مین تب ہجر سی ہم مرتی ہین
سل رنجکی چہاتی پہ عبث دہرتی ہین

معشوق جہان مین بیوفا ای اختر
بی تیغ و تبر حلال سب کرتی ہین

## رباعی

صیاد کو تیر کا لگانا نہ بہتا
بلبل کا چمن مین آشیانا نہ تہا

فوارۂ چشم تجھکو مژگانکی قسم
داغونکا کسی کو تو خزانا نہ تہا

## رُباعی

ابرو سی کھو غرور خنجر سی نکر
اِی سر نہ تڑپ کہ پائی معشوق ہی دُور نہ
خنجر ہیہ کشش قتیل کی سر سی نکر
اِی پائی حسین لحاظ اختر سی نکر

## رُباعی

دندانکی صفت مین موتی پانی ہوجائے
آنکھونسی مٹا ہی صبا دبا دام ہرن
اور لام سی زُلف پریشانی ہوجائے
ہونٹھونپہ نثار خوش بیانی ہوجائے

## رُباعی

اِی کار دِ حُسن درد فرقت ہی آہ
عیدِ قربانین ہی ہی دُہن مجکو
ہوتا ہی حلال ہجر انا اللہ
کر ذبح مجھی شوق سی تو بسم اللہ

## وزن رُباعی بصورت قطعہ

تشدید اللہ کی ثلاثہ پہ ہی لعن
آری ہوئی اونکی حقمین تشدید ہیہ صاف

پہلی ہی خدا کہتا ہی تشدید سی لکھہ | لغت سی یہ کہو نہ تین دونکو معاف

قطعہ در جواب رقعۂ تاج بانو بیگم صاحبہ نواسۂ جی کہ مزاج پرسیدہ بود و بر ای دوائی قلب طلبیدہ بود

مین تو گرمی مین آ نہین سکتا | تمہین تکلیف کر کی ہو جانا

دانی ہین اسفل بدنین بہت | آب تسکین سی اونکو دہو جانا

قطعہ

ابروی قدرت صفت اوسکی قدیم | روئی ممکن پہ عیان ایا ہ ہی

عرش و کرسی و قلم کچہہ بہی نہ تہا | پہلی بسم اللہ بسم اللہ ہی

مطلع

ذبح مجہی کر مرا دل ہی دو نیم | بسم اللہ الرحمن الرحیم

مطلع

فرافنامۂ اختر یاری لکہنا ہون | حقیقت دل مہجور ساری لکہتا ہون

## مخمسہا

جب تبول آمین کھلی شمر مستجد پہ حزین
گو کہ ظاہر مین دیا کرتا ہی محکو تسکین

عمر نحس سی فرمایا کہ سن ای بد دین
بد قدم اسمین ذرا سا بہی نہین مگر شبہہ نہین

پارہ خواہد شد ازین دست گریبانی چند

تضمین

سب پہ ہی ظاہر مرا حال سقیم
آہ معجز عجب کہ ہی ای کریم
شہ نی کہا شمر سی بخوف و بیم

تجہہ پہ تو واجب ہوئی نار جحیم
ہو نہین دل فاطمہ درّ یتیم
سینی پہ میری جو چڑہا ہی رجیم

ذبح مجہی کر مرا دل ہی دو نیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مخمس فارسی

چون داخل ظلم نشو رنج و شور و شین
اینک عروس آہ نمود است زیب و زین

بخت الم ربوده ز تاریکی نور عین — در نار ماتم است نهان شاه مشرقین

سوز دستاره که بود طالع حسین

چشمان غم ز دود الم اشک ریخته — فوج هوا و حرص لعینان گریخته

دست تعب بسینهٔ من رنج بیخته — این تار و پود رشتهٔ ماتم گسیخته

سوز دستاره که بود طالع حسین

بخت بلند از رخ خور تا زمین رسید — از اوج چرخ شور غم اندوهگین رسید

نور قمر به قیر شب انگبین رسید — زحمت ز اهل ظلم به یعسوب دین رسید

مردان چیره دست چو غارتگران شدند — از پای خویش رهرو ملک نهان شدند

مهر و مه الم بفلک هم عیان شدند — بر خوان غم کواکب هم میهمان شدند

سوز دستاره که بود طالع حسین

شمشیرِ کین نه بسر و نه دین دستِ ظالم زد | دیواری پیش بود نه حذری نبود

گردن چو کرد شمر جدا از رهِ حسد | زینب صدا نمود که ای وای بختِ بد

سوزد ستاره‌ای که بود طالعِ حسینؑ

نجمِ امامت آمده از زین بر زمین | پس متفق شدند بر آزارش اهلِ کین

یاور نبود و خویش نبود آن زمان معین | اهلِ نجوم بانگ زدند و بگفتش این

سوزد ستاره‌ای که بود طالعِ حسینؑ

پای علیل یافته زنجیرِ حلقه دار | مریخِ چرخ سوخته شد زهره سوگوار

زهره ز مشتری چو شنید این بیانِ زار | فرمود مثلِ گل که شدم خار و بیقرار

سوزد ستاره‌ای که بود طالعِ حسینؑ

ناهیدِ چرخ سنبله آسا بغم فتاد | موهای خود بهم زده و در الم فتاد

از حلقهٔ تنینِ ستم چشم بغم فتاد | از کوکبِ شجاع و ذنب در دهم فتاد

سوز دستارهٔ که بود طالع حسین

حوت مفارقت بزمین مثل آب گشت
ثور فنا بکنگرهٔ خوش خطاب گشت

حور و قصور و چرخ و زمین هیچ و تاب گشت
برج اسد ز منزل عالم خراب گشت

سوز دستارهٔ که بود طالع حسین

تحت الشعاع در شرف آفتاب شد
گردون سریع گشته بطی ماهتاب شد

شمس و قمر ز گردش خود آب آب شد
دست عطا رد از قلم اندر جواب شد

سوز دستارهٔ که بود طالع حسین

روی زحل سیاه نمود چو دشت جنگ
همشکل جوزا عون و محمد ز ظلم تنگ

باهم برآمدند بصحرای تیره رنگ
آنوقت نعره دار شد چوب و خاک و سنگ

سوز دستارهٔ که بود طالع حسین

این نیر انچه کشیده و اختر ملول شد
این قرعه دید و قلب پیمبر ملول شد

این جعفرِ احمر از غمِ حیدر ملول شد
از رملِ بختِ خود دلِ صفدر ملول شد

سوزِ دستارہ کہ بو طالعِ حسین

## مخمّس بر غزلِ درخشان

خط بہلا پہنچیگا تا یار یہہ کیونکر میرا
سر او تر جائیگا اب تنسی مقرر میرا

عشقِ جانا مین گلا کاٹیگا خنجر میرا
ہجرِ ابرو مین ہی بسمل دلِ مضطر میرا

بی چہری ذبح کیا تُمنی کبوتر میرا

کیون نہو صاحبِ معراج ہمیر میرا
قاصدونکا بہی ہوا تاج پہیر میرا

نیا طائر ہی نبا آج پہ ہمبر میرا
نہین مکتوب کا محتاج ہمیر میرا

شوق سی رنگِ پرین ہی کبوتر میرا

روز دیتی ہی مری لکو تعب گرمی اشک
آبلہ کرتی ہی حدّ تسی یہہ لبِ گرمی اشک

پہوکتی ہی دلِ محشر کو بہی اب گرمی اشک
سوزشِ چشم قیامت ہی غضب گرمی اشک

آستین جلگئی دامن نہ ہوا تر میرا

کوئی جا گر او نہین دیر کی یا طرف ہے بام
سقف مسجد پہ ہوا مرغ محبت کا مقام

مین نہین جانتا الفتمین حلال اور حرام
فرقت کعبہ ابرو مین ہون بیتاب مدام

طائر قبلہ نما ہی دل مضطر میرا

آریان گمر دن عاشق پہ چلا کرتی ہین
ہنڈیان نار محبت سی گلا کرتی ہین

پہاتیان دست طپش سی جو ملا کرتی ہین
ہڈیان شمع کی مانند جلا کرتی ہین

دل سوزان تپ دوری سی ہی اخگر میرا

جلوہ دور فلک سیر تیری ہی دمسی
خم و مینائی فلک یار رہوا ہی ہمسی

کاسہ مہتاب کا بہر آیا ہی اشک ممسی
جام ہونگی ہین لبریز مئی شبنم سی

ساقیا اب تو نہ خالی رہی ساغر میرا

مینی اوس مہر خوش آئین کی صفت لکھی ہی
ایخدا اوس بت بیدین کی صفت لکھی ہی

دست و چشم و لب و تزئین کی صفت لکھی ہی
بسکہ اوسکی رخِ رنگین کی صفت لکھی ہی

خط ہوا صورتِ گلدستہ معطر میرا

ہو گیا ہون نگہہ تیز کا جبسی گھائل
صفِ عشاقمین مجھکو بہی کیا شامل
بسملِ تیغِ ادا ہی شہدامین داخل
دل تپتاب ہی اوس چشم سیہ پر مائل

لوٹ شاہین پہ رہتا ہی کبوتر میرا

روز چلاتا ہون دیتا ہی نہین کوئی داد
وہ کمان ابرو تو تہا اب ہوا پورا جلاد
آہ افتاد ہی افتاد ہی افتاد افتاد
صدمۂ دردِ جدائیسی کرون کیا فریاد

دلپہ ہی ہاتھ کبھی گاہ جگر پر میرا

اوسکی آنکھونمین نہین مروت اتنی بہی خلق
نہ ترحم نہ رعایت نہ محبت ہی خلق
ابہی باقی ہی یہجان مصیبت ہی خلق
سرخیٔ رنگِ حنا اوسکی آفت ہی خلق

مین بہی دیکھون تو کہ خون کرتی ہی کیونکر میرا

رشک سی آہ نہین سکتا کوئی لائی بزبان | بوی انسان و پری کو سون نہین کہین تی
بہرِ دربان شب و روز ہی خود بر سرِ زین | دخلِ اغیار بجز یار کسی شکل نہین

بنگیا پردۂ دل سدِ سکندر میرا

یا خدا بیچمین پردہ نہ کوئی حائل ہو | جوہری نکی یہہ ہیریکی طرف مائل ہو
لولوی اشک کا ہاتہو نسی ہین و سائل ہو | درِ دندان نظر آئین تو شگفتہ دل ہو

آبِ گوہر سی ہو شاداب صنوبر میرا

جانتا ہی تہا محبوبکا تو گہر کبہی مین | نہ تو پہچانتا تہا اونکو نہ یہہ در کبہی مین
خواب مین پہنچا ہون اون پاس مقرر کبہی مین | نہ وہ آئی نہ گیا اونکی مکان پر کبہی مین

پہر یہہ دل ہاتہہ سی جاتا رہا کیونکر میرا

چشمِ تر سی بہی ترے سو کہہ گئی ان بیغم | یہہ معمہ مری ہاتہہ آیا ہی انکی کرم
کہول کر آنکہہ جو دیکہا تو عجب ہی عالم | دہن یار کا حاصل ہی نظارہ ہر دم

ہو گیا دخل لب چشمۂ کوثر میرا

جسمِ سنگین کو بنایا تو ہوا بندہ مین
انسی آ گی تو نہا بارہ خدا بندہ مین

ہی قیامت ہوا افسوس دلا بندہ مین
کیون کیا خلق تبونکو کہ بنا بندہ مین

عُذر مقبول ہوا ای داورِ محشر میرا

خضرِ نیک نہ تو پوچھہ مری راہ کا حال
دلِ پُر داغ سُنی تو مری ماہ کا حال

گوشِ نہ بہرہ مین ہی پہنچا حشم و جاہ کا حال
ای دُرخشان کہو کیا مہرِ شہنشاہ کا حال

نجم جگنو کو بنا دیتا ہی اختر میرا

بسلامہا

سردارِ جہان معرکہ مین سر نہین رہتا
بہتر تنِ سرور جو ہی ہمسر نہین رہتا

سجاد سی بہہ بی ادبی کرتا تہا خولی
چلاتا تہا اونٹونکو برابر نہین رہتا

سینی پہ چڑہا شمر تو بولی ہہ شہِ دین
ظالم مری حلقوم پہ خنجر نہین رہتا

پردہ ترا کیا کہتی تہی شہ شمر سی اوسوقت ۔ شبیر ہی کیا عترت اطہر نہین رہ کہتا
شہ نی کہا کس ظرف سی سیراب ہو اصغر ۔ مشکیزہ نہین ہی کوئی سا غر نہین رہ کہتا
عابد کو مسلسل کیا تو بولین یہہ زینب ۔ اس بوجھہ کی طاقت تن لاغر نہین رہ کہتا
آتش لئی عابد کیطرف شمر چلا جب ۔ چلائین یہہ کلثوم وہ بستر نہین رہ کہتا
قاصد نی کہا اوڑ کی خبر شاہ کی لاتا ۔ ناچار ہون ایفاطمہ مین پر نہین رہ کہتا
گلزار حسینی کی خزان دیکہی جو اوسنی ۔ پہول اس لئی یہہ سرو صنوبر نہین رہ کہتا
حر نی جو کہا خانہ بدوش آپ ہوئی کیون ۔ فرمایا شہنشاہ نی مین گہر نہین رہ کہتا
شہ نی کہا بید بنو کروگی کسی اب قتل ۔ اکبر نہین رہکہتا علی اصغر نہین رہکہتا
میدان کی تمنا جو ہوئی بولی یہہ سرور ۔ جان بخشی کی خواہش علی اکبر نہین رہکہتا
تنہا جو ہوئی شاہ یہہ روکی پکاری ۔ جز تیری کوئی ایمری داور نہین رہ کہتا
احمد کی مشابہ نہین شبیر سا کوئی ۔ ایسی تو کوئی جرأت حیدر نہین رہ کہتا

سائل کو دیا رزق یہہ شبیر ہی تہی واہ — روزے مین تو مفلس کو تونگر نہین رکہتا

للہ بس اب ہاتہہ تہنبا کہتی تہی ہندین — ای ابنِ علی بخششِ جعفر نہین رکہتا

قطعہ

کہتی تہی ندا آئی ہی ای والدِ ماجد — اکبر سرِ پاک اپنا قدم پر نہین رکہتا

مین فدیۂ شہ ہون مجہی رخصت کرو بابا — جان اپنی سرِ مو کی برابر نہین رکہتا

دستِ شہِ والا مین یہہ شمشیرِ علی ہی — یا شعلۂ جوّالہ ہی اخگر نہین رکہتا

شہ کہتی تہی دار و سفرِ خلد کی یہہ ہی — زخمونکا مزا قندِ مکرّر نہین رکہتا

قطعہ

تنہا جو رہی رو کی لگی کہنی شہنشاہ — والد نہ ولد کوئی برادر نہین رکہتا

میرا بہی ہی اب گلشنِ فردوس مین مسکن — غمخوار مرا کون ہی یاور نہین رکہتا

کیا سوگ ہی مولا کا کہ کہو جاتی ہین دنکو — گوشِ فلکی تارونکا گوہر نہین رکہتا

باعث یہہ نظارونکا ہے روتی ہین شب و روز — وہ کونسا گل ہی جو قبا تر نہین رکہتا

عابد نی کہا ڈہونڈہتا ہے کیا ارے جولی — رومال تلک رونیکو گہر نہین رکہتا

شہ نے کہا مسموم تھی تم تخت تو تھی شاہ
مین تخت جگر حضرت شبر نہین رکھتا

یا آیا نجف مین وہ خزانہ مین رہا یا
سر تن پہ جہانمین تن سرور نہین رکھتا

باقی نہ غلام اب نہ پسر ہی کہا شہ نی
اکبر نہین اصغر نہین قنبر نہین رکھتا

کی عرض گلوی شہ دین نے ہیہ علی سی
اک بوند بھی مین ساقی کوثر نہین رکھتا

جز ذات حسین ابن علیؑ کون ہی اسکا
حامی کوئی دنیا مین ہیہ اختر نہین رکھتا

## سلام

فلک پہ شہر مسی کیونکر نہ آفتاب جلی
زمین گرم پہ ابن ابو تراب جلی

حرارت رخ مقتل سی شیخ و شاب جلی
کلیجی پانی ہوئی دین پہ تراب جلی

تری جو چشم کی دیکھی تو سوکھ جائی فرات
لب حسینؑ کی خشکی سی زمین آب جلی

بڑہی تھی زمین پہ تنویر چہرہ شبیر
یقین تھا شعلہ رخسار سی خضاب جلی

کہا یزید سی زینب نی تو تو ناری ہی | نہ کیون جہان مین ترا نامۂ حساب جلی

جو گرمی لب شبیر سی مقابل ہو | عرق ہو شرم سی گلشن مین گلاب جلی

کہا یہ شمر سی عابد نی پہونکا خانۂ دین | خدا کری کہ جہان مین ترا خطاب جلی

وہ سوختہ کرۂ نار کی ہین گر آئی | عذاب انکی لعینون پہ خود عذاب جلی

ہر اک کی دلمین ہو داغ بعد ذبح حسین | ظہور قتل شہ دین سی شیخ و شاب جلی

بجہائی آتش شمشیر سرد مہری شاہ | جو برق تیزی صمصام خوش سی ڈاب جلی

اوٹہی شرار جو خیمی سی لو الی علی | الٰہی ظالمونکو اب زمین تین داب جلی

جو عین شدت گرما مین دم مین نوش کری | غذائی لخت دل فاطمہ سی قاب جلی

شرابی لائی جو مینا مین سر ور | قریب تہا کہ رخ پاک سی شراب جلی

عدو یہ کہتی تہی مقتل مین وقت جنگ حسین | بچاؤ ہمکو ہم ای سلطنت مآب جلی

زمین پہ کوہ بہی پانی سا ہو کی بہجائی | فلک پہ آہ دل شاہ سی سحاب جلی

لعین یہہ کہتی تہی خنگاہ مین کہ روک لی ہاتھہ — اکرم کرا بنعلی اب نہ کر عتاب جلے

بوقتِ قتلِ شہِ دین یہہ کہتی تہی سجاد — یقین ہی رحم و عنایتکا آج باب جلے

جلا جو خیمہ تو چلائین زینب و کلثوم — الٰہی ظالمونکا خانۂ خراب جلے

کبہی حسامِ شہِ دین تو بولی اہلِ کین — شرارہ برقسی سب ایفلک حباب جلے

جلائی آتشِ شمشیرِ شاہ نی دنیا — سیاہ برق ہوئی اور پرِ غراب جلے

تنین تیغِ شہِ دین ہوا جو زمین علم — سیاہ مار ہوئی بازوئی عقاب جلے

ضعیف جسم ہوئی لڑکی بلک کی رو رو نیلگے — الم سی رنمین جوانونکی بہی شباب جلے

جلا یا رخت سب اونکا جو تہی عزیز جہان — لباس یوسفِ شبیر وقتِ خواب جلے

گناہ گارونکی عصیان ہوئی ہی مثالِ کوہ — بس ایک نارِ عداوتسی سب ثواب جلے

جو دیکہی تیزی زلفِ سیاہِ اکبرِ پاک — مثالِ مارِ لعین کہا کی پیچ و تاب جلے

وہین قسرین سرِ سرور کی برق جب چمکے — سوار خاک ہوئی اور سب دواب جلے

گری تھی حیفۂ دنیا پہ سب سگان شمر
منو دشیر خدا جب ہوا کلاب جلے

زبانین خشک ہوئین ہونٹھ تشنگی کا
دہنمین ساری صغیر ونکی بہی لعاب جلے

یقین ہی مہندی پسکر نہ زنگدی ہیہات
جہانمین حسنِ شہید انسی گرشہاب جلے

دُعا یہی ہی نہ ٹھنڈا رہی زمانہمین
عدوی اخترِ ذاکر یہی اب شتاب جلے

## سلام

وفور حزنسی جو رونکو اشکبار ہی
جنابِ فاطمہ کو آج بیقرار ہی

کسید کا خشک گلا یاد آگیا شاید
جو سلسبیل کے آنکہونسی اشک جاری ہی

سحابِ اشک اسیرانمین چمکی برقِ ستم
تڑپ ہے رنج ہی آہ و فغان ہی زاری ہی

نہ مونہہ پہیر یگا لڑائیمین لاکہہ سی ہرگز
کہ جسم شاہ کو بھی شوقِ زخم کاری ہی

یزید زینتِ ہندہ مین ہے اور دہرِ مصروف
رسول زادیونکو لطفِ سوگواری ہی

گہٹا نہین ہی پیاسونپہ منہہ برستا ہی — جو لو کا جہونکا ہی بوندیکی وہ کٹاری ہی
ادہر ہین ساقیِ کوثر کی بیٹیان پیاسی — اودہر یزید کی مجلس مین بادہ خواری ہی
یہہ سوکہا حلق تہا چلنی سی ہگیا وہ ہی — گلی سی شاہ کی خنجر تلک بہی عاری ہی
نہ پوچہو عابدؑ و اہلِ حرم کا حالِ زبون — برہنہ پائی ہی یا اونٹ کی سواری ہی
تزک سواری اہلِ حرم کا کیا لکہون — کجاوہ رات کا ہی صبح کی عماری ہی
پلنگ و مسند و کرسی اہلِ شام ہین اور — تڑپتی خاک پہ شاہِ عرب کی پیاری ہی
خزانِ گلِ نبوی کی جو دیکہی غم چہایا — ہر ایک آنکہہ نہین ابرِ نو بہاری ہی
کہا حرم سی یہہ عابدؑ نی راہ مین رو کر — ہماری پاؤن مین بیڑی غضب کی بہاری ہی
حسینؑ کی کبہی دیکہی تہی اشک افشانی — یہی سبب ہی جو منہہ آسمانسی جاری ہی

کسیکی ذاتسی اختر نہ رکہہ توقع تو
ترا کفیل و معین بس جنابِ باری ہی

# سلام

شبِ شہادتِ مولائی دو جہاں ہی آج
یکین ہر ایک زمانیمین لامکان ہی آج

ہلالِ پیرِ فلک حزن سی کمان ہی آج
عجوزۂ شبِ ضربت بہت حیران ہی آج

خود اپنی آگ تین سبز پوش جلتی ہین
گلونکو کم نہین دوزخ سی گلستان ہی آج

چمن مین سوگ سی جامہ ہی عندلیبونکا
گلِ بہارِ ریاضِ جنان خزان ہی آج

علی شہید ہوئی شب سیاہ پوش ہوئی
سحر کو ماہِ فلک زرد رو روان ہی آج

ہر ایک شخص کی ابرو ہی لفظ مین گریان
ہر ایک گوشہ مین الجھی ہوئی کمان ہی آج

زمین ہلی جو ہین ضعف کے سی علی آہ
فلک یتیم ہوا کوئی نوجوان ہی آج

سوال کس سی کرینگی بہشت و دوزخ کا
زمانیسی سفرِ قاسمِ جنان ہی آج

جمالِ شمس مین تیزی نہین رہی باقی
ملال و غمسی رخِ ماہ بھی کتان ہی آج

یتیم آجکی شب ہوگئی ہین دو مہر و
ہر اک محب کا گریبان بھی کتان ہی آج

اُسیکا مزرعۂ دین تیغسی ہوا ہی خشک
جو آب دیدۂ دریا سی بہی رواں ہی آج

یہہ پہلا وار ہی جو پنجتن کو پہنچا ہی
جفائی اُمّتِ احمدؐ بہت عیاں ہی آج

کیا ہی حیدرِ کرّار کو شہید افسوس
طریق دین نبیؐ ظلم سی نہاں ہی آج

دل شجاعِ جہان یعنی حیدرِ صفدر
دل محمدؐ و زہراؑ سی ازوان ہی آج

وہ اُٹھہ گیا ہی زمانیسی ایک ضرب تہمتن
گروہِ انس و ملک جسکا رتبہ دان ہی آج

بہا جو تیغسی خون ہوگیا وہ شیر نحیف
علیؑ کا ضعف مین ہر عضو ناتوان ہی آج

الم مین ہین حسنین اور زینبؑ و کلثوم
تڑپ ہی نالہ ہی فریاد ہی فغان ہی آج

جمالِ شبّرؑ و شبیرؑ زرد ہی گلُسا
فراقِ والدِ ماجد بہت گران ہی آج

ہلی ہی قبرِ نبیؐ ظلم ابن ملجم سی
لحد مین سینۂ زہراؑ تلک طپان ہی آج

وہ شہسوار جو رُکتا نہ تہا سو اب اوسکی
سمندِ مرگ مین تلوار کی عنان ہی آج

وصی شہید ہوا شہر بی امیر ہوا
نبی و احمدؐ مختار اب کہان ہی آج

جنود و جیش محبان نہ کر سکی سید با — نشان مصطفوی مین جو جم عیان ہی آج

وہ روزہ دار نماز و مین تھا بدل مصروف — علی تھا نام کدھر کھو گیا کہان ہی آج

سمجھ چکی تھی وہ پوشین تیغ قاتل کے — علی کا حال ہی مظلوم کا بیان ہی آج

شقی وہ اوندھا پڑا تھا اوسی جگا یا تھا — نہ اوٹھا وہ تو کہا تجھپہ بدگمان ہی آج

وہی ہوا کہ کیا اوسنی کار نفرین کا — وفور حزن سی اشک نوحہ خوان ہی آج

نہ اوسپہ قاتل بیباک کو ملی تعزیر — جہان مین ایسا شہنشاہ عدل دان ہی آج

نعیم خلد کی مشتاق روح سر وہی — گل کرام کا طالب رخ جنان ہی آج

ہر ایک تیر ہی گوشہ مین سہم کم چھپتا — جو بار غم سی خمیدہ رخ کمان ہی آج

ہوا معلم اول جو علم سی خاموش — جہان مین نوحہ کنان روح انس و جان ہی آج

وہ خشک دل ہی کہ سو تیمین جا سکتا ہے — ہماری آنکھہ بھی ندیا سا اک کنوان ہی آج

یہہ داستان شہیدان آل زہرا ہے — اوڑائی خاک نہ مانیمین وہ بیان ہی آج

جناب فاطمہ کو ہو گی اطلاع پدر کہ حال غم کا کبوتر خبر رسان ہی آج

یہہ حر نی عرض کی آگی نجابی سر و کہ گرم ریگ ہی صحرا ہر اک طپان ہی آج

ہوا جو قاسم و کبری کا عقد بولی خلق جمال مشتری و مہر کا قران ہی آج

ندائی غیظ و غضب خیز دی یہہ اکبر نی ہمارے سامنے آئی کوئی جوان ہی آج

گرسنگان ستم بولی وقت ذکر عدا تنور مہر نی بہونی سبہونکی جان ہی آج

کہا حسین نی کمزور ہو گی و زنہ جنگ ہمارے جانمین طاقت بہلا کہان ہی آج

ثنا کرینگی جو نا آشنائی طاقت ہین یہہ بحر خون ہی ہر اک عضو سی روان ہی آج

ملال خیز ہو کیونکر نہ ناخدائی بحور سفینہ دل نہ ہر اک روان دوان ہی آج

وہ حادثہ ہی کہ جن و ملک پریشان ہین جنانمین جو ہر اک آہ غمکنان ہی آج

حنائی خون شہید انکی کیون نہ بوئی غبار پر دل صد پارہ کا گمان ہی آج

گلومین چاک ہوئی دامن مصیبت و غم رہا نہ ضبط کسی طاقت فغان ہی آج

پہپہولی بنگئی داغِ جگر بجائی انگشت
دہن مین خشک ہر اک طفل کی زبان ہی آج

پدر کی ہجر سنی بیتاب ہی سکینہ بہی
پسر کی یاد مین روتی سحر سی ماں ہی آج

کریم بخشیگا اختر کسی ہی کل کی خبر
غمِ علی سی ہر اک بال نوحہ خواں ہی آج

## سلام

الم امام کا ماہِ صیام پر گذرا
اسیمین ظلم وستم اوس امام پر گذرا

پرونکو کہولکی قاتل نی رومین مسجد مین
یہہ حادثہ جو امامِ انام پر گذرا

بروزِ قتلِ علی ہلگئی تہی قبرِ نبی
اثر جفا کا رسولِ کرام پر گذرا

اوسیکو کہتی ہین مشکلکشا زمانی مین
خدائی پاک کی جو مرد نام پر گذرا

ابو تراب کی غمسی زمین روتی ہی
ستم نبی کی مدار المہام پر گذرا

ٹکانہ سوزن جبریل سی رہا نہیمین
وہ زخمِ تیغِ امیرِ کرام پر گذرا

علیکی دروسی مسجد مین وہی ظہر و حمام
ہمائی زخم بدن جب عظام پر گذرا

جفائی اُمّت بیدین جو مرتضیٰ کو ملی
نہ ایسا ظلم کبھی صبح و شام پر گذرا

چڑہی جو کوٹہی پہ مشکلکشا شب ضربت
یقین ہوا کہ مہ جاہ بام پر گذرا

ظہور ماتم مشکلکشا سی دل نکلا
وہ رنج تہا کہ ہر اک خاص و عام پر گذرا

گلیسی ہو گئی مشکلکشا کی جب باہم
قلق غضب کا گلوئی حسام پر گذرا

جو بہاگا بعد شہادت چھپا کے تیغ جفا
لعین یہہ کہتا تہا ہر ایک گام پر گذرا

کسی وصی پہ نہ گذری علیؑ نی جو کہ سہا
بتاؤن کیا کہ جو اوس نیکنام پر گذرا

یہہ روزہ دار ہی کہتی ہین اسکو صوم و صلوٰۃ
نماز مین وہ قعود و قیام پر گذرا

ہوا وہ کعبہ مین پیدا اوٹہا وہ مسجد سے
وہین سی آیا تہا اور اوسکی گام پہ گذرا

ہوا خلیل خدا جب شہید مسجد مین
تو صدمہ قتل کا بیت الحرام پر گذرا

طریق و جادۂ ہستی مین جب قدم رکہا
علیؑ وصیِ نبیؐ خوشخرام پر گذرا

نصیحت و سخن پند و وعظ و رحمت و یاس
شہ انام علیؑ اس کلام پہ گذرا

یہانسی مختلف الحال ہی بیان میرا
سناؤن تجہکو جو آلِ کرام پہ گذرا

حسینؑ کی تہی جو اطفال اونکا یہی حال
کہ اوسکا طفل صغیر ایک جام پہ گذرا

امام ابن امام اپنا سر پکڑ رو یا
وہ ننگی پاؤن جو ہین شہر شام پہ گذرا

حقیقتہً ہی وہ پیارا خدا کا ای اختر
بغور دیکہہ علیؑ کس مقام پر گذرا

## سلام

گہر سی جب بہر وغا شاہ دلاور نکلے
سیکڑون تیر چلی سیکڑون خنجر نکلے

ہاتہونسی پیٹ لیا زعفر جن نی سر کو
شہدا کی جو وہانپر تن بے سر نکلے

جب گنا جوہری موت نے مالای حسینؑ
ایک ہی ہار کی یہہ لعل بہتر نکلے

قتل عباسؑ کی جب دوہو ہوئے مقتل مین
دو نو ہاتہونسی کمر تہا کی سرور نکلے

ننگی سر اونٹون پہ تہی کونین مین سب اہلحرم
سر برہنہ سرِ بازار پیمبر نکلے

نہ رہا کوئی تو پہر وقتِ شہادت شہکو
دہیان تہا رنمین نہ اب زینبِ مضطر نکلے

لال ہو جائی زمین خونِ شہید انسی جب
سُرخ کیونکر نہ فلک پر شہِ خاور نکلے

جرأتِ لشکرِ شبّیر سی نسبت ہی کسے
ایسی ہفتاد و دو تن تہی کہ وہ مر کر نکلے

جب چلی مرنیکو شبّیر سوئی کرب و بلا
پابرہنہ وہین ہمراہ پیمبر نکلے

پردہ دار نہ رہی اہلحرم کی جسدم
وہین انگشت بلب شافعِ محشر نکلے

واہ رے جود و سخا عینِ غم و غصہ مین
کلمۂ بد نہ کبہی شاہ کی لب پر نکلے

یا علیؑ کہنی لگی آلِ علیؑ خیمی مین
کہینچی تلوارین جو میدانمین ستمگر نکلے

قصدِ خیمہ طرفِ شاہ جو غیرون نی کیا
خویش و فرزند و پسر اور برادر نکلے

کیا لڑی دونون کی دونون صفتِ ضیغم و برق
پسرِ زینبؑ ناشاد دلاور نکلے

بعدِ قتلِ علیؑ اکبر جو چلی میدانکو
خلعتِ آخری شبّیر پہنکر نکلے

عرض کرتا ہی سمجھہ لیجی شاہ کونین
باطفر دار بلا سی کہین اختر نکلے

## سلام

سہرا اسیر نوشاہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر
ہالہ ہو جیسی ماہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

دنیا مین لعنت بڑی ہی عقبیٰ مین نار تیز ہی
گہر فرقہ گمراہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

فرمایا یہہ عباس نی ملعون کیا سوا سی
پایا نشان گمراہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

جو کوہ دین سی کر گیا دین خدا اسی پہر گیا
باندہا ہی وہ کلاہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

حر نی کہا مرتا ہون مین دیکہو الگ کرتا ہون مین
لشکر اسیر بد خواہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

افسر گلابی تہا دہر عاشور کو روز وغا
شملہ تہا ظل اللہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

خیمی کی جانب گہہ نظر گہہ سوی میدان چشم تر
تہا قلب شاہنشاہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

مونہہ پر علی دلمین عمر عقبیٰ و دنیا مین ضرر
طالب ہی ایسی جاہ کا آدھا ادھر آدھا ادھر

اک سمت تہا نہی تہی قضا یکسو سکینہ با بکا
کہینچتا تہا دامن شاہ کا آدہا ادہر آدہا ادہر

اوّل عزیز خلق ہی وم چہری اور حلق ہی
یوسف گرا اس چاہ کا آدہا ادہر آدہا ادہر

اختر نثار شاہ رہ اس فقر مین بہی ماہ رہ
بیدین ہی طالب جاہ کا آدہا ادہر آدہا ادہر

## سلام

سلام کرشہ والا مقام جاتی ہین
جنان مین وارِ فنا سی امام جاتی ہین

چلی جو اکبرِ ناشاد بولین زینبِ زار
وہ دیکہو اکبرِ نازک خرام جاتی ہین

رکی نہ روکی سی شبیر جب حرم نی کہا
سکینہ دوڑو تشنہ کام جاتی ہین

محبوّ خاتمہ پنجتن قریب ہوا
اب اس جہان سی امام کرام جاتی ہین

جلو مین حیدرؑ صفدر ہین فاطمہؑ و نبیؐ
سمندِ غم پہ شہِ خوش لجام جاتی ہین

بتاتا ہی خضرِ شوق جادۂ محنت
خدا کی راہ مین شاہِ انام جاتی ہین

بنای مجلس شبیرؑ ہوتی ہی جسجا | فرشتی روز وہان صبح و شام جاتی ہین
بوقتِ فتنِ اکبرؑ کہا یہہ زینبؑ نی | وہ دیکہو شاہ بہی کہنچی پہ حسام جاتی ہین
چلی جو عابدؑ ناشاد بولی خلقِ خدا | شہِ ہدا کی مدار المہام جاتی ہین
برہنہ اونٹونپہ کہتی تہین زینبؑ و کلثوم | وہ اہلِ شام کی افسر تمام جاتی ہین
رہائی پاکی جو عابدؑ چلی کہا سب نی | کسیطرف کی امیرِ عظام جاتی ہین
برہنہ سر سرِ بازار کہتی تہین زینبؑ | وہ دیکہو رایتِ کفر و ظلام جاتی ہین
جو دوپہر کو لڑائی ہوئی کہا سبنی | وہ تشنگی مین شہِ نیکنام جاتی ہین
روانہ ہوتی ہین شبیرؑ وقتِ رخصت ہی | صغیر طفل بہی کرنی سلام جاتی ہین
سکینہؑ بولی سرِ شہ کو بستہ خوانمین دیکہہ | سرونپہ خوان ہین بہرِ طعام جاتی ہین
بوقتِ قصدِ وغا شہ سی عرض کی سبنی | حضور ٹہرین کہ پہلی غلام جاتی ہین
زنانہ عونؑ و محمدؑ کو دیکہکر بولا | یہہ بہانجی ہین پئی انتقام جاتی ہین

شہیدونکی ہین نیزونپہ سر مگر یارو
ملک خصال ہین یا لائی بام جاتی ہین

کہا امام کی لشکر کو اہلِ کوفہ نی
یہہ خاص لوگ ہین فیضِ عام جاتی ہین

کہا یہہ حُرسی شہِ دین نی لفظِ صلح کجا
اودہر لڑائی کی ہردم پیام جاتی ہین

یہہ ایسا غم ہی کہ فرصت نہین ہی اخترِ زار
جہانسی نوحہ کنان خاص و عام جاتی ہین

## سلام

آئی غمِ حسینؑ مین دلکو قرار کب
دیکہون مزار و منزلِ عالی وقار کب

بولی سکینہؑ رخصتِ عباسؑ جب ہوئی
لائینگی جامِ آب چچا ایکی بار کب

زینبؑ یہہ اپنی بیٹونکو کہتی تہی بار بار
میدانسی ہٹّین گی بہلا شہسوار کب

ہون کشتۂ فسانۂ گیسو و روئی شاہ
چین آئیگا مزار مین لیل و نہار کب

شیعونکی رتبی ہونگی افلاکسی دو چند
رہ جائیگا جہاںمین کوئی خاکسار کب

اوٹھو نپہ بہی سکینہ نی زینب سی یون کہا — آئینگی ای پہوپہی شہ دُلدُل سوار کب

زینب نی کی یہہ عرض کہ ای ابن بوتراب — مانیگا ہجرِ شہ مین دلِ بیقرار کب

رومال تہا نہ مقنع و چادر تہی نے ردا — پونچہا گیا حرم کا رخِ اشکبار کب

باغ جہان مین کہتی تہی بانوئی پر خزان — جنگاہ سی پہریگا مرا گلعذار کب

کہتی تہی وکی فاطمہ صغری ہر اک صبح — کٹ سکتی ہی بہلا یہہ شبِ انتظار کب

رنج و خزان و خشکی باغِ رسول مین — دیکہی نبی کی آل نی فصلِ بہار کب

ایدل نہ حالِ خستگی نعشِ شاہ پوچہہ — پہلو تلک ملا اوسی سنگِ مزار کب

دندانِ شہ پہ رکہکی چہڑیکو یہہ بولا سگ — دیکہی کسی نی ایسی دُرِ شاہوار کب

دامن کو آنسوؤنسی حرم چاک کرتی تہی — باقی رہی گلیمین گریبان کی تار کب

ای جوہری حزن لگا عینکِ الم — اشکونکی طرح ہونگی دُرِ شاہوار کب

سلکِ دُرِ الم ہی مرا اشک ای محب — ڈوریمین آئی موجِ نسیمِ بہار کب

قاسم ہوئی شہید دولہن رانڈ ہو گئی
بیوہ ہوئی نصیب ہوئی گلگی ہار کب

اکبر یہہ بولی خرمن اعدا جلاؤنگا
آگی مری ٹھہرتی ہین برق شرار کب

ناری جو ہین وہ نور سی کب مشترک ہوئے
ممزوج ہوتی پہہولونمین دیکھی ہین خار کب

ہر برگ شاخ ترکف افسوس بنگئے
خالی ہین نوحہ خوانیسی دست چنار کب

روتی ہین ڈاڑہین مار کی خوش چشم بہر شاہ
صحرائی غم مین چپ ہین غزال تتار کب

اختر نظر پڑی جو ہمین روضۂ حسینؑ
آنکہین ہماری جہپکین دم انتظار کب

## سلام

خانۂ آل عبا ظلم سی برباد ہوا
اُجڑا ہر شہر و مکان خلد جو آباد ہوا

کیا پسند آیا حساب رۂ عقبیٰ حقکو
دفتر رنج شہ دین پہ عجب صاد ہوا

مزرع دینکو کیا ظلم سی پامال ستم
صید تہا سبط نبیؐ شمر جو صیاد ہوا

بہولی دنیا کو تہِ خنجرِ کمین شاہ زمن
کلمہ حق کی سوا کچھہ نہ اونہین یاد ہوا

جب گلا شہ کا رکہا اوسنی تہِ تیغِ دودم
روسیہ عشر کی دن سامنی جلّاد ہوا

باندہا سہرا وہین پانوٗنی سرِ نازک پہ
قاسمِ ہجر پشید جو ہین داماد ہوا

بلبلِ دین نی کیا جب سفرِ ملکِ بقا
بارِ آفت سی دوتا باغ مین شمشاد ہوا

رنج و غم ختم حسینؑ بن علیؑ پہ دیکہا
کوئی دنیا مین نہین شاہ سا ناشاد ہوا

انبیا ظلم و ستم کی کرین مُہر ہین گواہ
شہ کا تیار اگر کاغذِ فریاد ہوا

روزِ عاشورہ کیا غلغلہ سخت بپا
قتلِ شبیر سی ہر ایک عدو شاد ہوا

تہنیت دینی سرِ لشکر وہین نامردون نی
جبکہ ہر پیر و جوان رنج سی آزاد ہوا

حورین کسطرح پریشان نکرین بالونکو
قتل میدان مین جبریل کا اُستاد ہوا

تڑپا اصغر تو روان ہوگیا دریائی خون
تیر گہر جو لگا نشترِ فصّاد ہوا

بلبلین خاک بسر ہون کہ خزان آپہنچی
آہ برباد بس اب گلشنِ ایجاد ہوا

کیوں نہ راہی ہوں سوئی ملکِ بقا شاہِ ہدیٰ
باغ دنیا کا اگر گلشنِ شداد ہوا

نورِ شمس اور قمر کیوں نہ زمیں کو چھپائے
آہ مٹّی میں نہاں حسنِ خداداد ہوا

جب مٹا خاک میں وہ چہرۂ زیبائے حسینؑ
نعرہ زن زیرِ زمیں نجسی بہزاد ہوا

دو پہر دن میں ہوا خاتمۂ آلِ عبا
آہ تاراج وہ سب خانۂ آباد ہوا

بعدِ اکبرؑ نہ رہی شاہ جہاں دنیا میں
زندگی پھر نہ ہوئی جب غمِ اولاد ہوا

لعنتِ حق ہو سدا شمر پہ تا روزِ جزا
ایسا دنیا میں نہ اختر ستم ایجاد ہوا

## سلام

مظلوم نہیں شاہِ خوش اطوار کی مانند
دیکھا نہ جری حیدرِ کرّار کی مانند

دلدل کی برابر نہ کوئی اسپ جہاں تھا
شمشیر نہ تھی شاہ کی تلوار کی مانند

فرماتی تھی شہ اور بھی مظلوم ہیں لاکن
غمگین نہیں دل اس دلِ ناچار کی مانند

زخم سرِ ناوک کا شہِ دین کی لکھا حال ۔ تیزی ہی قلم مین لبِ سوفار کی مانند
زینبؑ نی کہا برقِ سی بیتابی ہی افزون ۔ سیماب نہین میری دلِ زار کی مانند
ہاتہونکو اوٹہا حضرتِ زینبؑ نی دعا دی ۔ حُر نی بہی کیا کام جو غمخوار کی مانند
تب مین نہی وہ کانٹونپہ روان تہی سرِ مقتل ۔ رنجور نہین عابدِ بیمار کی مانند
عباسؑ کی شانی لبِ دریا ہوئی ٹکڑی ۔ پر اونکو ملی جعفرِ طیّار کی مانند
لاش علی اکبرؑ پہ جو بانو نی نظر کی ۔ تہا زخم عیان سینی پہ اک غار کی مانند
ہمشکل نبی تہی علی اکبر تو سراسر ۔ تصویر بہی تہی احمدِ مختار کی مانند
تڑپا جو انی کہا کی دلِ اکبرِ گلرو ۔ نیزی کی کہٹک سینی مین تہی خار کی مانند
شہ نی کیا عباسؑ کو لشکر کا علمدار ۔ اک ایک مین طاقت ہوئی دو چار کی مانند
بیٹہی گا نہ جو بزمِ عزائی شہِ دین مین ۔ محشر مین کہڑا ہوگا گنہگار کی مانند
پہل برچہیونکی حضرتِ اکبرؑ پہ لگی تہی ۔ تہی زخم عیان سینی پہ گلزار کی مانند

جب دیکھتی تہی گیسوی اکبر کی تڑپکو
کیا پیچ مین آتی تہی لعین مار کی مانند

نادان نہ کہو ابنِ امامِ دوسرا ہین
لڑکی بہی لڑی شاہ کی ہشیار کی مانند

روندی گئی لاشی تو عروج اونکا ہوا اور
نعلونکی ہین گل میخین سرِ دار کی مانند

خوشبو کیا ہر گردنِ اعدا کو سرِ ضرب
پلٹی جو ہین شمشیرِ علیؑ ہار کی مانند

تہین نہ توانائی تہی عابد کی ذرا بہی
آنکہین تہین عیان مردمِ بیمار کی مانند

جب وہب کی مان لیکی چلی چوبکو زمین
لکڑی نی کیا کام تہا ہتہیار کی مانند

کب جو ہر ہی غمکو نظر آئی جواہر
موتی ہی کہان اشکِ گہر بار کی مانند

پہر کہتی تہی ہین دینِ محمدؐ مین مسلمان
لڑتی تہی لعین شاہ سی کفار کی مانند

گہر چہوٹا لُٹا شہر مدد کیجئی آقا
بی آس نہین اخترِ ناچار کی مانند

سلام

غمِ شبیر سے اب قلب کا عالم دگرگون ہے
نہین آنسو روان ہین آنکھونسے بہہ موجِ خون ہے

ہے فکرِ انقلاب ہر ایک کی کیا چرخ وارون ہے
پہر آیا کربلا سے شام تک یہہ دورِ گردون ہے

شہادت سے شہِ دین کی ضعیفونکو بہی ماتم ہے
سیہ تاب اس لئی ہر نوجوانکی زلفِ شبگون ہے

چلی تہی پا برہنہ عابدِ بیجا کا اُٹہو پیر
جہانمین خاک بیز اسواسطے صحرا و ہامون ہے

دو رنگی ابلقِ ایام کی مقتلمین ظاہر ہے
جو تہی گلگون نشین مجروح اونکا پائی گلگون ہے

یہہ کالی رات جنگل ہے فرماتی تہین یون بانو
نہ مل منہہ بیکوائی ہے کہ مجکو خوفِ شبخون ہے

عجب یہہ فرقۂ شیعہ ہے لیلیٰ وار ماتم مین
جو ہے وہ عشقِ شاہِ دینمین ہر دم مثلِ مجنون ہے

یعین سمجہی ہین حضرتِ زینبؑ بہن سے شہ کی
جو دیکہا نعشِ اکبر پر یہہ روتی ایک خاتون ہے

مئے عرفانسے دلنے ساغرِ حبِ علیؑ پایا
ٹپکتی ہے جو بوند آنکہونسے آنسو کی خمِ خون ہے

نہ مانی اُمتِ بیدین کہا خیر البشر نے یون
وصی میرا جہانمین یا علیؑ تو مثلِ ہارون ہے

صحابہ نے کہا شہ سے نہین مرقد تو کیا غم ہے
یہہ ناداری ہماری حقمین حضرت گنجِ قارون ہے

نہ جام نکلوای اکبر یہہ فرماتی تہی شاہ دین
یہہ بابا ایک تسی تری ہی چہرہ پیکا مفتون ہے

نہ ٹوٹو ایک پہ لاکہون لعینونسی کہا شہہ نی
لڑائی اسطرح کی لڑ رہی ہو کون قانون ہے

کوئی گل آنکہہ مین جچتا نہین کہتی تہی یہہ سرور
بس اک باغ جہان مین تیرا اکبر نقد موزون ہے

شب ضربت کہا یہہ ابن ملجم سی شہ دین نی
سمجہتا ہون ارے قاتل جو تیری دلمین مکنون ہے

سما سکتا نہین کاغذ پہ مضمون جنگ خنجر کا
احاطی سی قلم کی حال قتل شاہ بیرون ہے

در آتی جسم مین یون ہی لعین حضرت تسی کہتی تہی
یہہ سیف و زبان ہرگز نہین ہی تا صابون ہے

نہ روکو مجہکو وقت جنگ فرماتی تہی یون سرور
یہہ فدیہ بارگاہ حق سی جان دینیکا ماذون ہے

کہا حر نی کہ پہر چلیی تو فرمایا یہہ سرور نی
یہان سب قتل ہون پہر کر نجائین حکم بیچون ہے

تسلی آب وصل شاہ سی تہی کہتی تہین زینب
سلگتی مثل آتش نجسی سینی کی کانون ہے

یہہ موزونیت ایسی ہی کہ اختر فخر کرتا ہی
کراماً کاتبین کی ہاتہہ سی ہر شعر مقرون ہے

# سلام

مُحرّم نی چہپانا ہی سینہ ہمارا
کہا شہ نی ہی یہہ مدینہ ہمارا

لڑو ایک اک کہتی تہی شاہِ والا
بگاڑا العینوں قرینہ ہمارا

رہین شہ جہا نمین یہہ کہتی تہی زینب
ہی اس دمسی ابستہ جینہ ہمارا

چہپی ہین اہی داغ کہتی تہین زینب
کہلی گا قیامت مین کینہ ہمارا

بندہی بازوئی جبرئیلِ امین پہ
ہر اک شعرِ تر ہی نگینہ ہمارا

بہا بحرِ آفتین فرمایا شہ نی
ہوا غرق خونمین سفینہ ہمارا

کہا شہ نی عباس ہی ہوگا قربان
بہیگا جہا نپر پسینہ ہمارا

زمین پر ہین یہ تبی بڑی کہتی تہی شہ
نکر پاس چرخِ کمینہ ہمارا

لڑو گرچہ لڑتی ہو فرمایا شہ نی
کیا بند کیون کہانا پینہ ہمارا

بہن سی کہا شاہ نی ہی مُقدّر
دکہائیگی غم چشم بینہ ہمارا

کہا شہنی مُجکو ہوا اُنکا تو سُنئے
دلونمین لعینونکی کینہ ہمارا

یہہ حورونکا چہرہ ہی کہتی تہی اکبرؑ
کری پاس چشم حسینہ ہمارا

یہہ کی عرض اکبرؑ نی قبلِ شہادت
کفن اِی پہوپہی جان سینہ ہمارا

زرِ طاعتِ رب ہی کہتی تہی سرو
رہیگا ابد تک دفینہ ہمارا

لڑی کربلا مین کہا شاہِ دین نی
چُھڑایا لعینون مدینہ ہمارا

یہہ آلِ عبا تہی کہا قیدیون نی
جو زیور تہا تک سبنی چہینہ ہمارا

کہا بعدِ قتلِ پسر شاہِ دین نی
اب اندہا ہوا آبگینہ ہمارا

کہا شہنی ہی پرچمِ فتح ظاہر
کہ ہی کوس فتحاً مبینہ ہمارا

کہا شہنی ہی قولِ اللہ برحق
بس اب ہاتہہ چہوڑو سکینہؑ ہمارا

حسینِ ابنِ حیدر نی فرمایا روکر
رہا خاک ہی مین خزینہ ہمارا

ملا ہمکو رتبہ کہا شاہِ دین نی
شہادت ہی معراج زینہ ہمارا

شعاعِ غمِ قتل ہی بولی حضرت
مقابل نہین طورِ سینہ ہمارا

عجب کیا کہا شہنی ہو کی ایسی ہین
گری ذکر نانِ شبینہ ہمارا

یہہ امید اختر ہی ربِّ علا سی
رہی تا قیامت یہہ ملینہ ہمارا

## سلام

تعزیہ دارونکی اب آج علم ملتی ہین
سیکڑون شیعونکی جانونکو الم ملتی ہین

شہنی فرمایا نکلجاتی ہی جان بہی ہمراہ
بہر رخصت علی اکبرؑ سی جو ہم ملتی ہین

شہنی فرمایا کہ ہی نوحکا طوفان پر ہل
ابر بارانسی مری دیدۂ نم ملتی ہین

جو محب بعدِ فنا راہ بہک جاتا ہی
حضرتِ خضر سرِ راہِ عدم ملتی ہین

رہ نمین کہتی تہی لعین اسپِ علی اکبر کو
سرعتِ بادِ صبا سی یہہ قدم ملتی ہین

نہ چہٹو مجہسی یہہ کہتی تہی صحابہ سی حسینؑ
با وفا دوست زمانہ مین تو کم ملتی ہین

ہند سی زینبؑ ناشاد نی زندان مین کہا
کب فقیرونسی بہلا اہلِ حشم ملتی ہین

مرتبہ شیعونکا ہی بعدِ فنا بہی ظاہر
اونکو عقبیٰ مین بہی گلزارِ ارم ملتی ہین

لوح پر لکہا ہی سب مرثیہ خوانونکا نام
کسکو اسطرحکی اب دست و قلم ملتی ہین

اونہی ہی عیش وہان بعدِ قیامت ہونگی
جتنی رنجِ شہِ والا سی الم ملتی ہین

کہا عابدؑ نی گرسنہ رہی زندانِ حرم
عوضِ آب و غذا اسکو تو غم ملتی ہین

جسبی زندانِ شہِ دینکی صفت کی ہی رقم
میری بیتونسی جواہر کی رقم ملتی ہین

وقتِ رخصت ہی بس اب خاتمۂ جنگ ہوا
بہنونسی وہ کی شہنشاہِ امم ملتی ہین

دیکہکر روتی ہین شاہنشہ کو بہنین بہ حال
خویش و فرزند و برادر جو بہم ملتی ہین

مہلت اکشب کی نہ دی آب و غذا کا کیا ذکر
شہِ مظلوم سی کب اہلِ ستم ملتی ہین

حال لکہتا ہون شہِ دینکی جو تنہائی کا
اخترِ زارِ الم وقتِ رقم ملتی ہین

# سلام

غمِ قتلِ سروِ پاک نے مرے جانکو ویہ لگا دیا
ہمہ اشک آنکھوں سے ہیں رواں کہ جہاز دلکا بہا دیا

کیا شاہِ دین نے غضب بیاں سُنے گوشِ پیرِ فلک کہاں
تجھے آہ اکبرِ نوجوان دمِ جنگ قتل گرا دیا

چلی آئی زینبِ ناتوان کہا آہ اکبرِ نیمجان
ترے سوگ مین مرے لاڈلے یہ حجاب پردہ اوٹھا دیا

کہا مان نے بیٹا گئے کہان تری شہربانو ہے خونفشان
یہ خاکِ کو گو بتاؤ تو کہو چاند کسنے دبا دیا

یہی رو کی پیٹ کی کہتی تہی کہ ہوے پہ نثار ہے اے جگر
مرے آگے آنکھونکی سامنے ترے لیہ نیزہ لگا دیا

کہا شاہِ دین نے کہ اکبر اب کہاں ڈھونڈھون تمکو میں تشنہ لب
ہہ چارہ کہاں چھپ رہے مرے دلکو داغ لگا دیا

گئی نعش خیمے مین جسگھڑی کہا شہنے قاسمِ خستہ جان
رگِ جان پہ نشترِ غم لگا مرے آئینے کو مٹا دیا

کہا لاش ابن حسن سے یون شہِ دین نے دولہے بن چکے
یہان تم بلی قندِ صالکی تمہین جامِ مرگ پلا دیا

بڑی دیر سے تکے راہ بہی نگران ہی گوشہ تھی جان جے
کہا فاطمہ نے یہ مرغ سے مری خط کو تو نے نہ لا دیا

کہا شہنے تازہ الم ہوا مرے سامنے جو پسر موا
مرے زخمِ نو کو بہی آہ دل سرِ دار کربِ دکھا دیا

جلی نار قتل پسر جو ہین تو کہا یہہ سرور پاک نی
سر راہ مشعل عیسیٰ مری جان و دلکو جلا دیا

جو ہین وکی نعش پسر کی وہان شاہ دین نی مقابلہ
وہین سیف تیز سی مار کی سر راہ سکو ہٹا دیا

کیا شہہ نی حسن سی مقابلہ وہ حسین کے نہ قرین رہا
نہ اوٹھا یار روز حساب تک جسی خوش صبر بٹھا دیا

ملا ایسا رتبہ شہید ونکو جو ہوا شہید ستارہ تھا
او نہین مثل عیسیٰ نے مین سر راہ چرخ چڑہا دیا

کہان حوران کہان نکی اشقی کہا فرق سبط نبی لعین
کہا قید مین یہہ سکینہ نی مجہی شمر تونی ڈرا دیا

علی اصغر آہ کدہر گئی کہا بانو تمکو ندا کرے
جو ہین وکہا مہد فراقکو وہین جہولہ غم نے جہلا دیا

کہا فاطمہ نی یہہ نا سی میر جنی تہی جو صلے
تب ہجر و رنج و فراق مری جان و تنکو جلا دیا

نہین تاب کوئی بشر سنی غم و حال ابن علی لکہے
کیا نوحہ اختر زار نی تو زمین زمانکو ہلا دیا

## سلام

غم شبیر سی ہی گز نہ دل نہ اثر گہٹا
چہائی رنج و الم و یاس کی سو بار گہٹا

طوبسی ظلم کی ہر ہر لب سوفار گھٹا
تیر غمسی نہ کبھی دست کماندار گھٹا

نقد سر دیکی بڑھا مال ماتمکا مول
جنس و سودائے شہادتکا نہ بازار گھٹا

جھوم جھوم آتی ہی کیون بر سر دشت پرخون
کس لب تشنہ کی ہی زمین طلبگار گھٹا

لشکر اہل جفا دیکھکی بولی سجّاد
نیزی کاندہونپہ ہین یا ہی سر دیوار گھٹا

دھوپسی جلتی ہین لب تشنہ ہین غمخوار حسین
لاکھین پیاسونپہ ای آہ شرربار گھٹا

دل ہری ہوون نہ ابھی انکی جو آن ہو سیراب
آئی مقتل مین جو بہر صف جرّار گھٹا

جبسی سودائی شہادت ہی بڑھا مقتل مین
نرخ بازار دل مردم اشرار گھٹا

ہمسری عیش وہ نہین کرتی ہی محبّونسی
لب سقّای حرم سی ہوئی یار گھٹا

موسم گرم مین کانٹا تہی زبان شہ دین
حوصلہ دلکا اب ای بلبل گلزار گھٹا

نہ رسا ہوئی اک بوند لب تشنہ تلک
اب برستی ہی عبث فصل مین بیکار گھٹا

یاد کر کر کی بڑھا ہی مرض ہجر پدر
فاطمہ کہتی تہی میرا دل ناچار گھٹا

ایک پل بھی نہ تھما زیست مین اشک عابد
چشم پرنم سی نہ ہوگی کبھی دوچار گھٹا

جیسی پیاسا گل احمد ہوا دنیا مین شہید
نظر صاحب ایمان مین ہوئی خار گھٹا

جس شقی نی علی اصغر پہ لگایا تھا تیر
انگلیان ٹوٹ گئین دست کماندار گھٹا

شہرۂ جرأت شبیر فلک پر جو ہوا
جیسی باندہ آنی لگی بجلیکی تلوار گھٹا

لعل زہرا ہوا جسوقت سی لب تشنہ شہید
پھر نہ رونیسی دل ابر گہربار گھٹا

یاد کرتی تھی وہ برسا تین لبھائی حسین
دیکھتی تھی جو کبھی فاطمہ بیمار گھٹا

حوصلہ بڑھتا رہی اشک فشانیکا نہ تو
غم شبیر سی اختر نہ دل زار گھٹا

## سلام

مرسل نہین دنیا مین پیمبر سی زیادہ
بیکس نہین کونین مین سرور سی زیادہ

محزون نہین کوئی شہ مضطر سی زیادہ
خوشبخت نہین حر دلاور سی زیادہ

خالِ رُخِ اکبر بہی تہا قنبر سی زیادہ
کب مشک تہا اوس زلفِ معنبر سی زیادہ

تہی اشجعِ کونین حسینؑ بن علیؑ پر
مظلومی بہی تہی جراُتِ حیدر سی زیادہ

گو حضرتِ زینب کے پسر بہی تہی پر آہ
رکہتی تہین محبت وہ برادر سی زیادہ

گو بہوک کی تیزی شہِ دینکو تہی دمِ قتل
اوسوقت مگر پیاس تہی خنجر سی زیادہ

تقدیر مین گو رنج والم ایذا تہی لاکت
تہا صبرِ حسینؑ اُنپی شدت سی زیادہ

گو اور ونسی مانوس سکینہ تہی پر افسوس
نادان تہی ہلی زینبِ مضطر سی زیادہ

جبسی خبرِ قتلِ پدر اوس سُنی تہی
تہا فاطمہ کو اُنس کبوتر سی زیادہ

خونابِ جگر پیتی تہی گُل نعشِ پدر کی سے
تہی زخمِ بدن لالۂ احمر سی زیادہ

طالع مین شہِ دینکی نہ تہا آبِ دمِ نزع
حسرت رہی پانیکی سکندر سی زیادہ

بی آبرو دُر تہی نہ سکینہ سی وفا کے
مجروح ہوئی گوش تو گوہر سی زیادہ

تسبیح و عبادات دُعا مین رہی سجادؑ
تہا خانۂ زندان بہی اونہین گہر سی زیادہ

حاضر ہوا حر جبکہ پئی عزم شہادت
کیعرض کوئی گہر نہین اس گہر سی زیادہ

گو پیاس مین ہین قتل ہوا بولی یہہ سرور
پانی تو ہی کوثر مین مری سر سی زیادہ

شہنی کہا پانی نہ مجہی یون ہی ہی گم آہ
آنکہین ہین مری چشمۂ کوثر سی زیادہ

ہر ہوس و آرزو سینی مین ہوئی قتل
بی آس نہین زینب مضطر سی زیادہ

میدان مین لعین بہاگ کی کہتی تہی دم جنگ
دیکہا نہ حسین آنکہون نی اکبر سی زیادہ

شش ماہہ کو گو دمین شہادت ہوئی حاصل
کم سن نہین گذرا علی اصغر سی زیادہ

زندان مین سکینہ یہی کہتی تہی کہ بابا
مانوس تہی مین سینۂ اطہر سی زیادہ

جتنی سر سردار ہوئی راہ روی کم
قرآن سنا لبہائی مطہر سی زیادہ

ہونٹونپہ ہی دم اب تو مدد کیجئی مولا
مضطر نہین اس اختر بیپر سی زیادہ

## نوحہ ہا

# نوحہ

ماں کہتی تہی اے یوسفِ ثانی علی اکبر
برباد ہوئی تیری جوانی علی اکبر

دلوادین ترا فاتحہ رو رو کی مین آکر
ملجائی جو اِس بیوہ کو پانی علی اکبر

بس سو چکی اُٹھو مری جان دُہوپ بڑہی ہی
سُنتی ہی نہین میری کہانی علی اکبر

خود لی لیا سینہ پہ لبِ نوکِ سنانکو
اماں کو نہ دی اپنی نشانی علی اکبر

ہوئیگی مری جان نہ دلسی رہی باقی
تاحشر تری مرثیہ خوانی علی اکبر

ہونٹوں تو لبِ لعل ہین تر یا ہین ابہی خشک
دکہلاؤ ذرا سیف زبانی علی اکبر

کس پیار سی سمجہا تہی مجہی مرنی چلی تہی
ہوئیگی نہ وہ سحر بیانی علی اکبر

نیزہ مین اٹک رہگیا پیاسیکا کلیجہ
بولو ہی کہاں زخم نہانی علی اکبر

مین مان گئی بہیجدیا رن مین دمِ صبح
تُمنی تو کوئی بات نہ مانی علی اکبر

پالا تہا جو اٹہارہ برس آنکہو مینی
کچہہ قدر بہی دائی کی نہ جانی علی اکبر

یون کہتی تہی بیتابی سی عباس دمِ نزع
پانی علی اکبر ارے پانی علی اکبر

اُٹھو مری جان سو چکی بیتاب بہنین
ہی رات بڑی کم ہی کہانی علی اکبر

لاتی نہ تمہین کرب و بلا مین نہ یہہ سہتی
تقدیر مین آفت تہی ڈہانی علی اکبر

کیا سوکہہ گئی مونہہ مین زبان بند ہوئی
دو مجہکو جواب اے مری جانی علی اکبر

ہلکا ہوا دل موم ہوا جاتا ہی سینہ
اب کرتا ہی یہہ خواب گرانی علی اکبر

دریا کیطرح اوڈا ہی دل موجِ المسی
کم ہوگی نہ یہہ اشک فشانی علی اکبر

قاصد نی کہا ہون خطِ صغرا کا طلبگار
پیغام تو دو مجکو زبانی علی اکبر

اختر صفِ ماتم مین یہہ بانو نی کئی بین
فرماتی تہین سر پیٹ کی جانی علی اکبر

## نوحہ

بیوطن و شاہدین آہ مسافر حسین
مہر رخ و مہ جبین آہ مسافر حسین

ذیر

زینبِ تشنہ دہن کہتی تہین ای شہ بی تن — خالی ہوا تمسی زمین آہ مسافرِ حسینؑ

بیبیون نی کہولی بال زندگی سبکو وبال — زہرا ہی ماتم نشین آہ مسافرِ حسینؑ

چرخ مین ہی آسمان کالا ہوا سب جہان — تیرہ زمان و زمین آہ مسافرِ حسینؑ

قطرۂ اشک آسمان کیون نکرے ہی ابر روان — روتی ہے تمپر زمین آہ مسافرِ حسینؑ

زینبِ گریہ کنان کرتی تہین رو کر بیان — غم کش و اندوہگین آہ مسافرِ حسینؑ

تاجِ سرِ جبرئیل سبکی معین و کفیل — ماہِ عرب مہرِ دین آہ مسافرِ حسینؑ

تکیۂ بازوی ماہ جبہۂ تاج و کلاہ — خاتمِ دل کی نگین آہ مسافرِ حسینؑ

آیۂ صبر و رضا مایۂ لطفِ خدا — باعثِ تاج و نگین آہ مسافرِ حسینؑ

آنکہین ہین یعقوب وار دل ہی ہوا بیقرار — یوسفِ دوران حسین آہ مسافرِ حسینؑ

زہرا کی فرزند کی آب و غذا بند کے — سمجہی یہہ کیا اہلِ کین آہ مسافرِ حسینؑ

بات تہی قند و نبات خوش بدن و نیک ذات — رو و دہن انگبین آہ مسافرِ حسینؑ

پارۂ جانِ رسول لختِ روانِ بتول
اور دلِ یعقوب دین آہ مسافر حسینؑ

فاطمۂ صغریٰ وہاں سحر سے گریہ کناں
آپ ہیں صحرا نشین آہ مسافر حسینؑ

چین نہیں جانتا بات نہیں مانتا
یہہ دلِ اندوہ گین آہ مسافر حسینؑ

شیعو نہ موقوف ہے رنج میں موقوف ہے
غم سے ہیہ دور و قرین آہ مسافر حسینؑ

سات دین سے بند آب تہا نہ غذا کا حساب
پیاسا تو تِسا نہیں آہ مسافر حسینؑ

ایسا امام اوس پہ ظلم شاہِ انام اوس پہ ظلم
ہم نے سنا بھی نہیں آہ مسافر حسینؑ

شاہ غریب الدیار تم سے ہے امیدوار
اختر اندوہگین آہ مسافر حسینؑ

## نوحہ

روکے لی بو سکینہ یہہ ہمیں ہائے افسوس بابا ہمارے
کون لیجائیگا اب وطن میں ہائے افسوس بابا ہمارے

سرو با علم گیا ہے پہول ہے اک قلم ہو گیا ہے
آئی خاکِ خزاں اس چمن میں ہائے افسوس بابا ہمارے

یا تو سوتی تہی سینہ پہ ہر دم خاک پر یا پڑی ہوں میں غم
اب گلے ہے ہمارا رسن میں ہائے افسوس بابا ہمارے

عابد زار کہتی تہی وکر پا برہنہ سو کہین تب
کانٹی تلووں مین ہین پا دہنسین ہائی افسوس بابا ہمارے

دیکہا دربار حاکم مین سر کو بولی چلا کر گری پڑ کے رو
سر وہ ہرا تہارا لگن مین ہے ہائی افسوس بابا ہمارے

رو کی ہہتو پہ چلائی عابد ابد انی نماز ری پڑ رہا ہی
جان باقی ہے بدن مین ہائی افسوس بابا ہمارے

پیچلی جب سر کت پا حضر بولی چلا عابد نہ عبرت کے
اب جدائی ہوئی سر مین تنمین ہائی افسوس بابا ہمارے

خاک صحرائی غم لال دیکہی تربت پاک سجال دیکہی
فاطمہ بولی وکر وطنمین ہائی افسوس بابا ہمارے

جبکہ دندانہ مارا چہڑیکو بولی حاکم سی سجاد رو رو
یہہ چمک کب در عدن مین ہے ہائی افسوس بابا ہمارے

رکہہ لیا دین احمد کا پردا کر دیا اک قطرہ نکو دریا
سر دیا آپنی بانکپن مین ہائی افسوس بابا ہمارے

بحر اندوہ سر سی گذرا بو سجا آنکہین مین دریا ہے رالے
ہی تلاطم دل موجزن مین ہائی افسوس بابا ہمارے

اختر زار دل جل گیا ہے باغ گل خاک مین مل گیا ہی
نوحہ عابد کا تہا اس سخن مین ہائی افسوس بابا ہمارے

## نوحہ مستزاد

فرماتی تھین بانو مرا دل تہی دکہایا بالی علی اصغر
گہوارۂ آغوش تمہین راس نہ آیا بالی علی اصغر

آغوش لحد مسکن مہ پارہ جانی ہے دل مثل کتان ہے
رنگ رخ فردوس برین آپکو بہایا بالی علی اصغر

رگ رگ مین سمایا ہی غم فرقت نادان ہو چاک گریبان
طوفان قضا تہی وہ سر پہ اوٹہایا بالی علی اصغر

کیا جانتی تہی مین کہ یہ میت ہوی ہے باعبد اللہ ناشاد
ششماہہ کو پیغام اجل جہولیمین آیا بالی علی اصغر

نادار ہوی آس ہو ہمین وہ ہون مہجان ای کودک نادان
سامان کفن و گور کا مجہکو نہ بتایا بالی علی اصغر

رنج و غم نوشاسی فرصت مجھے کب تہی تم بہی ہوئے راہی
کوہ الم و یاس مری دل پہ گرایا بالی علی اصغر

زر ایکطرف لٹ او لاد لٹائی افسوس کمائی
نادار کا جو مال تہا وہ زمین لٹایا بالی علی اصغر

بیٹا علی اکبر بہی دار بقا مین ہٹی ہی بلا مین گئی
حسرت رہی دولہہ تمہین مینی نہ بنایا بالی علی اصغر

کیا گہر کیا اس ناوک آفت نی گلی پر اے مہر منور
یہہ تیر ستم میری کلیجہ پہ در آیا بالی علی اصغر

غش آگیا تہا ایمری جان مجہکو وسیدم تہا پیاسکا عالم
مکہڑا جو مجہی چاند سا جہولیمین دکہایا بالی علی اصغر

بدلی لب ساغر کی لب موتیکو چوسا فرعون نے موسا
کہاینگی عوض ناوک فولاد کو کہایا بالی علی اصغر

ہنستی ہی نہین وہ آئی ہی ارمان بھرا انکا
دیوانہ مرگ کی سوتمین ڈرایا بالی علی اصغر

اُٹھو مرے بچا نہین ہمین بتیاب نہایت اب آئی ہی مصیبت
لوری تمہین دی کی قضا نی سلایا بالی علی اصغر

ہمک کر گود مین آتا نہین پیاری راج دلاری
گہوارہ مین تمہین قضا نی ہی جھلایا بالی علی اصغر

اختر سر مجلس جو ہوئی جمع عزادار شبیر کی غمخوار
نوحہ ہی پڑہ پڑہ کی یتیمونکو رلایا بالی علی اصغر

## مرثیہ ہا

عوض آب و غذا برچھیا کھائی ہین حسین
دروسی اُف ہی نہ باہر نہین لائی ہین حسین

ہائی افسوس کہ اس دہر سی جاتی ہین حسین
مرقد اصغر معصوم بناتی ہین حسین

بیبیان بالونکو کھولی ہوئی سب روتی ہین
بیٹیان ہوتین اُدہر سیٹ کی جان کھوتی ہین

سر پہ نور پہ رکھا ہی گلابی افسر
اور عبا دوش مبارک پہ ہی شاہ خاور

اور کمر ٹنکہ ہی یا بال ہمای خنجر | زیر جامہ ہی تکلف کا نہایت [illegible]

پا مین نعلین نبی ہاتھہ مین شمشیر علی
آج میدانمین ٹھتی ہی یہہ تصویر علی

مہندی ہاتہون مین ہی ڈاڑہی مین خضاب پر نور | خشک دندان کہ صدف مین ہوئی در چکنا چور
گرد مین اٹتا ہی افسوس رخ غیرت حور | بہنین چلاتی ہین اس سمت ذرا آو حضور

بیٹیان کہتی ہین بابا ہمین قربان کرو
بیٹی چلاتی ہین بہلی ہمین بیجان کرو

علی اصغر کا اشارہ ہی کہ مین پیاسا ہون | اور سکینہ نی کہا پیاس سی مین مردا ہون
بولا عبد اللہ ناشاد کہ مین مرتا ہون | کہا قاسم نی حرارت سی مین اب ٹھنڈا ہون

علی اکبر ہی لب خشک کو دکھلاتی ہین
غش پہ غش فرط حرارت سی چلی آتی ہین

کی

کبھی گہوارۂ اصغر کو جھلاتی ہین حسین
کبھی سینی سی سکینہ کو لگاتی ہین حسین

کبھی عبداللہ کو گودیمین ٹھہاتی ہین حسین
کبھی قاسم کیطرف ہاتھ بڑھاتی ہین حسین

علی اکبر سی یہہ فرماتی ہین پانی لاؤ
مشک پُر آب کوئی ایری جانے لاؤ

دھوپ کہتے ہی مین اب بڑکی نہین بڑہ نیکلے
نہین ملتی ہی کہین لو مین نہ مین بڑہ نیکلے

موج دریا ہی کری فکر قرین بڑہ نیکلے
کشتی بہی کرتی ہین تدبیر کہین بڑہ نیکلے

ہچکیان لیتی ہین گہوارہ مین اطفال صغیر
سہمی جاتی ہین حرارتسی ہر اک آل صغیر

دم شمشیر سی ہر دم دم برنا و پیر
چوسنی لگتی ہین انگشت سب اطفال صغیر

غل سی فریاد سی لگتے ہین کلیجی پر تیر
طینت آل نبی مین ہی مصیبت کا خمیر

دہل فتح او دہر کوس الم اس جانب

پر چشم قتل او دھر ظلم و ستم اس جانب

سرِ اعدا پہ ادھر تاج جہانداری زیب
راست گوئی ہے ادھر اور ادھر جعل و فریب
سرِ اولادِ علیؑ پر ہے ادھر بارِ شکیب
ہاتھ مین اپنے لئے سونگھتے ہین حضرت سیب

سیب سے کہتے ہین اب تو جدا ہوئیگا
قتل ہونے سے مری خلد مین تو روئیگا

نعرۂ اکبرؑ مظلوم ہے اِنّا للّٰہ
کبھی عباسِؑ علی کہتے ہین ہم ہین ہمراہ
اور صدائے رُفقا ہے کہ فدائے سرِ شاہ
جان فدائے قدمِ شاہ کرون خاطر خواہ

اہلِ کوفہ کی خطا فاش ہوئی جاتی ہے
چھاتی کٹ کٹ کی ہر اک پاش ہوئی جاتی ہے

رُخِ پُرنور پہ بھی گردِ الم چھائی ہے
بی بی ہر اک غم و اندوہ سے گھبرائی ہے
صورتِ آب بھی ہر آنکھ بھر آئی ہے
دشتِ غربت مین عجب رنگ بلا لائی ہے

الس دو جان

انس و جان روتی ہین شاہنشہِ دنیا کی لئی
حورین چلاتی ہین اوس مالکِ عقبیٰ کی لئی

نسرِ طائر کو قلق ہی کہ ہما چھٹتا ہی | بازِ اندوہ کو اک غم ہی کہ گیا ہی چھٹتا
خوش ہین اعدا ہی کہ اب حکمِ خدا چھٹتا ہی | بلبلِ باغِ رہِ دینِ ہدیٰ چھٹتا ہی

باغبان پیٹتی ہین سر کو کہ آفت آئی
قمریان روتی ہین گلشن مین قیامت آئی

صفِ اعدا مین ہر اک سمت ہی اظہارِ خروش | دیگِ شورہ مین ہوا چار طرف سی اک جوش
خیمہ مین غل ہی کہ اوٹھتا ہی جہان کا سرپوش | اہلِ کین زینِ حرم جاتی ہین سب دوش بدوش

حورین مشتاقِ لقائی شہِ مظلوم ہین آب
کودک و پیر و جوان دہر مین مغموم ہین آب

صورتِ مار پیچ ہی نامردونکو | تشنگی گرم ادہر کرتی ہی دل دو سرنکو

باد غم روکتی ہی جنگلونکی گردونکو | موت آزاد ادہر کرتی ہی بردونکو

ڈوبتی ہین ہوس و حسرتِ شبہائی فراق
بحرِ اندوہ صدا دیتا ہی اب ہائی فراق

جان آبسی پژمردہ ہوجاتی ہی | ہوس آب سرِ حرص و ہوا لاتی ہی
روح کہانیکی عوض رنج و الم کہاتی ہی | درد دل آہ جگر قصرِ فلک ڈہاتی ہی

آج شاہنشہ کونین پہ طوفان ہو گا
آج شہزادیونکا چاک گریبان ہوگا

مشعلِ راہ عدم داغ گلستان ہونگی | سینی سب برچہیونسی باغِ غزالان ہونگی
روئی گلفام ہِجہان زاغِ شہیدان ہونگی | سینی ہر بو ہونکی مثل گلِ خندان ہونگی

فاطمہ بیخور و بیخواب لحد مین ہونگی
بال کہولی ہوئی بیتاب لحد مین ہونگی

نام

نامِ ربِّ دو جہان عرش پہ پہنچائیگا
پیکِ اقبالِ شہِ دین جو خبر لائیگا

قلم و کاتبِ تقدیر بہی چہپ جائیگا
دو پہر دنکو سرِ شام وہ جہا جائیگا

ہوگا بازار تماشائیون کا کوفی مین
ہوگا سردار تماشائیون کا کوفی مین

عقلِ کل کا بہی چراغ ہوسی ہوگا گل
ہوگا گلزار مین بہی چاک گریبان ہر گل

ریزۂ گل عوض خاک اوڑائین بلبل
قید خانہ مین اسیرونکا مچیگا اک غل

کشتیِ دینِ نبیؐ اب تہ و بالا ہوگے
آج کشتونکی لئی رنج مین ٹہرا ہوگے

نوبتِ غم دہلِ رنج صدائی فریاد
سب سنینگی نہین شک اہلِ جہان ناشاد

غمسی جہک جائیگا ہر باغمین روئی شمشاد
بلبلانِ چمنِ دینکو کرینگی آزاد

اب تہِ تیغ گلا عرش کے تارے کا ہی

اب فراقِ ازلی رنج و دلاریکا ہے

گو دونکی پالی کا ہوتا ہی فراق ای اللہ
کوئی جز ذاتِ خدا اب نہین اوسکی ہمراہ
فاطمہ روتی ہین سر پیٹتی ہین حضرت شاہ
اور رسولِ دوسرا روتے ہین با نالہ و آہ

کیا بھلا باغیونکا ہوگا جو گلشن لوٹا
آج مقتولون نی کیا گلشن آہن لوٹا

اب نبی زادیونکو کون تشفی دیگا
رنمین اک ایک نبی زادہ اگر جی دیگا
ہائی مخلوق کو اب کون تسلی دیگا
کون شبیر کو اسوقتمین پانی دیگا

مرحبا کہتی ہین اب آج یتیمونکو حسن
شب سی کہلاتی ہین معراج یتیمونکو حسین

یا علی کہتی ہین لڑکی بھی دہل کر اس آن
کوئی کہتا ہی کہ چھوڑو نہ ہمین یا باجان
کوئی کہتا ہی یتیمونکی اڑی ہین اوسان
کوئی کہتا ہی پیا سے ہین ہمین لو پہچان

کوئی کہتا ہی زبان خشک ہوئی جاتی ہی
کوئی کہتا ہی سکینہ تو موئی جاتی ہی

تیقّن ہوا ہر اک کو کہ ہوئینگی شہید
یہہ بدی پھر نہ دکھائیگی کبھی روز سعید
آنکھین کہتی ہین تماشا ہی عجب قابل دید
خاک پر آج پڑا ہوئیگا رشک خورشید

محو نظارۂ شاہ شہدا سب ہونگے
ہائی افسوس پہر بھر مین جدا سب ہونگے

صبح کا وقت عروج رخ شمس پر تاب
ساغر آب تہا موہوم غذا تہی نایاب
گوشۂ چادر شب مین تہا خمیدہ مہتاب
وہشت جنگ سی بیدل ہوا اعدا کا خطاب

عندلیبان گلستان امامت پہڑکی
سوزش تشنگی و ضعف سی سینی ہڑکی

جان زہرا پہ قیامت کی گہڑی آئی ہی
نکہت خون شہ تشنہ صبا لاتی ہی

پیاسونپر شامسی وُہ بالونکی گہٹا چہائی ہے
برقِ شمشیر بہی مجبر وحونکو تڑپاتی ہے

کوسِ حربسی صدائی وُہلِ ماتم ہے
پرچمِ لشکرِ شاہنشہِ عُقبیٰ خم ہے

پڑہتا تہا آیۂ قرآن کو حُسینی لشکر
بجلی کیطرح تڑپتی تہی ستم کی خنجر

داغِ عصیانِ لعینان تہا ہر اک و رِ سپر
تمغۂ آتشِ دوزخ تہا سر روئی تبر

باغی جلتی تہی وہ پژمردہ خزانکی صُورت
اورادہر پیرنظر آئی جو انکی صُورت

پیٹ خالی تہی کمانکی صفت اصحابِ دین
ہُوک کی برخی کا ہوگیا تہا اونکو یقین

گوشہ ملتا نہ تہا ایساکہ جو چلّائی کہیں
تیر بہر چلتی تہی رستہ تو اولٹتی تہی زمین

شیروںکیطرح ترائی کی طرف تکتی تہی
بہوکسی رنگ نہتہا جانو نکو بہی سکتی تہی

صورتِ فتح نہ چار آئینی مین آئی نظر
اپنی جوہر اُنسی سجا خود و جہلم اور بکتر
زردیِ رنگ سی شرمندہ ہوا روئی قمر
چہلنہ بنگیا تہا دامِ ہمائی خنجر

آفتِ تازہ لعینونکی لئی لائی تہی
بادسی پرچمِ اقبال اوڑی جاتی تہی

گہوڑی انونکی تلی روپڑی ہی بنتی تہی
سر دخم ہوتا تہا جسوقت کہ یہہ تنتی تہی
جب قضا آکی مناتی تہی جہبی منتی تہی
غازہ تہا گردسی چہری وہ اگر سنتی تہی

ہوش اُڑاتی تہی وہ عالم کا قضا کیصورت
دوش و بازو تہی کہ تہی بالِ ہما کیصورت

تہلکہ لشکرِ اعدا مین پڑا تہا ہر سُو
الغرض شیرِ نیستان تہی یہہ ساری مہرو
ڈہالونکی پہول چمکجاتی تہی جیسی جگنو
بال مین گہوڑونکی مونہہ اپنا چہپاتی تہی عدو

کہتی تہی ایک سی اک انسی لڑیگا کیونکر

ایک کی ہاتھہ بہلا کہیت پڑیگا کیونکر

ہان ادہر ایک چلی ہیا انسی ہزاروں ٹوٹین
ایک کی ہاتھہ سی ممکن نہین جانین چہوٹین
رہزنونکی صفت ایک ایک کو ملکر لوٹین
یار و اسوقت گلا جانکی کیونکر گہوٹین

انسی مشکل ہی کہ لڑکر کوئی سربر ہوئی
کیا مجال انسی لڑائین جو بہتر ہوئی

یہی بہتر ہی کہ دہو کیسی کرو کام تمام
اوسکو بہی گہیر کی مذبوح کری فوجِ شام
تشنہ لب جبکہ رہیگا وہ امام ابن امام
نامِ نامی تہہ ہی اوسکا کہ وہ ہی عرش مقام

پیاس سی دیکہو تو کیا حال شہِ دین ہوگا
خالی اوس شاہ سی اغلب ہی سرِ زین ہوگا

باتین ہیہ ہوتی تہین لشکر مخالف کی وہان
پیاس سے جان چلی تہی ہو مین شاہ جہان
کہ سکینہ نی ندا دی کہ چلو بابا جان
بولی عباس کہ مشکیزہ تو لائی نادان

نہ کرون حلق ترا ای مری پیاری معصوم
ہائی پیاسی چلی دنیا سی ہماری معصوم

خالی مشکیزہ چچا کو جو سکینہ نی دیا
دست ناداں سی وہ عباس نی رو رو کی لیا
سوزن اشک سی ہر تار گریبانکو سیا
رنج و غم خوب پئی سرور مظلوم کیا

کہا ایجان اسی آب سی مین بھر لاؤن
حق سقائی جو ہی آج ادا کر لاؤن

گہوڑا اٹھکر آیا وہ مشک کو ہر کاندہی پر
پیچہی پیچہی چلی عباس کی ہمرہ سرور
شاہ فرماتی رہی ہای کدہر ہائی کدہر
دیکہا عباس نی آتی ہین شمر جن و بشر

گہوڑی سی کود کی پاؤن پہ گری اور یہہ کہا
بہر حق مجھکو سمجھ لیجئی اپنا فدیا

تشنگی نی یہہ سکینہ کی کیا ہی بیچین
تاب و طاقت نہین اٹہین اب شہ بدر و حنین

جانی و بچی نہ مجھی روکنی مظلوم حسینؑ اب سُنی جاتی نہیں مجہسی سکینہ کی بین

خاک اس زیست پہ پانی نہ اگر لائین ہم
کونسا روز ہی ایسا جو کام آئین ہم

روکئی گا تو گلا اپنا کرونگا مین حلال
آپکی رنجکا ہی رنج مری دلکو کمال
مجہسی اوٹہتا نہین دیکہنا سکینہ کا ملال
پانی لاؤن تو ابہی جان ہی ہو خوشحال

واسطہ اپنی رحیمی کا خطا عفو کرو
جو گنہ مجہسی ہوا ہی وہ ہوا عفو کرو

پر نہ یہہ ہو گا کہ بی آبہہ بہے آب وہان اسجا سے
سامنا ہوئیگا کسطرح مرا زہرا سے
شرم آئیگی نجف مین مجہی بابا سے
جان اسوقت چہپاؤنگا بہلا مولا سے

سر بکف جاتا ہون مین مرضی خالق کی لئی
مشک بہر لاتا ہون مین مرضی خالق کی لئی

سُنی کلمی جو شہِ دین نی برادر کی آہ — خاک پر بیٹھہ گئی ابنِ شہِ عرش کلاہ

اور زبانسی یہی فرمایا کہ اِنّا للہ — بیکسی مین کیا ای بہائی مجہی تمنی تباہ

میری بازو مجہی اس کرب و بلا مین چہوڑا

تم چلی خلد مجہی راہِ خدا مین چہوڑا

ایسی اُمید نہ تہی ای میری پیاری بہائی — کہ مری آنکھونکی لیجا گئی تم بینائی

ہای تقدیر مجہی کونسی زمین لائی — ساعتِ مرگ ہماری ہی بہت پاس آئی

جاتی ہو میری کمر توڑ کی مارا بہائی

ساتہہ چہٹنا ترا کیونکر ہو گوارا بہائی

یہہ تو روتی رہی عبّاس ہوئی رنگو روان — صفِ اعدا مین او دہر کہنچ گئی شمشیر و سنان

بجلیان گرنی لگین تیغین بہی تہین گردان — خوش غلافونکی بہی تلوارین او گلوئین ہاون آن

گہوڑی جمنی لگی رانونسی سمند رنگی

بحر پایاب ہوا تہو نسی خنجر نکلی

تُتقِ گردُ نمایان ہُوا اتا مہرِ مُنیر
پرسی چُھٹنی لگا ہر ایک کماندار کا تیر
اَبلقِ صُبح ہوا زمین برنگِ تصوّر
سانپ کیطرح تڑپنی لگی برقِ شمشیر

موجین لینی لگا اس خوف سی دریائی فرات
موج شمشیر سی آئی ہیہ صدا ہائی فرات

گھوڑی گر گر پڑی مٹی کی تو گہلونکی مثال
شہسوارونکی بہی چھوٹ کا اوڑا رنگ جمال
تھرتھرانی لگا سُورج تو ہُوا سُرخ ہلال
چرخ کہانی لگی تاری کیطرح دو شنبہ ڈہال

سَرِ اعدا پہ تراوش جو ہوئی بخت کی
پہل کی مانند شجر پر سی سر وہی برسی

شاخِ ترنخلِ تیغ ہوئی جل جل کر
نخل تر شاخِ خزان سبز ہوئی گل گل کر
کفِ افسوس یخ برگ ہوئی مل مل کر
ناخنِ ثور زمین کُند ہوئی چل چل کر

بحرین

بحرین موجین ہوئین موجین ہوئین بحرین زمین
جان باقی نہ رہی نام کو زندہ تن مین

اسطرف چہیر ہوئی اڑکی جو یکبارا
پہلی ٹہوکر مین کنار و لب جو کو مارا
ظلمتِ آب سیہ تابسی تہا اندہیارا
چہرۂ و عارضِ عباسؑ ہوا مہ پارا

مچہلیان پانیکی رانو مین نظر آنی لگین
پنڈلیان بازوؤن تک مچہلیونکی جانی لگین

کہا گہوڑیسی کہ پی لیجئے گہوڑی پانی
کہا عباسؑ نے کیا دلمین ہی اسدم ٹہانی
بولا وہ تم ہوئے شاہِ ہدا کی جانی
قدر کچہہ حکم کی تونی نہ ہماری جانی

رو کی اوسنی کہا پانہ پیونگا عباسؑ
تشنگی یاد سکینہؑ کی کرونگا عباسؑ

گہوڑیسی نامِ سکینہ جو سُنا غازی نی
شرم آئی ہیہ کہا پہلو مین اوسکی جی نی

گو کہ بی آس کیا تشنگی و گرمی نے
بی سکینہ کی لگی کا ہیکو پانی پینے

چلو مشکیزہ بہرین نہر کی جانب ہوئے روان
آئی اتنی مین سکینہ کی صدا بابا جان

چچا عباس ابہی تک نہ پہری دریا سے
عرض اتنی ہی سکینہ کی علی دادا سے
آج فریاد یہی کرتی ہو مین بابا سے
ملین عباس علی انکی اس شیدا سے

یہہ صدا کانین عباس کی پہنچی ناگاہ
شرم سے غرق عرق ہو گیا وہ غیرت ماہ

چاہا مشکیزہ کو پہر دوش پہ اپنی رکہی
تہا جو تقدیر مین لکہا کہ وہی مشک چہدے
اور مرکب کو وہ ٹہکرا کی سوئی خیمہ چلے
تیر اوڑتا ہوا آیا کہ سر مشک لگی

تیر آکر جو لگا مشک پہ سوراخ ہوا
پانی جتنا تہا صد افسوس وہ اک بلمین بہا

تیر لگتا تہا کہ بس ٹوٹ پڑی فوجِ شام
مضطرب ہو گیا افسوس ہے وہ ابن امام
ایک بازو پہ وہ مشکیزہ تو تہی اک مین حسام
تیغکو کہینچنی چاہا کہ کرون وار تمام

ایک شامی نی جو اک ہاتہہ لگایا ہی ہی
بازو فی الفور جدا دوش سی پایا ہی ہی

دوسری بازو پہ اوس وقت وہ مشکیزہ لیا
مشک کو شیر نی کاندہی سی تو گرنی نہ دیا
دوسرا وار جو آیا تو غضب اوسنی کیا
جرعۂ خونِ جگر دوسری ضربت سی پیا

شانی دونو جو قلم ہو گئی اوس غازی کی
حوصلی جی ہی مین سب رہ گئی اوسکی جی کی

دانتون مین مشک کو تہاما کہ وہ سقائی تہی
تیسری تیغ قرین فرق کی ہر آئی تہی
بیٹی شبیر کی مظلوم جو دکہ پائی تہی
ہیچکر اپنی چچا جانکو شرمائی تہی

کہتی تہی پانی نہین چاہئی آؤ عباس

گذری پانیسی مجھی شکل کہا و عباس

جب بہ گیا تہرا لگا ابن جری
آؤ مولا کہ فدا شاہ پہ ہی ابن علی

ڈگمگانی لگی پاؤن تو صدا شاہ کو دی
دم نکلتا ہی قدم دیکھہ لون آ اخی میری

چلی شبیر کہ جسطرح کوئی شیر چلی
بولی عباس علی بہائی سی مونہہ پہیر چلی

جا کی لاشیکو اوٹہایا تو نہ تہا نام کو دم
کہا افسوس نہ پانیسی اوٹہی ہائی ستم

تہر تہرانی لگی اوسوقت شہ دینکی قدم
پوچھی عباس مری دلسی کوئی رنج و الم

بی بسی مین مجھی ای وسمن لوٹ گئی
ہاتہہ نہنسی ہین الگ تم مرا تن لوٹ گئی

کیا لکھون اختر زار آگی نہین تاب رقم
ختم کر مرثیہ روتی ہین عزادار بہم

بین کرنیسی سکینہ کا ہوا جو عالم
کر دعا حق سی کہ ای خالق و رب اکرم

مطلبِ دل مری حاصل ہون گنہگار ہوئین
حیدر و فاطمہ شبر کا عزادار ہوئین

# مرثیہ

مردانِ خدا واقفِ اسرارِ خدا ہین
جان و تن و ایمان سی طلبگارِ خدا ہین
سر بیچتی ہین عشق مین بازارِ خدا ہین
پُر نور ہین سب ماہِ شبِ تارِ خدا ہین
طفلی مین سبق پڑہتی تہی سب نامِ خدا کا
ہین پنجتنِ پاک سبب عرشِ ہدیٰ کا

بانور و ضیا مہرِ رخِ صاف ہین روشن
آئینۂ عارض ہین چراغِ شبِ گلشن
پُر نور جبین مطلعِ خورشید ہین دامن
آنکہین ہین صدف پُتلیان ہین جلوۂ ایمن
دل نورِ رخِ پاک سی بڑہکر ہین ضیا بیز
ہر رونگٹا ہی بادۂ توحید سی لبریز

آفاتِ جہان سر پہ ہین پر رُخ ہی سوی رب — بتمثیل ہین پہ مثلِ گلِ باغ ہین چپ لب
ایذائی زمانہ سی فرصت ہوئی اک شب — تسبیح مین تہلیل مین اوقات گئی سب

خاموشی ہی اک کی تکلم سی بہی افزون
گریہ ہی ہر اک گل کا تبسم سی بہی افزون

ان سب مین حسین بن علی باعثِ غم ہین — چارونسی بہہ بڑہکر سببِ رنج و الم ہین
چھوٹی جو ہین اس وجہ سی آرام بہی کم ہین — یہ بھی ستمِ بھی ستم بھی ستم ہین

جو حادثہ ان پر ہوا آفاق ہی باہر
جن روتی ہین جبریل خوشِ اخلاق ہی باہر

ای بادہ کشانِ قدحِ حسرت و آلام — ای ماہ رُخانِ فلک آفت و ناکام
مرغانِ مصیبت زدہ نخچیر تہِ دام — ای غوطہ خورِ نہرِ ولائی گلِ اندام

سامانِ عزا سر پہ ہین دل روتا ہی دن رات

دیکھین گے نہ اسطرح کبھی پھر شباب و حسن آپ

ہر شمع کا گل ہی کفنی باغِ جہان مین
کافور ہی تبر بدنیب رنج و فغان مین

ہر لو ہی ضیائی رخ غمخوار زمان مین
تپتی ہی ہر اک دوئی اگر صحن مکان مین

مجلس کا یہہ عالم ہی عزادار ہی بالکل
اک گل کی لئی باغِ جہان خار ہی بالکل

محبوبِ جہان پردۂ آلام مین روپوش
مطلوبِ خدا پیاس ہی گرمی مین بیہوش

ایوبِ زمانہ ہی سرو تن سی سبکدوش
مرغوبِ نبی رنج و الم سی ہی ہم آغوش

شکوہ بھی لبِ پاک پہ ہم ہو نہین سکتی
پیاسی ہین یہانتک کہ وہ خود رو نہین سکتی

شہ یہکی جانیکا ارادہ ہی جہان سی
شوہر و زن و فرزند چھٹی مرتبہ دانسی

اوٹھتی ہین سبکباہ و اس شہر و مکان سی
دل روح بدن سینہ ہوا تنگ فغان سی

راضی ہین جو مرضی خدا ہی وہ ہینگی
اب ناناکی ہمراہ بہشتو مین رہینگی

رُخ سوئی نجف اور تمنائی شہادت
عباسؑ کو بتلاتی ہین وہ جائی شہادت
لبریزمی رنج ہی پیمانئی شہادت
سرمین ہی بہر اشامسی سودائی شہادت

خویش و زن و فرزند و پسر نوحہ کنان ہین
پیرونکی پہ ستاریمین مصروف جوان ہین

اکسو علی اکبر بہی ہین آمادۂ آفت
اکسمت ہین عباسؑ طلبگار مصیبت
قاسم بہی ہین الجا پہ مہیائی شہادت
اصغرؑ کا یہہ عالم ہی کہ پیاسا ہی بشدت

بہنونکا ہی یہہ حال کہ بی آس کہڑی ہین
اور بیٹیان سب تشنگی سی غشمین پڑی ہین

داماد کو گہر روتا ہی بیٹی کو پدر آہ
حسرتسی پسر روتا ہی والدکی ہی ہمراہ

داماد کی آ لاش کچھہ ساس ہی آگاہ
روتی ہی یہہ کبری کہ ہوئی فرقت نوشاہ

اک تہلکہ ہی حجرۂ مصیبت ہی وان آج
داماں مہ چاردہ ہی مثل کتان آج

دم بھر کی جدائی جنہیں ہوتی تھی ہیہات
تا روز جزا اونسی نہ ہوئیگی ملاقات
آشوب ہی آشوب نظرونمیں ہوئی آرات
اور قطرۂ اشک آنکھونمیں جسطرح کہ برسات

باغ نبوی لٹتا ہی عشریکو جہان مین
اندھیر ہی شام وسحر اس کون ومکان مین

روتی ہین سکینہ کہ ہمین لیچلو بابا
مرجاؤنگی تنہا جو رہونگی مری مولا
اب تاب جدائیکی نہین ای مری آقا
پیاسی ہون بشدت مرا رکھہ لیجئی پردا

مرجاؤن تو بہتر ہی کہ پیوند زمین ہون
مین دختر محبوب شہ عرش نشین ہون

ہی حشر بپا گہر مین علی زادیان بیچین | مولائی دو عالم کی قرین کرتی ہین بین
عباس ہین استادہ لئی ہاتہو نمین نعلین | یہہ عرض ہی حاضر ہی غلام ایشہ کونین

پہلی مجہی رخصت ہو کہ مین فدیۂ شہ ہون
مین کبک صفت آج فدائی رخِ مہ ہون

مین آج علمدار ہون ایشاہِ دو عالم | ہی جیش حسینی کا مری ہاتہہ مین پرچم
نقارونکی آواز ادہر ہوتی ہی پیہم | تکبیر کہین ہم ہی کہ وہ فوج ہو برہم

لون تیغ میان سی سرِ اعدا ہون بلا مین
کہنچ آئی رخِ کاہکشان دستِ غزا مین

ای وارثِ غم بہر خدا ہو یہہ عنایت | رکہہ لیجی ہٹ اپنی غلامونکی بہی حضرت
چہوٹی ہی اک روز تو یہہ دارِ مصیبت | دیکہی نہین جاتی ہی ان آنکہونسی یہہ حالت

پیاسی ہی سکینہ رخِ اکبر بہی ہی گلگون

اب فرطِ حیا سی ہی مرا جو شمین سب خون

فرمائی یہ وکونمین چلی آتی ہین نارے
وہ دیکھی بہنونکی ذرا گریہ وزاری
اصغر کیطرف دیکھی اے عاشق باری
کبریٰ کا عجب حال ہی آنسو بہی ہین جاری

دل ملتا ہی آتا ہی کلیجہ مرا مونہہ تک
یہہ آرزو ہی فدیۂ شپیر ہون بیشک

اتنیمین صدا آئی سکینہ کی چچا جان
لو مرگئی مین پیاس سی اے عاشق سلطان
دم گہٹتا ہی للّٰہ خبر لو مری اس آن
اک جام جو پانیکا ملی اے شہ ذیشان

تہم جائین مری اشک الم پاؤن جو پانی
اک لمحہ مین تُٹتی ہی یہہ بابا کی نشانی

بیچین ہوئی حضرت عباس یہہ سنکر
پاؤنپہ رکہا سر در عالم کی وہین سر
کیعرض کہ اب تاب نہین اے شہ مضطر
رخصت کرو جاؤن طرف لشکر بی پر

ملجائی تو اک جام سکینہ کو پلاؤن
یہہ بہی مرضِ تشنگی کیا اوسکو دوا دون

ناچار ہوئی سرورِ دین اور یہہ کہا آہ
تم ایک اودہر لاکہہ سی افزون ہین وہ گمراہ

ائی بہائی مجہی چہوڑ کی تم جاؤ نہ للہ
پر کیا کرون ناچار ہو مین جاؤ تم اللہ

ہمکو بہی قرین پاؤ گی یا پہ جلو مین
غافل کبہی ہونگی نہ تمہاری تک و دو مین

آداب بجا لائی قرینی سی یہہ ہٹکر
سیدہا کیا پرچم کو پہر ہر کی کہلی پر

کی عرض کہ مین فدیہ ہوا ای عاشق داور
رعب آ گیا آفاق کو ہیبت ہوئی گہر گہر

برقِ علم ضیغمِ دین ابر مین چمکی
تارونکی طرح ہر دلِ بی صبر مین چمکی

پہل برقِ غضب ہوگیا او ڈانڈ رخِ ماہ
اور ابر بہر ہر ا ہوا بہر سر گمراہ

ہر ثابت و سیار ہوا اوسکا ہوا خواہ
اور کاہکشان ہو گیا چھپکر صفت کاہ

بیدار ہوئی خفتۂ صد سالہ جہان مین
اندہی ہوئین آنکھین تو ملین روئی نشانمین

تہا اژدہا یا روئی نہنگ اوسکا پھریرا
پہل اوسکا زبان افعی آفتکی ہویدا

وہ ڈانڈ تہی خط رخ مہر تہا گویا
ہر پور تہی اوس ڈانڈ کی انگشت تمنا

وہ معرکہ آرائیمین یکتائی جہان تہا
خود معرکیمین وہ علم آرائی جہان تہا

کلمہ تہا جو تمغہ کی عوض اوسپہ مطلا
اوّل تو نہ دنیا مین ہوا اوسکا مثنّا

من بعد پئی لشکر گمراہ تہا آیا
آیا تہا وہ اسطرح کہ جسطرح چہلاوا

تہی اوسکی لچک موئی میانکی جو برابر
اوس پہل مین اوگا نخل ہنر مثل گل تر

اندہی صفت دار ہوئی مردمِ آبی
وہ ایسی حسرانی تہی کہ آنکہین تہین گلابی

کیا مردمِ آبی نی یہہ دکہلائی حیرانی
پر ایسی گلابی تہی کہ مضمونِ سحابی

ہر طرح بسر کرتی تہی اوقات وہ پہل مین
کشتونکو ملا خیرِ عمل اوسکی عمل مین

پنجہ تو بدخشان ہوا شانہ ہوا نسرین
ہیبت سے شجاعونکی جگر ہوگئی غمگین

انداز ادا بہول گئی سب سے ورپروین
اس ڈہب سے وہ اونچا ہوا ٹہرائی دل کین

اوڑتا تہا پہر ہر اجو ہوا مین تو غضب تہا
خود رنج و تعب تہا صفتِ خاصۂ رب تہا

تکبیر کی آواز صدائی دلِ بلبل
پہل برق تہا کرتا تہا پہ چراغ ہوسی گل

تہین ڈوریان جسطرح پہ پزادونکی کاکل
خورشید نظر آئینمین کرتا تہا تاتل

مائل طرف یادِ خدا ڈانڈ تہی اوسکی

موج تہِ شمشیرِ صبا ڈانڈ تہی اوسکی

انداز قیامت قد و بالائی نشان تہا،
خورشید کے کاندہی پہ سرِ ماہ عیان تہا

دریائی لطافت سرِ عیسی پہ روان تہا
خم پیرِ فلک بہی پئی تعظیم جوان تہا

سایہ تہا پریزاد کی سائیکی برابر
اوس ہاتہہ سی ہمدوش تہا تاجِ شہِ خاور

آوازِ اذان تہی جو فرشتونکی سما پر
پولادِ فلک مین ہی عیان مہر کی جوہر

سُنتا تہا بلندیسی نشان بانگ سراسر
آئینۂ زنگار چمک سی ہوا اشتشدر

الماس کی ٹکڑی تہی عیان نوکِ سنان مین
سہرا تہا وہ ہیرےکا خطِ کاہکشان مین

آداب بجا لاکی چلا وہ شہِ غازی
سجدیکو جہکی خاکپہ دُنیا کی نمازی

بس کانپ اوٹہی خوف سی شامی و حجازی
اور قاطع لذات نی کی دست درازی

صرصر کو طلب کرکی گیا خانۂ زین پر
بہونچال کا انداز نمایان تہا زمین پر

وہ اسپ صبا خیز تہا ہمرنگ پری واہ
سہرا تہا قمر چہرے کی گہوڑا تہا وہ نوشاہ

کٹجاتا تہا سائیسی ہر اک سایۂ گمراہ
تہا کوہ گران سامنی اوسکی صفت کاہ

دُم اوسکی تو تہی کوکب دُنبالہ جہانمین
اور ریش تہا جسطرح قمر چرخ عیانمین

وہ یال تہی اقبال وہ یوسف خوشخو
وہ یال نہ تہی چہرے پہ تہی حور کی گیسو

یا بال ہما یا پر طاؤس پریرو
یا چہرہ ہلال فلکی یہ گل خوشبو

یا تہا دلِ صد چاکِ مہ و مہر لٹکتا
ہر ہر سر مو تہا دل اعدا مین کہٹکتا

یا نہر وہ گردن تہی یہ فوّارے نمایان
یا تختۂ الماس کی ٹکڑی تہی درخشان

فرقِ شبحرِ طور کا ہر بال تہا خواباں
افشانِ رُخِ مہرو کا ستارہ تہا و تاباں

تہی لہر ہر اک کاکلِ حورا کی برابر
مرغولہ ہر اک عقدِ ثریّا کی برابر

وہ تہو تہنی تہی طرفِ نگہہ مین جو سمائے
آنکہونکی صفت نرگسِ شہلا کو چہپائے
وہ آنکہہ تہی سُرمہ جو سر طور لگائے
پتلی کو کسی حور کا انداز نہ بہائے

آنکہونکیطرح شمس و قمر چہپتی ہین ذرات
تل آنکہونکی کرتی ہین مہ و خور سی ملاقات

ہر ہر پلک اوسکی صفتِ مژگانِ پریزاد
ہر تارِ نظر رشتۂ جان و دلِ صیّاد
ہر موئے مژہ نیزۂ دستِ شہ پولاد
ہر مردمکِ چشم خوشی کشورِ آباد

معمورۂ ہستی کا مزہ موئے مژہ مین
چہیدی ہوئی افلاک ہین اِس روئے مژہ مین

ہی آنکہہ ہی باغِ ارم و گل کی گلابی
ماتہا ہی وہ قرآن تو چہرہ ہی کتابی

پر غمسی سیہ پوش ہوئی مردمِ آبی
یا پیاس سی ہر آنکہہ ہی مضمونِ سحابی

چہرہ پہ تو شمس و قمر و حور کا دہوکا
اور آنکہہ کو دیکہو تو سرِ طور کا دہوکا

بسم اللہ قرآن ہی وہ بانسی کی کشش واہ
وہ کان نہین عالمِ امکان مین واللہ

اور پرّہ بنی ہی اک تاجِ سرِ شاہ
بادام ہین یا آم کی پہانکی ہین وہ یا ماہ

دو گوشِ پر انوار توانیان ہین سنان کی
ہی کان جواہر مین خبر کون و مکان کی

کانونکو کہون پارہ دلہائی دو عالم
احکامِ شہنشاہ کی مشتاق ہین ہر دم

الفاظ و معانی کیطرح پاس ہین باہم
یا لوزلب جو رہین وہ گوشِ معظّم

آوازِ علمدار کی مشتاق ہین وہ گوش

محراب بر حرم مسجدونکی طاق ہین وہ گوش

پس کہتا ہے مین پیش سے افزون ہون زیادہ
اور پیش مین پس سے ہی کہین حسن کشادہ

ہر آنکہہ ہی جسطرح کہ ہو ساغر بادہ
راکب کا اشارا جو وہ تپلی کا ارادہ

صرصر ہی چھلاوہ ہی پری حور ہی مرکب
سب عادتین افسانونکی مشہور ہی مرکب

طاؤس دم و حور کا چہرہ ہی قدم باز
ہر ایک کلائی ہی ستون فلک ناز

سم آہو کی کہر ناوک دست قدر انداز
لی دمسی وہ تا سر ہے سراسر اعجاز

شورش ہو جہان بہر مین یہہ ممکن نہین بہڑکی
ہو جائی ہوا حکم سی ٹپہ جو ہین کہر کی

آداب شہان ہین فرس شاہ نین بالکل
رفتار سی کرتی ہی نسیم سحری غل

سورجکو ہے ساتہہ کی چلنی مین تامل
سیارونکو اس چال کی ہمراہ تساہل

آفاق کو ہی آرزو اس راہ روی کی

مشرق ہوا مغرب بہی جہان انسی کجی کی

راکب کا یہہ انداز ہی چہرہ ہی منوّر | رُخسارہ و لب لعل ہین برگِ گُل خوشتر

زلفین ہین کہ غیرت دہ شبہای معنبر | یا محضرِ اوراقِ شہادت ہین وہ یکسر

یا خیمۂ حورانِ بہشتی ہی الم مین

یا پوشش کعبہ ہی عیان ظلم و ستم مین

ماتہا ہی کہ غیرت دہ سیم و زر و الماس | یا بحرِ گہر موج زنِ گنبدِ وسواس

یا دُرِّ نجف صفحۂ الماس کی ہی پاس | یا برقِ تجلّی ہی نمایان بہ غم و یاس

یا ماہِ فلک نصف نمودار ہوا ہی

یا ابر صدف رُخنہ گہربار ہوا ہی

ابروی ہلالی ہین سرِ تیغ شرربار | یا پردۂ زنگار مین جوہر ہین نمودار

یا بیت سرِ مصحفِ رخسار ہی پیدا — یا کشتیِ رخسار پہ ہین ابر کی آثار

یا شقِ قمر صاف ہی اعجازِ نمایان
وہ سنبلِ تر صاف ہی اعجازِ نمایان

مژگانِ پری چہرہ ہین جیش وصفِ مغرور — یا ہاتہہ اوٹہائی ہی سرِ دست ہر اک حور
ہر سینہ پہ در آئین کلیجون مین ہین ناسور — پلکین نہین ظاہر ہی یہہ رخ پر شررِ طور

آفاتِ زمانہ کی نگہدار ہین پلکین
پر تشنگی سی روئی سرِ خار ہین پلکین

آنکھین ہین نری حاشیہِ مصحفِ رخسار — پتلی کا یہہ عالم ہی شجاعت کا ہی آزار
چشمِ آہو ہی تل نافہ ہی مژگان ہین سرِ دار — ہر آنکہہ ہی تنبیہہ دہِ مردمِ اشرار

ہر آنکہہ سیاہ ہیمین شبِ قدر ہی گویا
جو اوسمین سفیدی ہی رخِ بدر ہی گویا

رخسارِ مُطلّا ہین مدوّرِ صفت گُل
دو قرص ہیہ صاف ہین وہ بدر ہین بالکُل

اور خال سیہ رُخ پہ ہین جسطرح کہ بُلبُل
زنجیر ہین ہیہ زلفونکی ہین یوسف نہ کرے غل

دو چاند کی ٹکڑی ہین عیان مُصحفِ رُخ پر
ابرو کی کشش ہین کمان مُصحفِ رُخ پر

لب لعل ہین یاقوت ہین مرجان ہین گُل تر
وہ ہونٹھ بہی دو حور ہین ہین یا قند مکرّر

موتی ہین وہ دندان تو صدف لعل منوّر
دو نور ہین خود آب فشان لبِ گوہر

خُرمای بہشتی ہین لبِ قاسم کو نہین
سوکہی جو ہین ہیہ پیاس سی پیچین ہین

عقدِ سرِ گیسو ہین عجب گوش معطّر
دو کانو نیہ یکتا نہین اسطرح جو اَبر

یا کرمکِ شب تاب ہین ہیہ گوش گلِ تر
یہان رُخ پہ شب و روز بہی کان ہین زر

اسمای الٰہی سی بہری گوش ہین بالکُل

دزدانِ رہِ دین جو ہین وہ پوش ہین بالکل

ہر لو ہی ضیا شمع سرِ طور کی گویا
جو لو ہی خدا سی ہی بجھین گی دلِ اعدا

پُر نور گلا ساعد و پا برقِ تجلّا
شانو نکو نشانمین لعینو نکی ہی باندھا

سینہ ہی وہ یا تختۂ آئینہ دھرا ہی
اسرارِ رہِ دینِ خدا سی یہ بھرا ہی

ہاتھونکی بیانمین ہی زبان دستِ تاسّف
احوال مین انگلی کی دہان دستِ تاسّف

اب دستِ قلم سی ہی عیان دستِ تاسّف
ان ہاتھو نسی ملتی ہین جو ان دستِ تاسّف

بیکار ہوئی ہاتھ تو اوس خسروِ دین کے
ٹکڑی ہوئی میدان مین ہر یکی نگین کے

ہر انگلی تھی سر منشقِ دو عالم کی طرفدار
ناخن تھی مہ و بدر سی بڑھ کر صفتِ گلزار

ہر ایک کلائی کی گلائی دلِ بیدار
ہر نور تھی انگلی کی خداوند کی اسرار

ٹکڑے ہوئی اونگلی کی گئی ہاتہہ جہانسی
کاندہی پہ جو تہی مشک چہدی تیر کمانسی

اسطرحسی گہوڑے پہ نمودار تہی عباس
اعدا کو ادہر آنی لگی سیکڑوں وسواس
ہیبت سے نہ آتا تہا کوئی ایسی جری پاس
حیرت زدہ ہوتے تہے لعین خوف سی آیس

دل گہٹتا تہا اور خوف بڑہا جاتا تہا سبکا
جو حوصلہ بالا تہا گہٹا جاتا تہا سب کا

اثر درکیطرح کلۂ شمشیر کیا وا
نیزیکو ہلا کر سر اثر درگو گہسیٹا
قبضہ جو ملا ہاتہہ سی پہل ہوگیا دریا
لوہا تہا روانیمیں سر بحر تمنا

دل ہلگئی اور فرق غضب ڈہال سی ٹوٹے
مردونکی سر سنگ بہی اُتبالسی ٹوٹے

پہل برق تہا بجلی تہا بلا افعی صحرا
پٹہا تہا وہ پٹہا جو قبائی تن اعدا

وہ خم تہا دمِ اژدرِ گیسوئی تمنّا
وہ دہار تہی دریا کا جگر ہو گیا پارا

کس بل وہ بلا تہا وہ ستم گہات تہا اوسکا
دامان رُخِ بحرِ بلا پاٹ تہا اوسکا

ڈہالونمین چمکتی تہی وہ بجلی کیطرحسی
جانونپہ لپکتی تہی وہ افعی کیطرحسی
پتّہرپہ روان ہوتی تہی پانی کیطرحسی
جسمونپہ اٹکتی تہی وہ آری کیطرحسی

فولاد کو وہ موم بنا دیتی تہی دم مین
سُرمہ سرِ چشمان وہ لگا دیتی تہی دم مین

دب دبگئی اس کو وہ گرانسی سرِ اعدا
چہپ چہپ گئی اس برق بلاسی رُخِ دریا
ہٹ ہٹ گئی اس آفت جانسی دلِ دانا
مٹ مٹ گئی اس ضربِ المسی صفِ صحرا

صابونکی مانند در آتی تہی بدن مین
بلبل کیطرح جاتی تہی کُشتونکی چمن مین

سو سو گئی اس چالسی مردانِ تہمتن
مثلِ گلِ اقبال تہا تلوار پہ جوبن
نارو شررِ تیغسی گلشن ہوئی گلخن
روحو نسی بہرا تہا ملک الموت کا دامن
جسجا پہ بلا ٹوٹتی تہی عزمِ فنا تہا
جو زخم کا دامن تہا وہ اک بندِ قبا تہا

جو ایک ہوا دو ہوا جو دو ہوا وہ چار
جو چار ہوا آٹھہ ہوا وہ ری تلوار
جو آٹھہ ہوا سولہہ تہا اور ایک ہی وار تہا
سولہہ ہوئی بتّیس نئی طرح کی تہی دہار
جو شستہہ ہوئی اک وار مین ٹکڑی تو یہہ کیا تہا
صد مرحبا تحسین ہی یہہ دستِ خدا تہا

اسطرحسی جب گرم ہوا وادیِ جنگاہ
یہ ہٹ پہ ٹکی کائی کیطرح وہ صفِ گمراہ
آداب جلودار تہا اقبال ہوا خواہ
گہوڑیکی بہی وہ چال تہی جسطرح کہ نوشاہ
وہ جہومتا جاتا تہا صفِ کین کے برابر

پابوسی مین جرأت تہی نہ وان نہ ینگی برابر

لہرانیمین کرتا تہا وہ دریا ہی اشارے
وان ذات نظر آگئی دریا کی کنارے
یہان نہ اکب و مرکب ہی نہ ہی پیاسکی مارے
فرمایا فرات آج نظر آتی ہین تارے

یہہ پیاسکی شدت ہی کہ بولا نہین جاتا
بند دہن دلو ہی کہولا نہین جاتا

اک جرعہ ہمین اپنی سی گر آج پلادے
لبسی مری اسوقت جو لب اپنی ملادے
روح و دل زہرا و پیمبر کو جلادے
فاقہ مین غذا حیدر صفدر کو کہلادے

ای علقمہ مین پیاسا ہون کیون چین ہی تجہکو
دنیا سی مین اب جاتا ہون کیون چین ہی تجہکو

بابا جو مری پوچہینگی فردائی قیامت
کیا دیگی جواب اسکا بتا نہر پہ آفت
عباس ترے کرتا ہی کوثر پہ شکایت
پوچہینگی جو وہ حشر مین اس پیاسکی حالت

لازم ہی کہ کی مشک بھی اپنی سی دی تو
تحسین خُدا حشر کی دن مُزد مین لی تو

سیراب ہین اس آب سی کُوک سگ و دنیا
اور آل پیمبر کو ہی ساغر کی تمنا
صد حیف کہ پیاسی ہی وہ عبّاسّ کی شیدا
مین لب نہ لگاؤنگا بھی ای لب دریا

پیاسی کو تو سیراب کرون پہلی مین جا کر
کیا پاؤنگا اسوقت تجھی ہونٹھ لگا کر

یہہ کہکی بہرا دُولسی مشکیزہ وہ سارا
چلّائی لعین کرکی یہہ غازیکو اشارا
لُو جاتا ہی عبّاسّ علی پیاسکا مارا
اسوقت کرو بازوے شبّیر دو پارا

یہہ وقت ہی پھر ہاتھہ نہ آئیگا یہہ غازی
پائیگا نہ پھر کوئی بھی اس شیر کا تازی

ہان بادیہ پیمارہ کُفر و ضلالت
بس گھیر لو یہہ وقت ہی مشکل ہی حمایت

سب دیکھہ چکی ہین دلِ غازیکی شجاعت
لاکھونکو ہی اس پیاسمین اک مشک کفایت

کیا کرتی ہو بس ٹوٹ پڑو ضیغمِ دین پر
جمنی ندوا اسوقت اسی خانۂ زین پر

اس ایک صدا سے جو پہر الشکرِ بیدین
ہر سمت نظر آنی لگی خنجرِ پرکین
جان و جگرِ حیدرِ صفدر ہوا غمگین
اور بہول گئی اپنی لڑائیکا وہ آئین

اک شیر پہ روباہ صفت ٹوٹ پڑی تہی
باران ویم تیغ مین عباسؑ کہڑی تہی

پڑتی تہی کہین تیر کہین تیغ و سنان آہ
زخم تبر و تیر سی گہبرایا جو ذیجاہ
یہہ ابر مین ڈہالونکی کہڑی تہی صفت ماہ
قابو نہ چلا کوہ تہا یہہ سب صفتِ کاہ

جو کوہ ہو وہ کاہ نہ بیحال کریگا
سلطانِ زراعت کو نہ پامال کریگا

یہہ بی ادبی دیکہکی ششدر تہا وہ غازی | بہائی نہ لعینونکی اوسی دست درازی
زخمی ہوا تیرونسی جو گہوڑیپہ نمازی | تیورا گیا بس پیاس سی وہ شاہ حجازی
اک شامی نی تلوار جو بازو پہ لگائی
شانی سی وہ تا مرفقِ ضیغم اوتر آئی

اللہ رہی جرأت وہین مشکیزہ کو بدلا | دستِ چپ و نازک مین وہ مشکیزہ اوٹہایا
ضربِ یدِ بیدین سی ہوا وہ بہی دو پارا | دانتون مین پکڑ کر وہین مشکیزہ کو روکا
اک تیر لگا مشک پہ غربال ہوئی وہ
پانی تو بہا خون سی سب لال ہوئی وہ

فرمایا کہ افسوس سکینہ رہی پیاسی | جان اپنی عجب حسرت و ارمان سی نکلی
پیاسی رہی افسوس مری شاہ کی بیٹی | قسمت مین نہ تہا آب یہہ تقدیر ہماری
چلائی کہ یہہ فدیۂ صادق ہوا بہائی

اندازِ لعینان سے یہ دل دق ہوا بہائی

دَوڑو مری مولا کہ مجھے چوُر کیا ہے
اور تشنگی نے سینے پہ ناسور کیا ہے
زخموں سے تن و قلب کو معمور کیا ہے
تقدیر نے قدموں سے مجھے دور کیا ہے

جان میری فدائے شہِ ہوتی ہے بہائی
سمجھاؤ سکینہؑ جو مجھے روتی ہے بہائی

دارالالم و دارِ فنا ہم سے چھٹا اب
صد شکر کہ بر آئیں مُرادیں مری اب سب
مین فدیۂ شبیرؑ ہوں تھا اصل یہ مطلب
دَم رُکتا ہے غش آتی ہے اب حال ہے ہے بد

گر ایک نظر دیکھ لوں حسرت نہ رہے پھر
دیکھوں جو قدم کوئی مصیبت نہ رہے پھر

گوشِ شہِ والا مین ہم آواز جو پہنچی
وہ صوتِ حزین اور بد اندازہ جو پہنچی
آوازِ دلِ ہمدم و ہمراز جو پہنچی
وہ لحنِ بلا رخصتِ سرباز جو پہنچی

دو ہاتھو نسی تھا بنی کمر اوس شاہِ ہدا کی
اشک آنکھو نسی ٹپکا دئی محبوبِ خدا نی

چلائی کہ مین آتا ہون ہشیار رہو یا
اعدا سی یہہ فرمایا کہ ہر سی مرا غمخوار
دیکھا کہ ہی اکسمت عیان وہ مہِ نا چار
زخمی ہی بدن جان نہین جسم مین زنہار

پرواز کیا چاہتا ہی طائرِ جان آہ
دم توڑ رہا ہی سرِ مقتل وہ جوان آہ

خود ایکطرف ہاتھہ ہی تیر نہین ہیہات
دستانہ کہان دستِ قضا سی ہی ملاقات
سسکی ہی رمق باقی ہی کرتی نہین کچھہ بات
رونی لگی شبیر بہی یہہ دیکھکی حالات

فرمایا کہ ہم بہی ہین قرین ای مہِ تابان
شاباش ہی ای ضیغمِ دین ای مہِ تابان

گھوڑی پہ اوٹھا لاشکو لائی جو شہنشاہ
کہرام ہوا گھر مین بپا شاہ کی نخواہ

روتی تہین ادہر بیبیان اور شاہ بہی ہمراہ
چلاتی تہین کلثوم کہ افسوس ہے ایماہ

ہاتہونکو بتاؤ کہ کہا پر ہین نظر بند
افسوس موا نہر پہ حیدر کا یہہ فرزند

کہتی تہین سکینہ کہ مین قربان چچا جان
کسطرح کری چین ہمارا دل نالان
افسوس گئے دار بلا سی بہی ارمان
دل شق ہوا اس نحسبی انکہین ہوئین گریان

ہین ہاتہہ جدا دوش سے جان تنمین نہین ہے
سایہ ہی سر چرخ کا اور فرش زمین ہے

ای عم جری کیا ہوئی شوکت وہ تمہاری
کیا ہوگئی عباس محبت وہ تمہاری
ایماہ علی مٹ گئی صورت وہ تمہاری
افسوس کدہر کہو گئی جرأت وہ تمہاری

لب بند ہین آغشتہ ہی رخ خاک کی اندر
پہل تیر کا اوترا ہی دل چاک کی اندر

دامانِ قضا نی تہین چنگل مین چہپایا
آغوشِ لحد نی سرِ میدان ہی سلایا

ای ماہِ عرب چہرۂ پرخون کو دکہایا
کوہِ الم و یاس مری دل پہ گرایا

مرجاؤ نہین تم زندہ ہو ای مہرِ مدینہ
صدقی ہو رخِ صاف پہ یہہ جانِ سکینہ

طعنہ مجہی دیتی ہین بہو بہی جان نہایت
فرماتی ہین رو رو کی سنو کانسی حضرت

یہہ بہیر سکینہ ہوئی عباسکی حالت
جاتا جو نہ یہہ نہر پہ ہوتی نہ یہہ صورت

للہ بچاؤ مجہی طعنی سی بہو بہی کے
اعجاز دکہاؤ مجہی اس مرتبہ جی کے

ای مہرِ جہانتاب یہہ دیدی ہوئی اندہی
ای یوسفِ حیدر تجہی کسطرح یہہ ڈہونڈہی

اس رخکی بلائین یہہ بہتیجی بہی وزالے
تم پیار کر و یہہ تمہین تسلیم بجالے

دستِ طلب آب اوٹہائی ہون چچاجان

پانی کی ہین اُمید لگائی ہوئی سب جان

کبھی مرا مشکیزہ کہان چھوڑ دیا ہے
پیمانۂ اندوہ مری غمسی بھرا ہے
اوس مشک کا سوراخ لبِ غمسی سیا ہے
اس موتکی سوزن نے عجب کام کیا ہے

دل ٹکڑے ہی کیا اہلِ حرم روتی ہین عباس
بُولو ارے لوگو نہ ابھی سوتی ہین عباس

ہی ہی مری ضیغم مرے بابا کی علمدار
ہی ہی مری عمو شۂ ناچار کی غمخوار
تم فدیۂ شبیر ہوا ہی کُل کی مددگار
پانیکو تمہین بھیجکے روتی ہو شہِ ناچار

جان میری فدائی سرِ انور ہو تو بہتر
تن میرا نثارِ سرِ سرور ہو تو بہتر

دیکھو علی اکبر ہین کھڑے پہلو مین روتے
سجّاد بھی اشکونسی ہین رخسارونکو دہوتے
تخمِ الم و رنج ہین سب سینونپہ بوتے
بیچین ہین سب کاش تم اسوقت سوتے

بابا مری دیکھو وہ کمر پکڑی کہڑی ہین
اصغر سر گہوارہ او دہر غش مین پڑی ہین

ای میری دلاور تری شانی ہوئی ٹکڑی
ای بازوی شبّیر کدہر دست یہہ پہنچی

ای میری چچا ہاتہہ کہان کہوئی بتاوے
سر زخمی ہی تن پُر ہی کس جا لسی آئی

روتی ہین چچی جان سنبہالو انہین عبّاس
چاہ غم و غصّہ سی نکالو انہین عبّاس

عبّاس علی کسنی ہین یہہ تیر لگائی
بہالونکی جو انیان ہین وہ سب نک ہی جائی

پر تیرونکی بازوی ہُما پر ہین کہائی
الماس سی وہ ہاتہہ کہان چھوڑ کی آئی

چار آئینہ کسنی جا یہہ ہی حیرت زدہ دیکھی
خود و جہلم و تیغ مصیبت زدہ دیکھی

ای وای نہ مین جسم سکینہ کو نکل جا
ای چرخ برین جان حزین ہو گئی سُرما

ای نہرِ فرات آج مجہی کر دیا اندہا — شبیرہی اس دشت مصیبت مین تنہا

کونین کی بستی کو ڈبو یا مری عمو
عقل و ہوس و ہوش کو کہویا مری عمو

غش کر گئی سب اہلحرم پیٹ کے ہیہات — عباسؑ نی کی خلد مین باباسی ملاقات
اختر طپشِ غم سی ہر اک آنکہہ ہئی ساقت — روتا ہی قلم مونہہ سی نکلتی نہین بات

دامانِ علیؑ ہاتہہ مین محشر کو رہیگا
تحسین تجہی عیسیؑ فلک مونہہ سی کہیگا

## مرثیہ

گلشن کی صفت بلبلِ گلزار سی پوچہو — آنکہونکی ثنا نرگسِ بیمار سی پوچہو
تاریکی غمکو دلِ ناچار سی پوچہو — بیٹی کا الم حیدرِ کرار سی پوچہو

تسکین نہین ہوتی جسی وہ کونسا غم ہی

فرزند کی مرجانیکا وہ رنج والم ہی

بیٹی کی جدائیسی ہی کچھہ باپ ہی آگاہ
اولاد کا غم دی نہ کسی باپ کو اللہ
ابر الم و یاس مین پوشیدہ نہو ماہ
دنیا مین الگ تخت سی ہوئی نہ کوئی شاہ

فرزند کی ماتم مین گذر جانا ہی بہتر
اس زندگی سی دہر مین مرجانا ہی بہتر

فرزند وہ فرزند کہ مان جسپہ ہو قربان
جو بطن سی بانوئی جہانکی ہو نمایان
مہر نبوی کا ہو جو مہتاب درخشان
گلزار حسینی کا جو ہوئی گل خندان

غنچہ کیطرح آرزوئی دل نہ بر آئی
بی پہولی کلی دست ہوسمین اوترائی

یون تفرقہ پڑتا ہی ہی ہر ایک بشر پر
اک حال نہین رہتا کسی شی کا برابر
ہر چند مسافر بہی بہت ہوتی ہین بی گہر
مظلوم مسافر ہی مگر دلبر حیدر

حُبِّ وطن اولاد کا غم جان پہ ہی ہے
رخصت علی اکبر کی ادہر دلمین ٹہنی ہے

سمجھاتی ہین بانو کہ پسر کو کرو قربان
غم کہاتا ہی غم ن پیتا ہے ہر دم ہی ہراسان
راضی ہی وہ خود جانسی ہی عاشقِ سلطان
ہو فدیہ شہ ہی یہہ دل وجانسی ارمان

شہ کہتی ہین اولاد کا غم کم نہین بانو
اکبر نہین دُنیا مین تو پہر ہم نہین بانو

اولاد کا وہ غم ہی کہ روتی تہی ابراہیم
مین پیٹ مین والد کی کیا کرتا تہا تعظیم
ہر چند تہا خم خوفِ خداسی سرِ تسلیم
کرتی تہی سبق صبر و رضا کا مجہی تعلیم

پر نامِ شہادت جو ہین آجاتا تہا لب پہ
رو دیتی تہی بیساختہ خود حیدرِ صفدر

نانانی مری رنجسی آنسو ہین بہائی
اماں کی زبان پر کبہی یہہ ذکر نہ آئی

خود جانتی ہین پر نہ یہ فسانہ تبائی
ان کانونکو اسطرحکی قصّی نہ سُنائی

زندہ جو وہ ہوتین تو مجہی بہیجتین بن کو
ہرگز نہ لُٹاتین وہ بہری اپنی چمن کو

تُم کہتی ہو کس دلسی کہ اکبر کو رضا دون
پردہ بہی محبّت کا یکایک مین اوٹہا دون

کسطرح بہری دولت اولاد لُٹا دون
پر اس دل بیتابکو مین کونسن دوا دون

بیحال ہوا جاتا ہی دل نام پسر سی
اس دردکو پوچہو تو کلیجی سی پدر کی

دل چاہتا ہے سامنی آنکہونکی ہر دم
اسکو نہ ہو آفاقمین اک لحظہ کوئی غم

پہولی پہلی دنیا مین یہہ خوش و خرّم
غمگین نہ کری اسکو خداوند دو عالم

سہرا کہین اس چاند کی سر پہ نظر آئی
نوشاہ رُخ مہر منوّر نظر آئی

کی عرض یہہ بانو نی کہ ای سرورِ ذیجاہ
وارث یہہ سلامت ہے مطلب ہے یہی دلخواہ
بہتر نہین اس مہر سی دنیا مین کوئی ماہ
بہکی رہین تا عمر جہانمین جو ہون گمراہ
شوہر سی زیادہ نہین فرزند کی الفت
تمسی ہی ہوا کب مجہی دلبند کی الفت

اس شاہ سی ہی نام و نشان شہر مین باقی
اس راہ سی ہی قصر و مکان شہر مین باقی
اس ماہ سی ہی پیر و جوان شہر مین باقی
اس جاہ سی ہے تختِ شہان شہر مین باقی
اللہ نہ دکہلائی وہ دن چشمِ جہانکو
حق سایہ فگن رکہی اسی شاہِ شہانکو

یہہ ذکر تہا آئی جو وہان اکبرِ گلرو
مدہای خمیدہ تہی عیان چہری پہ ابرو
ہنیوڑائی ہوی سر کو کشادہ کئی گیسو
اور تنپہ مطیعِ شہِ عالم تہا ہراک مو
باحاشیہ تہی مصحفِ رخسار کی صورت

سبزہ تھا نمایاں خطِ گلزار کی صورت

ہاں اے قلمِ عطر فشاں دیکھنا ہشیار
لکھہ اوسکا سراپا کہ جو ہی گل کا مددگار
بیمثل خوش اقبال دلِ حیدرِ کرار
سوتا ہی عبث کھول ذرا دیدۂ بیدار

کون آتا ہی یہہ کسکی سراپا کا بیان ہے
گردون پہ خمیدہ قلمِ کاہکشان ہے

وہ آتا ہی جو ثانیِ یوسف ہے حسین ہے
وہ آتا ہی جو مہر رُخ و ماہ جبین ہے
لاثانی ہی یکتا ہی دلِ سرورِ دین ہے
خوش بخت ہے خوشرو ہی جہان زیرِ نگین ہی

شہزادۂ کونین دلِ مرتضوی ہے
پہر سے عیان رنگِ رخِ مصطفوی ہے

بی فرق وہ سر ہمسرِ کعبہ ہی سیہ پوش
یا جادۂ ظلمات مین لیلی ہوئی ہمدوش
یا ہی سپرِ فرق جہان شب سے ہم آغوش
یا چہرۂ کعبہ کا ہی یہہ فرق ہی اک گوش

یا شامِ اسیرانِ شہِ کرب و بلا ہی
یا پردۂ شب چشمۂ حیوانمین چھپا ہی

بالونکا یہہ عالم ہی کہ سنبل ہی پریشان
یا چشمۂ حیوانمین ہین امواج نمایان

یا عنبرِ خوشبو ہے ہر اک کاکل پیچان
یا چادرِ کعبہ کا ہوا چاک گریبان

یا تارِ نظر مشک کی کنگھی مین گوندہی ہین
یا دُودِ دلِ غمزدہ آندہی سی اوڑی ہین

جو کاسۂ سر ہی وہ سراسر ہی شبِ قدر
بالونسی نمایان ہی رُخِ ماہ پہ اک کدر

یا پردۂ ظلمات مین پوشیدہ ہوا بدر
صندوقِ امانت ہے و یا محکمۂ صدر

مغزِ سخنِ اہلِ جہان جامعِ قرآن
دورِ سرِ پُر نور ہی آئینۂ حیران

جو بہ جبین جبین ہی وہ نزاکت سی بہری ہے
جو موج ہی پیشانیِ انور کی پری ہے

یا صُبح ہی یا روئی چراغِ سحری ہے — یا شیر ہی آئینہ ہی شمسی قمری ہے

جو لہر ہی کوثر کی ہی جو چین ہی لبن ہی
الماس ہی بلّور ہی موتی ہی چمن سے ہے

پیشانئی پرنور پہ ہین صُبح کی آثار — یا مہرِ درخشان ہے یہان نصف نمودار
مہتاب ہی یا حلقۂ گیسو مین گرفتار — روشن ہی سرِ مہر پہ یا طالعِ بیدار

رُخسار کسی حور کا شب کو نظر آیا
یا چاند فلک پر سے زمین پر اوتر آیا

گوشِ ملکی گوشِ پُر انوار سے خم ہین — مسموع ہوا ہی کہ مہ و مہر بہم ہین
دو مُہرِ فرامینِ شہنشاہِ اُمم ہین — دو سکّۂ مشہورِ شہِ مہرِ حشم ہین

دو یکّۂ بازوئی نہنگانِ عرب تھے
دو حلقۂ مہتاب پر انوار عجب تھے

ہر گوشِ مبارک کی ہی لَو شمع کی تصویر
یا مہر مین ہی ماہ کی ضَو حُسن کی تحریر
ہر لَو مین ہی انوارِ خداداد کی تنویر
جو لَو ہی وہ اَلواح پہ ہی اک خطِ تقدیر

بُجھتی نہین جو لَو ہی چراغِ نبوی کے
گھٹتی نہین بڑہتی ہی ہر اک آرزو جی کے

ابروئی ہلالی ہین کمان و رُخِ شمشیر
خم ہو کی سمٹ آئی ہی یا حور کی تصویر
یا آئینۂ حُسن کی جوہر مین ہی زنجیر
یا زینۂ قصرِ ملکی رُخپہ ہی تحریر

یا شیبرِ شہ جن و بشر رُخپہ رقم ہے
یا لشکرِ مژگان کی لئی روئی علم ہی

آنکھین ورقِ مُصحفِ رُخسار کی جان ہے
تلوار و نکی سائیمین عیان روئی کمان ہے
یا حاشیۂ عارض قرآن پہ عیان ہے
آہو نگہہ و صید کنان شاہِ شہان ہے

آنکھین نہین دو چہرہ پہ بادام دہری ہین

دو دانۂ انبہ عسل خوش سی بہری ہین

پتلی کی تو اندازسی ہی غرق سفینہ
پہوٹا ہی انہین پتلیونسی لطف مدینہ

پتلی ہی کہ ہی مردم آبی کا خزینہ
نورہ وزر انداز ہی اور چاہ و دفینہ

ہر آنکہہ کی پتلی سی عیان صلّ علیٰ ہی
ہر پتلی نی انسانکو مذبوح کیا ہی

آنکہونکی بیاض اور سواد ای دل ہشیار
ہی صبح و مسا لیل و نہار رخ گلزار

یا مشک ختن ہی سر آئینہ نمودار
یا چین سی باہم ہی سواد رخ تاتار

یا عنبر اشہب ہی عیان روئی قمر پر
یا انجم حملتی ہین سر دور سپر پر

مژگانکی تو تعریف مین ہی تیغ زبان کند
ہر نوک سی پلکونکی ہی تلوار کی جان کند

شمشیر زمانہ کی ہوئی دو دہان کند
وہ باڑہ ہی جس سی ہوا پولاد جہان کند

نوکین نہین پلکونکی یہہ تیرونکی انی ہی
بیمثل یہہ تصویر رسول مدنی ہی

معروضۂ عارض ہی نسیم گل سبز
عکس رخ گلرنگ سی ہوتا ہی قمر سبز
ہر گلشن و گلزار کا کرتی ہی جگر سبز
دہشت سی ہی اس رخکی رخ چمن و بستان سبز

انداز رخ سرخ اوتارا نہین جاتا
گلگونۂ گلزار سنوارا نہین جاتا

ہونٹھونکا یہہ عالم ہی کہ دو حورین ہین باہم
جنبش کو سمجھہ جاتی ہین خود سینہ نی ہم
لبہای مبارک سی عیان ہوتا ہی ماتم
ذرہ بہی تبسم نہین رنجش کا ہی عالم

ہونٹھونکی صفت مین ہی زبان لال کیصورت
گویا ہی قلم جوہر خوش اقبال کیصورت

روئی ہین صافکی تشبیہہ ہی بیکار
موجود جو شی ہو نہ صفت اوسکی ہی دشوار

حیلہ ہی معمہ ہی نہان رمز ہی ہر بار ۔۔ ہان کہتی تو سوراخ دلِ سیدِ ابرار

سو کہا ہی دہن مشقِ یتیمی کی سبب سے
موتی ہی بدہا سوزنِ آفت کی غضب سے

دندانِ مبارک ہین کہ ہی سلکِ جواہر ۔۔ صدقی انہین دانتونپہ ہین لعل و دُر گوہر
الماس کی کنیان ہین جڑی روی قمر پر ۔۔ یا چرخِ نزاکت پہ چمکجاتی ہین اختر

دانتونکی لڑی رشتۂ انداز سی ضم ہی
بتیسی کی تعظیم کو ہر چرخ ہی خم ہی

گویا ہی زبان مونہہ مین کہ ہو موجِ ماہِ شیر ۔۔ تحریر سی بڑہکر ہی زبانکی کہین تقریر
مچہلی کیطرح پیاس سے ہوتی ہی وہ دلگیر ۔۔ بحرِ دہنِ شاہ کی موجین ہوئین تسطیر

سو کہی ہی زبان ماہیِ بی آبکی صورت
مونہہ مین ہی نمایان دلِ بیتابکی صورت

بینیِ مبارک ہی فرشتہ صفت حور
بینی نہین کہیئی اسی بینیِ سرِ طور

شیشی مین پڑا دونکی مالو نکو کیا چور
اس شعشعہ سی شمع کی لوکو سون ہی دور

انگشتِ شہادت ہی یہہ بینیِ مبارک
اک نور کی صورت ہی یہہ بینیِ مبارک

چاہِ ذقنِ اکبر و یہ چاہ ہی نخشب
ہی مہرِ شہادت کی ذقن بہی سرِ غبغب

اک ماہ وہان سحر کا یہان قدرتِ حق سب
مایوسی و حرمان کا ہی اس مہر مین مطلب

قیدی ہین زنخدانمین ہی دل مہوشونکی
افسر ہین بہت ائین ہنسی کجکلہون کے

معمورِ نہایت مئی عرفان سی گلا ہی
یا دستِ حقیقی مین سرِ طور دبا ہی

یا شیشۂ الماس سرِ طاق رکہا ہی
یا مہر ہی یا ماہ ہی یا نورِ خدا ہی

یا روی جواہر و یا رنگ گہر ہی

مہتاب ہی سوُرج ہی ثُریا ہی قمر ہی

ہر دوش مدوّر ہی سر گردۂ مہتاب
گلرنگ و ضیا بیز گُہر ریز خوش آب

آئینی کا دل چاک ہی سوُرج کا جگر آب
ثانی نہین و حورین ہین انکا بھی ہمخواب

دو نور کی بُکّی سر افلاک سے کھینچے ہین
دو خوشۂ خوش تاب سرِ تاک ہی کھینچی ہین

گردنکو کہون شیشۂ عرفان الٰہی
دریای دُرخشا نہین شناکرتی ہی ماہی

ماہی ہی و جو پیاس سی واقف ہی کماہی
تسکین و توقف کہان ہی صبر بہی راہی

شیشی مین پری بند ہی یا گردن خوش ہی
شہد و لبن و قند ہی یا گردن خوش ہی

بیمثل قفا و بدن صاف ہی نایاب
آئینی کی ہی پشت و یا ہی رخ مہتاب

یا مہر ہی یا ماہ ہی یا نور کا گرداب
حورونکی جگر ہوتی ہین اس تاب سی بیتاب

یہہ پشت مبارک ہی و یا روپی کی ہی
تارہ ہی ستارہ ہی یہ چراغ سحری ہی

بازو کی تو تعریف مین ہیریکا گہنا مُول
کیامُول تھا کیامُول تھا کیامُول تھا کیا مُول
یوسف کا ہی بازار مین ایسا نہوا مول
حورین بھی چکا کر تھکین ہرگز نہ بنا مول

یہان قیمت خلد ایکطرف ایکطرف تھی
اسپر بھی اولٹ دیتا ہی سب حورونکی صف تھی

ہین کہنیان ایسی کہ چمکتی ہین گل تر
یا صبح کو ہوتا ہے طلوع شہ خاور
شاخ شجر خلد مین مرفق ہین منور
یہ ہیلی ہی تباشیر سحر روئی بدن پر

وہ کہنیان ایسی ہین کہ قیمت مین بڑی ہین
